جوابات طلباء خود کریں۔

درج ذیل پیراگراف کو بغور مطالعہ کیجئے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے۔

## ارنسٹ رینان: قوم (Nation) کیا ہے؟

فرانسیسی فلسفی ارنسٹ رینان (92-1823) نے 1882 میں یونیورسٹی آف سوزبون میں ایک لکچر کے دوران بتایا کہ ان کی فہم کے مطابق قوم کی تشکیل کس طرح ہوتی ہے۔ بعد میں یہ لکچر، قوم کیا ہے؟ کے عنوان سے طبع ہوا۔ اس مضمون میں رینان نے دوسروں کے اس خیال کو غلط بتایا کہ قوم کا مطلب ایک مشترکہ زبان، نسل، مذہب اور

خطۂ ارض ہے۔''ایک قوم عرصے تک کی گئی دوڑ دھوپ جدوجہد، قربانیوں اور جاں نثاریوں کے طویل ماضی کا نقطۂ عروج ہے۔ایک مایہ ناز ماضی، عظیم افراد اور جلال وشکوہ وہ معاشرتی سرمایہ ہے جس پر قومیت کے تصور کی یہ اساس ہوتی ہے۔

ماضی کے باہمی کارنامے، حال میں مشترک ارادے اور امنگیں، بڑے بڑے کاموں کی مشترکہ جدوجہد، کچھ اور کرنے کی تمنا، ایک قوم ہونے کی بنیادی شرائط ہیں۔ لہٰذا ایک قوم دراصل وسیع پیمانے پر ایک دوسرے کو جوڑنے والا اتحاد ہے۔ اور اس کی بقا و وجود روزانہ کا استصواب (Plebirtie) ہے۔اس کا قلمرو اس کے باشندے ہیں اور صلاح مشورے کا حق صرف رہنے والوں کو ہے۔ایک قوم کسی دوسرے ملک کو اس کی مرضی کے خلاف اپنے میں ضم کرنے کی کوئی خواہش نہیں رکھتی۔قوموں کا وجود ایک اچھی بات ہے بلکہ ضروری ہے۔قوموں کا وجود آزادی کی ضمانت ہے۔اگر دنیا میں ایک آقا اور ایک ہی قانون ہو تو یہ آزادی ختم ہو جائے گی۔

1. ارنسٹ رینان کو تھا؟
2. ارنسٹ رینان کے تحت قوم کا کیا رول ہے؟
3. آزادی کو قائم رکھنے کے لیے قوم کا کیا رول ہے؟
4. قوم کی اپنی لفظوں میں تعریف کیجیے۔

# باب – 2

# نیشنلزم ہندوستان میں

1. 1857 میں پہلی جنگ آزادی
1870 بنکم چندر کے ذریعے وندے ماترم گیت لکھنا
1885 میں انڈین نیشنل کانگریس کا ممبئی میں قیام اور ومیش چندر بنرجی کانگریس کے پہلے صدر۔

2. 1906 میں آغا خاں اور نواب سمیع اللہ نے مسلم لیگ کا قیام کیا
1905 میں رویندر ناتھ ٹیگور نے بھارت ماتا کی تصویر بنائی
لارڈ کرزن نے 1905 میں بنگال کے بٹوارے کی تجویز پیش کی

3. 1907 میں کانگریس کا بٹوارہ نرم دل اور گرم دل میں
1911 میں دلّی دربار کا قیام دلی دربار میں بنگال کے بٹوارے کو رد کیا گیا

4. 1915 میں مہاتما گاندھی کی ہندوستان میں آمد
1914 میں پہلی عالمی جنگ کی شروعات
دلی دربار میں راجدھانی کلکتہ سے دلّی ٹرانسفر کی گئی

5. 1916 میں مہاتما گاندھی نے نیل کی کھیتی کی مخالفت میں چمپارن میں ستیہ گرہ کی شروعات کی
1917 میں مہاتما گاندھی نے گجرات کے کھیڑا ضلع کے کسانو کے لئے ستیہ گرہ کی
1918 میں مہاتما گاندھی نے گجرات کے احمد آباد میں سوتی کپڑا مل کے کاریگروں کے لئے ستیہ گرہ کی،

6. 1918 میں پہلی عالمی جنگ کا خاتمہ
انگریزی حکومت نے ہندوستانیوں کی اپنی حکومت کی مانگ کو ٹھکرایا انگریزی حکومت نے ہندوستانیوں پر رولٹ ایکٹ جیسا کالا قانون دیا۔

7. مہاتما گاندھی نے عدم تعاون کی تحریک کی شروعات
1916 میں خلافت تحریک کی شروعات محمد علی شوکت علی نے کی
13 اپریل 1917 میں جلیان والا باغ کا قتل عام ہوا۔

8. 1922 میں چوری چورا میں ہوئے تشدّد کے بعد مہاتما گاندھی نے عدم تعاون کی تحریک واپس لی

9. 9 اگست 1925 کو کاکوری میں انقلابیوں نے انگریزی خزانہ لے جارہی ٹرین کو لوٹ لیا

10. 1928 میں سائمن کمیشن بھارت آیا جس کی مخالفت کرتے ہوئے لالہ لاجپت رائے کی موت ہوئی

11. 8 اپریل 1929 بھگت سنگھ اور بیٹوکیشودت نے اسمبلی حال پر بم پھینکے

12. 12 مارچ 1930 کو مہاتما گاندھی نے سابرمتی آشرم سے ڈانڈی مارچ شروع کیا

13. 23 مارچ 1931 کو بھگت سنگھ، سکھدیو، اور راج گرو کو پھانسی دے دی گئی۔

14. 1931 گاندھی ارون سمجھوتہ اور سولِ نافرمانی کی تحریک کی واپسی

15. 1931 میں مہاتما گاندھی کی دوسری گول میز کانفرنس میں حصہ لیا لیکن وہ وہاں سے خالی ہاتھ لوٹ

16. 1932 میں مہاتما گاندھی اور ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے بیچ پونا سمجھوتہ ہوا

17. 1933 میں چودھری رحمت علی نے سب سے پہلے پاکستان کا خیال سامنے رکھا

18. 1935 میں ہندوستانی حکومت کا قانون پاس ہوا اور ریاستی حکومتوں کا بننا شروع ہوا۔

19. 1939 میں دوسری عالمی جنگ شروع

20. 1940 میں مسلم لیگ کے لاہور کے اجلاس میں پاکستان کی مانگ پاس کی گئی

21. 1942 میں بھارت چھوڑو تحریک کی شروعات اور گاندھی جی نے کرو یا مرو کا نعرہ دیا

22. 1945 میں امریکہ نے جاپان پر ائم بم گرایا اور دوسری عالمی جنگ کا خاتمہ

23. 1946 میں کیبنٹ مشن آئین ساز اسمبلی کے ساتھ ہندوستان آیا۔

## (15 اگست 1947 کو ہندوستان کو آزادی)

کچھ دلچسپ حقیقت:۔

1. جب ہندوستان آزاد ہوا تب انگلینڈ کے وزیر اعظم کلائی منٹ اٹلی تھے۔
2. سبھاش چندر بوس نے دلّی چلو اور تم مجھے خون دو میں تمہیں آزادی دوں گا'' کا نعرہ دیا۔
3. بال گنگا دھر تلک نے ''سورج میرا پیدائشی حق ہے اور میں اسے لیکر رہوں گا'' کا نعرہ دیا۔
4. چندر شیکھر آزاد نے اب بھی جس کا خون نہ کھولے خون نہیں وہ پانی ہے'' کا نعرہ دیا۔
5. رام پرساد بسمل نے''سرفروشی کی تمنّا اب ہمارے دل میں ہے۔ دیکھنا ہے زور کتنا بازوئے قاتل میں ہے کا نعرہ دیا۔
6. بھگت سنگھ نے ''انقلاب زندہ باد'' کا نعرہ دیا۔
7. پنڈت مدن موہن مالویہ نے ستیہ مئے جیتے'' کا نعرہ دیا۔

## پہلی جنگ عظیم خلافت اور عدم تعاون

— جنگ نے ایک نئی اقتصادی اور سیاسی صورت حال پیدا کردی

— دفاع کے اخراجات میں زبردست اضافہ

— کسٹم ڈیوٹیز بڑھادی گئیں اور آمدنیوں پر ٹیکس لگائے گئے

— جنگ کے دوران اشیا کی قیمتوں میں اضافہ 1913 اور 1919 کے درمیان تقریباً دوگنی ہوگئیں۔

— 1920-21 میں ہندوستان کے بہت سے حصّوں میں فصلیں خراب ہوئیں، قدرتی طور پر کھانے کی اشیاء کی زبردست قلت ہوئی۔

— انفلوئنزا کی وبا پھیلی 1921 کی مردم شماری کے مطابق 12 سے 13 ملین لوگ قحط اور وبا کی نذر ہوگئے۔

## ستیہ گرہ کا خیال

— ستیہ گرہ کا خیال سچ کی قوت اور سچ کی تلاش پر زور دیتا تھا۔

— اس کے مطابق اگر مقصد سچّا ہے اگر جدوجہد ناانصافی کے خلاف ہے تو جابر سے لڑنے کے لئے جسمانی طاقت ضروری نہیں ہوتی۔

— انتقام کے جذبے اور جارح ہوئے بغیر ایک ستیہ گرہی عدم تشدد کے ذریعے جنگ جیت سکتا ہے۔

## رولٹ ایکٹ

— 1919 رولٹ ایکٹ کے خلاف ملک گیر پیمانے پر ستیہ گرہ شروع ہوئی۔ یہ بل ہندوستانی اراکین کی مخالت کے باوجود امپیریل لیجسلیٹو کونسل میں انتہائی تیزی سے پاس کر دیا۔

— اس بل نے سیاسی سرگرمیوں کو روکنےکے لیے حکومت کو بے انتہا اختیارات دیے۔

— سیاسی قیدیوں کو بغیر مقدمہ چلائے دو سال تک حراست میں رکھنے کی اجازت دے دی۔

— 6 اپریل کو مہاتما گاندھی نے اس نامنصفانہ قوانین کے خلاف غیر متشدد سوِل نافرمانی سے کرنا چاہی۔

## جلیاں والا باغ کا قتل عام

— 13 اپریل 1919 کو جلیاں والا باغ کا بدنام زمانہ واقعہ ہوا۔

— ایک میلے میں شرکت کرنے کے لیے اس دن دیہاتیوں کا ایک جمِ غفیر آیا تھا اور جلیاں والا باغ کے چہار دیواری سے گھرے ہوئے احاطے میں اکھٹا تھا۔

— شہر سے باہر ہونے کی وجہ سے مارشل لا کے نافذ سے یہ لوگ ناواقف تھے۔

— جنرل ڈائر احاطے میں داخل ہوا نکلنے کے راستوں کو روک دیا اور لوگوں پر گولیاں چلانا شروع کر دیں۔ ہزاروں لوگ مارے گئے اور کئی ہزار لوگ زخمی ہوئے۔

— جنرل ڈائر کا مقصد ستیہ گروہوں کے دماغوں میں خوف اور ڈر پیدا کرنا تھا۔

## خلافت تحریک

— پہلی جنگ عظیم عثمانی ترکی کی شکست کے ساتھ ختم ہوئی تھی اور افواہیں گرم تھیں کہ ایک بڑا سخت امن

معاہدہ عثمانی شہنشاہ (جو عالم اسلام کے خلیفہ بھی ہیں) مسلّط کیا جائے گا۔

— خلیفہ کے دنیاوی اختیارات کے تحفظ و دفاع کے لئے مارچ 1919 میں بمبئی میں ایک خلافت کمیٹی تشکیل دی۔

— محمد علی اور شوکت علی جیسے مسلم لیڈروں کی نوجوان نسل نے اس مسئلے پر کسی متحدہ عوامی ایکشن کے امکانات پر غور کرنے کے لئے مہاتما گاندھی سے بات چیت شروع کی۔

— مہاتما گاندھی نے اسے مسلمانوں کو ایک متحدہ قومی تحریک کی چھتر چھایا میں لانے کی ایک موقع کی طرف دیکھا۔

— 1920 میں کلکتہ میں ہونے والے کانگریس سیشن میں انھوں نے خلاجفت اور سوراج کی حمایت کی۔

**عدم تعاون کی تحریک جنوری 1921 سے فروری 1922**

- شراب کی دوکانوں کی Picketing شہروں میں مڈل کلاس اور کسانوں اور قبائلوں نے بائیکاٹ
- ستمبر 1920 کلکتہ کا سیشن<br>دسمبر 1920 ناگپور کا سیشن
- حکومت کے دیے ہوئے القاب کی واپسی سِول سروس فوج پولیس، عدالتوں، بحاس قانون ساز اسکول اور بدیسی سامان کا بائیکاٹ
- کسانوں کی تحریک نے لگان میں کمی<br>بیگار کی منسوخی اور ظالم زمین دار کا بائیکاٹ<br>Gudern باغیوں نے پولیس تھانوں پر حملے کئے<br>سوراج کے لئے گوریلا جنگ
- ہندوستان میں برطانوی راج ہندوستان کے تعاون سے قائم ہوا تھا اور اسی کے سہارے وہ باقی ہے۔
- 1922 فروری چوری چورا میں پولیس کے ساتھ متشدد مقابلے میں بدل گیا اس حادثے کے بارے میں سنتے ہی مہاتما گاندھی نے عدم تعاون کی تحریک واپس لی


## سول نافرمانی کی طرف

- فروری 1922 میں مہاتما گاندھی نے عدم تعاونکی تحریک واپس لینے کا فیصلہ کیا۔
- خود کانگریس میں کچھ لیڈر اب عوامی جدوجہد کے پروگراموں سے تھک سے گئے تھے اور ان صوبائی کونسلوں کے انتخابات میں حصہ لینا چاہتے تھے۔

- سی آر داس اور موتی لال نہرو نے کونسل کے اندر برطانوی پالیسیوں کی مخالفت کی۔
- کساد بازاری کا اثر۔ زرعی قیمتیں 1926 میں گرنا شروع ہوئیں۔
- 1930 آتے آتے دیہات ہلچل اور افراتفری کے شکار ہو گئے۔
- 1927 میں برطانیہ کی ٹوڈی حکومت نے سر جان سائمن کی سربراہی میں ایک اسٹیچوری کمیشن بنایا۔
- 1928 جب سائمن کمیشن ہندوستان پہنچا تو اس کا استقبال ''سائمن واپس جاؤ'' کے نعرے سے ہوا۔
- وائسرے لارڈ ارون نے اکتوبر 1929 کو ہندوستان کو ڈومین اسٹیٹس کا درجہ دیا جانے اور مستقل کے آئین پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے ایک گول میز کانفرنس کی پیش کش کی۔

## 1929 کے لاہور کے اجلاس میں

- کانگریس کے اندر انقلابی، جواہر لال نہرو اور سبھاش چندر بوس کی قیادت میں اور زیادہ مضر اور پُرعزم ہو گئے۔
- 1929 میں لاہور کے کانگریس نے پورن سوراج (مکمل آزادی) کے مطالبے کو باقاعدہ شکل دے دی۔
- اعلان کیا گیا 26 جنوری 1930 کا دِن یومِ آزادی کی حیثیت سے منایا جائے گا۔




## نمک مارچ اور سوِل نافرمانی تحریک

- 31 جنوری 1930 کو گاندھی جی نے وائسرائے لارڈ ارون کو ایک خط بھیجا تھا جس میں انھوں نے 11 مطالبات لکھے تھے۔

- کچھ مطالبات صنعت کاروں سے لے کر کاشتکاروں تک مختلف طبقات کے مطالبات تھے۔
- سب سے زیادہ چونکا دینے والا مطالبہ نمک پر سے ٹیکس ہٹانے کا تھا۔
- وائسرائے لارڈن اِروِن بات چیت کرنے کے خواہش مند نہیں تھے۔
- مہاتما گاندھی نے 78 اپنے رضا کاروں کے ساتھ اپنا مشہور ڈانڈی مارچ شروع کیا 12 مارچ 1930 کو۔
- 6 / اپریل 1930 کو نمک بنا کر نمک کا قانون توڑا، انھوں نے قانون کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سمندر کے پانی کو اُبال کر نمک بنایا۔
- سِوِل نافرمانی کی تحریک کا یہ آغاز تھا۔

سول نافرمانی کی تحریک
6/اپریل 1930 کو شروع ہوئی
دوبارہ 1932 اور 1934 کو ختم ہوئی

- بدیسی کپڑے کا بائیکاٹ ہوا، شراب کی دوکانوں پر دھرنے دیے گئے، کسانوں نے لگان اور چوکیداری ٹیکس دینے سے انکار کیا۔
- نوآبادیاتی حکومت نے کانگریسی لیڈروں کو گرفتار کرنا شروع کیا، گاندھی جی اور خان عبدالغفار خان گرفتار کر لیے گئے۔
- عورتوں اور بچوں کو مارا پیٹا گیا، تقریباً ایک لاکھ لوگ گرفتار کیے گئے۔
- صنعتی مزدوروں نے پولیس چوکیوں، عمارتوں اور ریلوے اسٹیشنوں پر حملے کیے، حکومت نے وحشیانہ ظلم و جبر کی پالیسی اپنائی۔

## سول نافرمانی کی حدود

- سوراج کے تجریدی تصور سے سارے سماجی گروپ متاثر نہیں ہوتے تھے۔
- 1930 کے بعد سے اپنے آپ کو دلِت یا مظلوم Appressed کہنا شروع کر دیا تھا۔
- ہندو نیشنلسٹ اور ہندو مہا سبھا کانگریس کے نزدیک نظر آتی۔

| | | |
|---|---|---|
| تاریخ اور ادب عوامی حکایتوں، لوک گیتوں مقبول عام تصویروں اور عوامی علامتوں نے بھی قوم پرستی کی تشکیل میں حصہ لیا۔ | بھارت ماتا کی شبیہہ سب سے پہلے بنکم چندر چٹوپادھیا نے دی تھی۔ | 1870 میں مادر وطن کے لیے گیت وندے ماترم لکھا۔ یہ گیت بنگال کے سودیشی تحریک میں خوب گایا گیا۔ |

## ایک نمبر والے سوالات

1. رولٹ ایکٹ کب پاس ہوا۔

(a) 1912 (b) 1914

(c) 1919 (d) 1920

2. پہلی عالمی جنگ کب شروع ہوئی۔

(a) 1910 (b) 1914

(c) 1917 (d) 1919

3. ہندوستان میں مہاتما گاندھی نے پہلا ستیہ گرہ کہاں چلایا۔

(a) چمپارن (b) کھیڑا

(c) دلّی (d) کلکتہ

4. ''ہندسوراج'' کتاب کے مصنف کون ہیں۔

(a) پنڈت جواہرلعل نہرو (b) سردار ولبھ بھائی پٹیل

(c) مہاتما گاندھی (d) بابا رام چندر

5. دلت طبقہ Assocation کا قیام کس نے کیا؟

(a) بابا رام چندر (b) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

(c) جواہرلعل نہرو (d) شوکت علی

6. کس حادثے کے بعد گاندھی جی نے عدم تعاون کی تحریک واپس لی۔

(a) جلیان والا قتل عام
(b) رولٹ ایکٹ
(c) چوری چورا
(d) ڈانڈی مارچ

7. الّوری سیتا رام چاجو کے بارے میں کونسی بات درست نہیں ہے۔

(a) انہوں نے آندھرا پردیش میں گوڈیم پہاڑیوں میں قبائلیوں کی رہنمائی کی۔
(b) انہوں نے لوگوں کو کھادی پہننے اور شراب چھوڑنے کے لئے محرک کیا۔
(c) وہ سوراج حاصل کرنے کے لئے گوریلہ جنگ کرتے تھے۔
(d) سبھی باتیں درست ہیں۔

8. مسلم لیگ کا قیام کس نے کیا؟

(a) شوکت علی
(b) محمد علی
(c) دونوں
(d) دونوں میں سے کوئی نہیں

9. Discovery of India نام کتاب کے مصنف کون ہیں۔

(a) پنڈت جواہر لعل نہرو
(b) بھیم راؤ امبیڈکر
(c) مہاتما گاندھی
(d) بابا رام چندر

10. خالی جگہ پر کرو

کانگریس نے ...................... اجلاس میں مکمل آزادی کی مانگ کی۔

11. خالی جگہ پر کرو

1885 میں کانگریس کے قیام کے پہلے صدر...................... تھے۔

12. خالی جگہ پر کرو

مسلم لیگ کا قیام...................... میں ہوا۔

13. خالی جگہ پر کرو

1919 میں شوکت علی اور محمد علی نے ......................تحریک کی شروعات کی۔

.14 خالی جگہ پر کرو

سول نافرمانی کی تحریک ......................میں واپس لی گئی۔

.15 درج ذیل بات کو صحیح کر کے لکھئے:

13 اپریل 1920 کو جلیان والا باغ کا قتل عام ہوا۔

.16 بھارت ماتا کی پہلی تصویر کس نے بنائی۔

(a) رویندر ناتھ ٹیگور (b) بنکم چندر

(c) جواہر لال نہرو (d) فیڈرک سورلو

.17 وندے ماترم گیت کس نے لکھا۔

(a) ٹیگور (b) سروجنی نائیڈو

(c) بنکم چندر (d) کوئی نہیں

.18 انڈین نیشنل کانگریس کا قیام کب عمل میں آیا۔

(a) 1885 (b) 1886 (c) 1888

.19 کس کی رہنمائی میں اودھ کسان سبھا کا قیام عمل میں آیا۔

(a) الوری سیتا رام (b) بابا رام چندر

(c) ٹیگور (d) ان میں سے کوئی نہیں

.20 دوسری گول میز کانفرنس کا قیام کب عمل میں آیا۔

(a) 1931 (b) 1932 (c) 1933 (d) 1934

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات:

1. 1919
2. 1914
3. چمپارن
4. مہاتما گاندھی
5. بھیم راؤ امبیڈکر
6. چوری چورا
7. سبھی بیان درست ہیں
8. اوپر دیئے دونوں
9. پنڈت جواہر لعل نہرو
10. 1929 لاہور کا اجلاس
11. ومیش چندر بنرجی
12. 1906
13. خلافت تحریک
14. 1931
15. 13 اپریل 1919
16. (a) رویندر ناتھ ٹیگور
17. (c) نبکم چندر
18. (a) 1885
19. (b) بابا رام چندر
20. (a) 1931

## مختصر /طویل جواب والے سوالات(3/5نمبر)

1۔ عدم تعاون کی تحریک شروع کیے جانے کی کیا وجوہات تھیں؟ اس تحریک میں سماج کے مختلف طبقوں کی حصہ داری پر روشنی ڈالیے۔

2۔ خلافت تحریک کوشروع کرنے کی اہم وجوہات کیا تھیں؟ ہندوستانی قوم پرستی تحریک میں اس کا کیا رول تھا؟

3۔ سول نافرمانی کی تحریک کے تئیں لوگوں اور نوآبادیاتی حکومت نے کس طرح اقدام کیے اور کن حالات میں گاندھی جی سوال نافرمانی کی تحریک واپس لینے کا فیصلہ کیا؟

4۔ سرگرم سیاست میں حصہ لینے سے پہلے گاندھی جی نے کن کن جگہوں پر ستیہ گرہ تحریکیں شروع کی اور ان کے شروع ہونے کی کیا وجوہات تھیں؟

5۔ پہلی عالمی جنگ نے ایک نئی معاشی اور سیاسی حالات پیدا کر دیے۔ تجزیہ کیجیے۔

6۔ گاندھی جی کی نمک مارچ کئی وجوہات سے اہمیت کی حامل تھی۔ تجزیہ کیجیے۔

7۔ ہندوستان میں قومیت کے تصور کو ابھرنے میں کن باتوں کا رول تھا؟ قومیت کے تصور کا دنیا پر کیا اثر پڑا؟

8۔ آسام میں باغان مزدوروں کے لیے آزادی کا تصور کیا تھا؟

9۔ ہندوستانیوں نے سائمن کمیشن کی مخالفت کیوں کی؟

10۔ ہندوستانیوں نے رولٹ ایکٹ کی مخالفت کیوں کی؟

11۔ گاندھی-اِروِن معاہدہ کی خصوصیات بتایئے۔

12۔ ہندوستان کے لوگ رولٹ ایکٹ کے خلاف کیوں تھے؟

13۔ 1916 کے لکھنؤ سمجھوتے کی کیا اہمیت تھی؟

14۔ ستیہ گرہ کے نظریہ کا کیا مطلب تھا؟

15۔ الّوری سیتارام راجو کون تھے؟ عدم تعاون کی تحریک میں ان کا کردار بیان کیجیے۔

16۔ سول نافرمانی کی تحریک میں عورتوں کی شمولیت کا ذکر کیجیے۔

17۔ مہاتما گاندھی نے قومیت کولیکر باغان مزدوروں کے اپنے الگ خیالات تھے۔

18۔ انہوں نے اس میں کس طرح کا رول ادا کیا۔ ہندوستان میں قومیت کے تصور کو ابھرنے میں مختلف تہذیبی تحریکوں نے کس طرح اثر ڈالا۔

19۔ سوراج حاصل کرنے کے لئے سماج کے سبھی طبقے کے لوگ اثر انداز نہیں تھے سول نافرمانی کی تحریک کے نظر میں اس قوم کی وضاحت کیجئے۔

## 3/5نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ — پہلی عالمی جنگ کے خاتمے پر انگریزوں کے ذریعے ہندوستانی عوام کا استحصال

— انگریزوں کے ذریعے سوراج دینے سے مکر جانا

— رولٹ ایکٹ کا پاس کر دینا

— جلیاں والا باغ کا قتل عام

— کلکتہ کے کانگریس کے اجلاس میں 1920 عدم تعاون کی تحریک کو چلانے کے لیے اکثریت کی حمایت

**عدم تعاون میں مختلف گروہوں کی حصہ داری**

— شہروں میں تحریکیں

— گاؤں میں بغاوتیں شروع ہوئیں

— آدی واسیوں میں انگریزوں کے خلاف بغاوتیں شروع ہوئیں

— باغانوں میں سوراج

**عدم تعاون کی تحریک کو کئی دورمیں بانٹا گیا:**

— پہلے دور میں سرکاری عہدے، نوکریوں، فوجوں اور پولس، اسکولوں اور طالب علموں کا انگریزوں سے بائیکاٹ، اپنے عہدوں اور اسکول کا بائیکاٹ اور ودیسی مال کا بائیکاٹ

— دوسرے دور میں بڑے پیمانے پر سول نافرمانی کی تحریک شروع ہوئی اور اس عدم تعاون کی تحریک کا خاتمہ گاندھی جی کے ذریعے چوری چورا میں ہوئی تشدد کے حادثہ کی وجہ سے

2۔ — ترکی سلطنت (خلیفہ) کی انگریزوں کے ذریعے تحقیر

— لکھنؤ معاہدہ(1916) کے بعد کانگریس کے ساتھ مسلم لیگ کا معاہدہ

— کانگریس کے ذریعے عدم تعاون کی تحریک اور مسلمانوں کے ذریعے خلافت تحریک چلانا

— اس سے ہندوؤں اور مسلمانوں میں قومی ایکتا ہوئی اور قومی تحریک کو اور قوت ملی

3۔ — لوگوں نے سرکاری قانون کو ماننے سے انکار کرنا شروع کر دیا

— تحریک کو دبانے کے لیے حکومت نے سختی کی اور ہزاروں لوگوں کو جیل میں ڈال دیا

— گاندھی جی کو قید کر لیا گیا اور عوام اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے لگے

4۔ — 1916 میں چمپارن ستیہ گرہ۔ نیل کی کھیتی کرنے والوں کی حمایت مین

— کھیڑہ ستیہ گرہ 1917 کسانوں کو لگان میں چھوٹ دلوانے کے لیے

— احمد آباد میں مل مزدوروں کی ہڑتال 1918 میں

5۔ — پہلی عالمی جنگ کے بعد مکمل آزادی کی مانگ دینے کی بات کو منع کر دیا

— معاشی حالت ابتر ہوئی اور گاؤں میں مزدور، ہاتھ کے کاریگر سبھی بے روزگار ہو گئے

— پہلی عالمی جنگ کے بعد قومیت کے جذبات ابھرنے لگے، لوگ انگریزوں کے ظالمانہ رویے کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے۔

6۔ — انگریزی حکومت نے نمک جیسی معمولی چیز پر نمک ٹیکس لگا دیا جو سب سے بڑی بات تھی

— گاندھی جی کے ذریعے اپنے آشرم سابرمتی سے 78 والینٹر کے ساتھ نمک مارچ کی شروعات اور عام آدمی کا اس تحریک سے جوڑنا

— نمک بنا کر نمک قانون کا توڑنا۔ مظاہرے اور دھرنے، بدیسی کپڑے کا بائیکاٹ، شراب کی دکانوں کی پکٹنگ

— کسانوں کا لگان دینے سے انکار اور چوکیداری ٹیکس دینے سے انکار

— انگریزوں کے ذریعے ظالمانہ رویہ اختیار کرنا، بڑے بڑے لیڈروں کو جیل میں ڈالنا، اس سے حکومت کی گرفت ڈھیلی پڑی

7۔ — تاریخ اور ادب، عوامی حکایتوں اور لوک گیتوں، مقبول عام تصویروں اور عوامی علامتوں نے بھی قوم پرستی کی تشکیل وتعمیر میں حصہ لیا۔

— بھارت ماتا خاموش اور پرسکون شکل میں

— قوم پرستی کا خیال ہندوستانی لوک کتھاؤں کی تجدید کی تحریک سے بھی پیدا ہوا

— ماں کی اس شبیہ سے عقیدت آدمی کو قوم پرستی کی گواہی بن گئی

— 1870 میں بنکم چندر چٹو پادھیائے نے بندے ماترم گیت لکھا اور یہ بنگال میں سودیشی تحریک میں بہت گایا گیا

8۔ — جب انھوں نے عدم تعاون کی بات سنی تو ہزارون مزدوروں نے باغوں میں کام کرنے سے انکار کردیا

— چائے کے باغات چھوڑ کر وہ اپنے گھروں کو جانے لگے

— ان کا خیال تھا کہ گاندھی جی کا راج آ گیا ہے اور اب ہر شخص کو گاؤں میں زمین ملے گی

9۔ برطانیہ کی ٹوڈی حکومت نے سر جان سائمن کی سربراہی میں ایک اسٹیچوری کمیشن بنایا اور اس کا کام ہندوستان کے آئینی نظام کی کارکردگی کو دیکھنا تھا اور مناسب تبدیلیاں تجویز کرنا تھیں۔ ہندوستانیوں نے اس کا بائیکاٹ اس لیے کیا کیونکہ اس میں ایک بھی ہندوستانی ممبر نہیں تھا اور تمام اراکین برطانوی تھے۔ اس لیے جہاں بھی یہ کمیشن گیا اس کی مخالفت کالے جھنڈوں سے اور 'سائمن واپس جاؤ' کے نعروں سے اس کا استقبال ہوا۔

10۔ — رالٹ ایکٹ (1919) ایک کالا قانون تھا۔ یہ بل ہندوستانی اراکین کی مخالفت کے باوجود امپیریل لیجسلیٹو کونسل میں تیزی سے پاس کردیا گیا۔

— اس بل نے سیاسی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے حکومت کو بے انتہا اختیارات دیے تھے

— سیاسی قیدیوں کو بغیر مقدمہ چلائے دو سال تک حراست میں رکھنے کی دے دی تھی

— گاندھی جی نے اس غیر منصفانہ قوانین کے خلاف غیر متشدد سول نافرمانی کرنا چاہی

— اس بل کو لے کر مختلف شہروں میں عوامی ریلیاں ہوئیں اور بڑے پیمانے پر اس کی مخالفت ہوئی

11۔ — 5 مئی 1931 میں گاندھی ارون معاہدہ

— سول نافرمانی کی تحریک کو منسوخ کر دیا جائے

— پولس کے ذریعے کیے گئے مظالم کی غیر جانبدارانہ جانچ کی جائے

— نمک پر لگائے گئے تمام ٹیکس ہٹائے جائیں

12۔ — اس بار عوام نے صرف انگریزوں کی مدد کرنے کے بجائے ان کے قانون ماننے سے انکار دیا

— ملک کے مختلف حصوں میں ہزاروں لاکھوں لوگوں نے نمک بنا کر نمک قانون توڑا اور سرکاری نمک بنانے کے کارخانوں کے سامنے مظاہرے کیے

— ودیشی مال کا بائیکاٹ کیا جانے لگا

— کسانوں نے لگان اور چوکیداری ٹیکس ادا کرنے سے انکار کر دیا

— جنگلوں میں رہنے والے آدی واسیوں نے جنگلوں کے قانون کو توڑنا شروع کر دیا

13۔ — کانگریس کے اعتدال پسند اور انتہا پسند گروہوں کا ایک پلیٹ فارم پر آنا

— کانگریس اور مسلم لیگ کے درمیان معاہدہ

— دونوں نے متحد ہو کر اپنے مطالبات کو لے کر انگریزوں کا سامنا کیا

— بال گنگا دھر تلک کا اس میں اہم تعاون رہا

14۔ — ستیہ گرہ کا خیال سچ کی قوت اور سچ کی تلاش پر زور دیتا ہے

— اگر جدوجہد ناانصافی کے خلاف ہے تو جابر سے لڑنے کے لیے جسمانی طاقت ضروری نہیں ہوتی

— ایک ستیہ گرہی عدم تشدد کے ذریعے جنگ جیت سکتا ہے

— تشدد کو استعمال کر کے سچ منوانے پر مجبور کرنے کے بجائے انھیں سچائی دیکھنے پر مائل کرنا ہوگا

15۔ — الوّری سیتا رام راجو نے آندھرا پردیش کی گڈیم پہاڑیوں کے قبائلی کسانوں کی رہنمائی کی

— یہ ایک دلچسپ شخصیت تھے۔ انھیں فلکیات کا علم حاصل تھا

— لوگوں کا ماننا تھا کہ ان کے پاس ایک ایسی روحانی طاقت ہے جس سے وہ لوگوں کو صحت یاب کر سکتے ہیں

— وہ گاندھی جی کے مداح تھے

— انھوں نے لوگوں سے کھادی پہننے اور شراب چھوڑنے کی اپیل کی

— انھوں نے تشدد کے ذریعے اپنے مطالبات کو منوانے پر زور دیا

— 1924 کو الوّری سیتا رام راجو کو پھانسی پر لٹکا دیا

16۔ (i) سول نافرمانی تحریک کا ایک اہم پہلو اس میں بڑی تعداد میں عورتوں کی شمولیت تھی۔ نمک ستیہ گرہ کے دوران ہزاروں عورتیں گاندھی جی کو سننے کے لیے گھروں سے باہر نکلیں۔

(ii) انھوں نے احتجاجی جلوسوں میں شرکت کی۔ نمک بنایا اور بدیسی کپڑے کی دوکانوں اور شراب کی دوکانوں پر دھرنے دیئے بہت سی عورتیں جیل گئیں۔

(iii) شہری علاقوں میں یہ عورتیں اونچی ذات کے خاندانوں کی تھیں۔ دیہی علاقوں میں یہ امیر کسانوں کے گھروں سے آئی تھیں۔

(iv) گاندھی جی کی اپیل سے متاثر ہو کر انھوں نے قوم کی خدمت کو عورتوں کے ایک مقدس فریضے کی طرح دیکھا۔

17۔ سوراج کو لیکر باغان مزدوروں کے اپنے الگ الگ نظریات تھے۔

(i) باغانوں میں آزادانہ طور پر گھومنا

(ii) اپنے گھر جانے کی آزادی

(iii) انہوں نے باغان مالکوں کے حکم کو ماننے سے انکار کیا۔

(iv) سب کو زمین پر مالکانہ حق ملے گا۔

18۔ تاریخ اور ادب، عوامی حکایتوں، اور لوک گیتوں، قبول عام۔

(i) تصویروں اور عوامی علامتوں نے بھی قوم پرستی کی تشکیل وتعمیر میں حصہ لیا۔

(ii) بھارت ماتا کی خاموش اور پرسکون شکل میں

(iii) قوم پرستی کا خیال ہندوستانی لوک کتھاؤں کی تجدید کی تحریک سے بھی پیدا ہوا۔

19۔ (i) مختلف فہرست ذات اور درج فہرست قبائلیوں لوگ دلت طبقے کی ایسوسی ایشن سے جڑے رہے۔

(ii) مختلف سیاسی لیڈروں نے ان لوگوں کے لئے ریزرویشن کی مانگ کررہے تھے۔

(iii) مختلف مسلم قائدین پہلے ہی اپنی پریشانی ظاہر کرچکے تھے۔

(iv) ان کے دل ودماغ میں اپنے خیالات کے کچلے جانے کا خوف تھا۔

## معروضی سوالات

26. **جوڑے ملایئے:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | ہند سوراج | (a) | عدم تعاون کی تحریک واپس لی |
| (ii) | چوری چورا | (b) | سی.آر.داس اور موتی لعل نہرو |
| (iii) | سوراج پارٹی | (c) | مہاتما گاندھی |
| (iv) | رولٹ ایکٹ | (d) | پہلی جنگ عظیم کے بعد |

27. درج ذیل خالی جگہ کو پُر کیجئے:

سول نافرمانی کی تحریک پشاور میں __________ کی نگرانی میں چلی۔

28. درج ذیل کالم کو ملایئے:

| | کالم A | کالم B |
|---|---|---|
| (a) | بابا چندر | Guderm Hill |

(b) بنکم چندر — زمینداروں کی مخالفت تحریک

(c) الّوری سیتا رام راجو — جواہر لعل نہرو

(d) اودھ کسان سبھا — آنند مٹھ

29. کس نے ترنگے جھنڈے کا ڈیزائن بنایا؟

(a) مہاتما گاندھی

(b) جواہر لعل نہرو

(c) موتی لعل نہرو

(d) رام پرساد بسمل

30. Picket لفظ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(a) بدیسی کپڑوں اور چیزوں کا بائیکاٹ

(b) دوکانوں پر جانے سے روکنا

(c) چیزوں کی حمایت

(d) کسی دوکان یہ فیکٹری یا آفس میں داخلے کا راستہ روکنا

31. کس نے کہا ''کہ اگر چھوت چھات کو ختم نہیں کیا گیا تو سو سال تک بھی سوراج حاصل نہیں ہوسکتا۔''

(a) موتی لعل نہرو

(b) سبھاش چندر بوس

(c) مہاتما گاندھی

(d) بی آر امبیڈکر

32. مندرجہ ذیل دو بیان دیئے گئے ہیں ان میں ایک دعویٰ (A) اور دوسری وجہ (R) ہے ان بیانوں کو پڑھکر نیچے دیے گئے متبادل میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے :

دعویٰ (A): 1917 میں گجرات کے کھیڑا ضلع میں کسانوں کی مدد کرنے کے لیے گاندھی جی نے ستیہ گرہ کا انتظام کیا۔

(R): فصل کی خرابی اور طاعون کی وجہ سے گھیڑا کے کسان لگان ادا نہیں کر سکے تھے اور وہ لگان جمع کرانے میں بھی کچھ نرمی برتے جانے کا مطالبہ کر رہے تھے۔

(a) دعویٰ A اور (R) وجہ صحیح اور (A)(R) کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا ہے۔

(c) (A) غلط ہے اور (R) صحیح ہے۔

(d) (A) صحیح ہے اور (R) غلط ہے۔

صحیح اور غلط بتائیے:

34. بابا رام چندر نے عدم تعاون کی تحریک کی رہنمائی کی۔ ( ✓ )

35. الّوری سیتارام راجو نے (Gudern Hill) میں ایک عسکری گوریلا تحریک چلائی۔ ( ✓ )

36. درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیا گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

رولٹ ستیہ گرہ ارچہ خاصی پھیلی ہوئی تحریک تھی مگر پھر بھی یہ ابھی زیادہ تر چند شہروں اور قصبوں تک محدود تھی۔ اب مہاتما گاندھی نے ہندوستان میں ایک زیادہ متنوع اور وسیع بنیادوں پر ایک تحریک کی ضرورت کو محسوس کیا۔ مگر ان کو اس بات کا یقین تھا کہ ایسی کوئی بھی تحریک ہندوؤں اور مسلمانوں کو ایک دوسرے سے قریب لائے بغیر منظّم نہیں کی جاسکتی ہے۔ ایسا کرنے کا انھوں نے سوچا، کہ ایک طریقہ خلافت تحریک کو اپنا لینا ہے۔ پہلی جنگ عظیم عثمانی ترکی کی شکست کے ساتھ ختم ہوئی تھی۔ اور افواہیں گرم تھیں کہ ایک بڑا سخت امن معاہدہ عثمانی شہنشاہ (جو عالم اسلام کے خلیفہ بھی ہیں) مسلط کیا جائے گا۔ خلیفہ کے دنیاوی اختیارات کے تحفظ و دفاع کے لیے مارچ 1919 میں بمبئ میں ایک خلافت کمیٹی تشکیل دی گئی۔ محمد علی اور شوکت علی جیسے مسلم لیڈروں کی نوجوان نسل نے اس مسئلے پر کسی متحدہ عوامی ایکشن کے امکانات پر غور کرنے کے لیے مہاتما گاندھی سے گفت شنید شروع کی۔ مہاتما گاندھی نے اسے مسلمانوں کو ایک متحدہ قومی تحریک کی چھتر چھایا میں لانے کے ایک موقع کی طرف دیکھا۔ ستمبر 1920 میں کلکتے

میں ہونے والے کانگریس سیشن میں انھوں نے خلافت اور سوراج کی حمایت کے لیے ایک غیر متشدد تحریک شروع کرنے کی ضرورت پر دوسرے لیڈروں کو راضی کرلیا۔

(i) گاندھی جی نے عدم تعاون کی تحریک 1920 اس لئے شروع کی کیونکہ

(a) وہ انگریزی حکومت کو سبق سکھانا چاہتے تھے

(b) وہ آزادی کی شروعات کرنا چاہتے تھے

(c) وہ چاہتے تھے کہ ہندو مسلم اس تحریک کے ذریعے ساتھ آجائیں

(ii) رولٹ ستیہ گرہ اگرچہ خاصہ پھیلی تحریک تھی مگر بھی یہ ابھی زیادہ تر چند شہروں اور قصبوں تک محدود تھی

(a) رولٹ ستیہ گرہ چند شہروں اور قصبوں تک محدود تھی

(b) اس میں صرف پڑھے لکھے لوگ شامل تھے

(c) اس میں انھوں نے مسلمانوں کے لیے الگ ملک کی مانگ کی

(d) وہ اپنی طاقت دکھانا چاہتے تھے

(iii) عدم تعاون کی تحریک کا کیا مقصد تھا؟

(a) انھوں نے سوچا کہ ایک طریقہ خلافت تحریک کو اپنا لینا چاہیے

(b) اس سے ہندو مسلم قریب آئے

(c) آزادی چاہتے تھے انگریزی حکومت سے

(d) ان میں سے کوئی نہیں

45. خلافت کمیٹی مارچ میں کیوں تشکیل دی گئی؟

(i) سوراج اور خلافت کی حمایت کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی

(ii) ہندو مسلم کو قریب لانے کے لئے

(iii) ہندوستان کو آزاد کرانے کے لئے

(iv) ان میں سے کوئی نہیں

46. درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

عہد یومِ آزادی، 26 جنوری 1930

''ہم سمجھتے ہیں کہ دوسرے تمام لوگوں کی طرح، ہندوستانی عوام کو بھی آزادی کا حق ہے، اپنی محنت کے پھلوں سے لطف اندوز ہونے اور ضروریات زندگی کی تکمیل کا حق ہے۔ تاکہ انھیں فروغ و ترقی کے تمام مواقع میسر ہوں۔ ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ کوئی حکومت اگر اپنے عوام کو ان حقوق سے محروم رکھتی ہے اور انھیں دباتی ہے تو ان عوام کو اس کا بھی حق ہے کہ وہ اسے بدل دیں یا پھر ختم کر دیں۔ برطانوی حکومت نے ہندوستان میں، ہندوستانی عوام کو نہ صرف آزادی سے محروم کیا ہے بلکہ اس نے عام آدمی کے استحصال پر اپنی بنیاد رکھی ہے اور ہندوستان کو اقتصادی، سیاسی، ثقافتی اور روحانی طور پر تباہ کر دیا ہے۔ اسی لیے ہندوستان کو برطانیہ سے اپنے رشتے کو توڑ لینا چاہیے اور پورن سوراج یا مکمل آزادی حاصل کرنا چاہیے۔''

(i) کس کی لیڈرشپ میں یومِ آزادی کا عہد لیا گیا۔

(a) سبھاش چندر بوس

(b) مہاتما گاندھی

(c) جواہر لعل نہرو

(d) موتی لعل نہرو

(ii) اس عہد یوم آزادی کا انگریزی حکومت پر کیا اثر پڑا؟

(iii) 26 جنوری 1930 کے کانگریس سیشن میں کیا اہم فیصلہ لیا گیا؟

(a) 26 جنوری کا دن یومِ آزادی کے دن کے طور پر منایا جائیگا

(b) قوم کا یادگار دن

(c) عدم تعاون کی تحریک شروع کرنے کا دن

(d) ان میں سے کوئی نہیں


(iv) انگریزوں نے ہمیں کس طرح تباہ و برباد کر دیا ہے بتایئے۔


جوابات: (i) (c) جواہر لعل نہرو

(ii) • طلباء خود کریں

(iii) (a) 26 جنوری کا دن یومِ آزادی کے دن کے طور پر منایا جائیگا

(iv) طلباء خود کریں




INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer

# باب – 3

# ایک عالمگیر دنیا کا بننا

| | |
|---|---|
| **جدید دور سے پہلے** | 1. عالمگیر دنیا کا بننا ایک طویل تاریخ ہے۔ پرانے زمانے سے سیاح، تاجر، مذہبی رہنما اور زائرین نے بڑے بڑے فاصلے طے کئے ہیں۔<br>2. یہ لوگ اپنے ساتھ سامان بھی لیکر چلے۔ روپیہ اقدار مہارتیں، نظریات وخیالات، ایجادات حتّٰی کہ جراثیم اور بیماریوں نے بھی ان کے ساتھ سفر کیا۔<br>3. غذائیں طویل فاصلوں کے تہذیبی لین دین کی بہت سی مثالیں پیش کرتی ہیں۔ تاجر اور سیاح نے نئ فصلوں کو متعارف کرایا۔<br>4. اسپگیٹی اور نوڈلس چین سے مغرب میں پہنچے اور اسپگیٹی کا نام پایا۔<br>5. عرب سیاح پاستاPasta کو پانچویں صدی کے سلی (ایک جزیزہ جو اب اٹلی میں ہے) میں لے گئے۔<br>6. یوروپی ملاحوں نے ایشیا کے لئے ایک بحری راستہ دریافت کیا اور امریکہ کی کھوج کی۔<br>7. فتوحات کے ساتھ چیچک جیسے امراض ساتھ لائے۔ |
| **انیسویں صدی1815 سے1914 تک** | – انیسویں صدی میں دنیا بے پناہ بدل گئی ،اقتصادی، سیاسی،سماجی وثقافتی اورٹکنا لوجی عوامل نے سماج کوتبدیل کیا۔<br>– روس اور امریکہ نے کھانے کی چیزوں کو بڑھاوادیا۔<br>– برطانیہ میں کارن لا کولاگو کرنے اوراس کے بعد ہٹانا<br>– نئ ٹکنالوجی کا آنا، ریلوے بھاپ سے چلنے والے جہاز ٹیلی گراف اور اچھے قسم کی ہندوستانی کپاس کی درآمدگی۔<br>– جنگوں کے درمیانی مدت میں اقتصادی حالت دونوں عالمی جنگ کے درمیان |

| | |
|---|---|
| <u>**دونوں عالمی جنگوں کے درمیان**</u> | – پہلی عالمی جنگ نے امریکہ کو قرضدار کے بجائے قرض دینے والا بنادیا۔<br>– برطانیہ کو قرض کے بوجھ نے دبادیا گیہوں کی پیداوار یوروپ میں گھٹی پر کنڈا امریکہ۔آسٹریلیا میں بڑے پیمانے پر پیداوار ہوئی۔<br>– 1929 میں امریکہ میں عظیم کساد بازاری کا دورشروع ہوا<br>– ہندوستان سونے کا برآمد بن گیا<br>– ہندوستانی شہروں میں صنعتیں بڑھیں۔ |
| <u>**دوسری عالمی جنگ کے بعد کی دنیا**</u> | – امریکہ اور سوویت روس کا عالمی طاقت کے طور پر ابھرنا<br>– بریٹن ووڈس ادارے کا قیام<br>– I.M.F اور عالمی بینک کا قیام<br>– نوآبادیوں کا خاتمہ اور افریقی اور ایشیائی ممالک کا آزاد ہونا<br>– 1960 کی دہائی تک ڈالر کی قیمت کمزور پڑنا<br>– G77 منظم کرنا جس نے کئی بین الاقوامی معاشی پالیسی کا قیام عمل میں آیا۔<br>– بریٹن ووڈس کا اختتام اور گلوبلائزیشن کا آغاز |

## <u>یادرکھنے لائق نکات:</u>

1۔ ریشمی راستے (Silk Routes) (پہلی صدی عیسوی سے پندرہویں صدی عیسوی تک): یہ راستے ایشیا کو یورپ اور شمالی افریقہ کے ساتھ ساتھ دنیا کو زمین اور سمندری راستوں سے جوڑتے ہیں۔

2۔ ''کارن لا'' وہ قانون ہے جس کے سہارے حکومت نے مکّا (مکئی) درآمدات پر پابندی لگادی تھی۔ یہ انگلینڈ ملک نے لگائی تھی۔

3۔ مویشیوں کا پلیگ (Rinder Pest): پلیگ کی طرح پھیلنے والی مویشیوں کی بیماری تھی۔ یہ بیماری 1890 کی دہائی میں افریقہ میں بہت تیزی سے پھیلی۔

4۔ ''برٹین ووڈس'' ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں واقع ایک ہوٹل کا نام ہے۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد اس ہوٹل میں بین الاقوامی اقتصادی نظام سے متعلق ایک کانفرنس کا انعقاد کیا گیا اس کانفرنس کو ہی برٹین

ووڈس معاہدہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

5۔ اشیا کا بہاؤ: انگریزی دورحکومت کے دوران گیہوں، سوتی، اونی اور ریشمی کپڑوں کا بہاؤ ہندوستان سے انگلینڈ میں ہوتا تھا۔

6۔ مزدوروں کا بہاؤ: ہندوستان کے مزدور انگلینڈ کے مزدوروں سے کم اجرت پر دستیاب تھے۔ اس لئے انگریز انھیں چائے، کافی، نیل اور تمباکو کے باغات میں کام کرنے کے لئے انگلینڈ لے جاتے تھے۔

7۔ حوسے: جنوبی امریکہ کے ایک ملک ترینیداد میں محرم کے سالانہ جلوس کو عوامی تفریح کا ایک موقع بنادیا۔ (حوسے امام حسین کی رعایت کا نام)

8۔ G-77 ترقی پذیر ممالک کا گروپ جنھوں نے اقتصادی ترقی کے لئے آواز بلند کی۔

9۔ ویٹو: اس حق کے سہارے ایک ہی ممبر کی ناراضگی کسی بھی مسودے کو خارج کرنے کی بنیاد بن جاتا ہے۔

10۔ درآمداتی محصول (Tariff): کسی دوسرے ملک سے آنے والی اشیا پر وصول کیا جانے والا ٹیکس۔

11۔ شرح مبادلہ: بین الاقوامی تجارتی سہولیات کے لئے مختلف ممالک کی کرنسیوں کو ایک دوسرے سے جوڑا جاتا ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1. انیسویں صدی کی شروعات میں انگلینڈ کو کپاس کے کپڑے برآمد میں گراوٹ کی وجہ

(a) برطانیہ میں کپاس کی درآمد پر (Tariff) محصول لاگو کرنا

(b) سوتی کپڑے کی کوالٹی خراب تھی

(c) ہندوستان میں کچے کپاس کی کمی

(d) کپاس پیداوار کرنے والوں کو دوسرے خریدار ملے تھے

2. یورپ میں پہلی عالمی جنگ کے دوران عورتوں نے نوکریوں میں قدم رکھا

(a) کیوکہ مرد لڑائی پر گئے تھے

(b) کیوں کہ مرد نوکریوں کی تلاش میں دوسرے ممالک میں گئے تھے

(c) سماج میں عورتوں کے لیبر کی وجہ تھی

(d) کیوں کہ مردوں نے گھریلو کام کا بوجھ اٹھانے کا فیصلہ کیا تھا

.3 پہلی عالمی جنگ میں درج ذیل میں سے کس نے حصہ نہیں لیا تھا؟

(a) پرتگال

(b) جرمنی

(c) فرانس

(d) انگلینڈ

.4 آٹوموبائل (گاڑیاں) بنانے کے لئے کس نے اسمبلی لائن کے طریقے کو اپنایا؟

(a) ٹی کریلا

(b) ہنری فورڈ

(c) سموِل میسرس

(d) کرسٹوفر کولمبس

.5 19 ویں صدی میں ہزاروں لوگ امریکہ کے لئے یورپ سے بھاگ گئے؟

(a) غریبی اور خطرناک بیماریوں کی وجہ سے

(b) قدرتی آفات کی وجہ سے

(c) ممالک کے بیچ جنگوں کی وجہ سے

(d) پلیگ جیسی خطرناک بیماری کی وجہ سے

.6 امریکہ کی کھوج کس نے کی تھی؟

(a) واسکوڈی گاما

(b) کرسٹوفر کولمبس

(c) عبدالرزاق

(d) ڈی گاما پالیس

7. درج ذیل میں کس ملک میں کارن لا۔لاگو کیا گیا تھا۔

(a) امریکہ

(b) فرانس

(c) اسپین

(d) برطانیہ

8. Rastafarianism کا باغی مذہب کس معروف نغمہ کار نے شہرت بخشی۔

(a) باب مارلے

(b) مائکل جیکسن

(c) ایلٹن جان

(d) بابا سہگل

9. درج ذیل میں سے کون سا ملک روٹ کے بارے میں صحیح بیان نہیں ہے۔

I۔ یہ چین کو یورپ کے بازاروں تک جوڑتا ہے۔

II۔ چینی ریشم اس راستے سے تجارت تھا۔

III۔ چینی ریشم کی یورپ میں بھاری مانگ تھی۔

A۔ صرف II

B۔ صرف I اور II

C۔ سبھی I، II اور III

D۔ صرف III

10. کس نظام کو ''غلامی کا ایک نیا نظام'' بھی کہا جاتا ہے۔

(a) ہوسو

(b) Rastafarianism

(c) گرمیٹیا

(d) برٹین وڈس سمجھوتہ

11. درج ذیل میں سے کون سا ملک پہلی عالمی جنگ میں محوری طاقتوں کی طرف سے لڑا تھا۔

(a) برطانیہ

(b) فرانس

(c) اٹلی

(d) امریکہ

12. نیچے دیے گئے سوال میں بیان (A) اور وجہ (R) دی گئی ہے کوڈ کے مطابق اپنے جوابات دیجیے:

دعویٰ(A) ترینیداد اور گویانا کا مقبول چٹنی میوزک بھی بندھوا مزدوری کی تجربے کے بعد کا ایک دوسرا معاصر تخلیقی اظہار تھا۔

وجہ(R) ناتی پال کے بعض ابتدائی ناولوں میں بیگانگی اور زیاں کے اساس کی عکاسی ملتی ہے۔

**متبادل :**

(i) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں اور (R)، (A) کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(ii) (A) اور R دونوں صحیح ہیں لیکن (R)، (A) کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(iii) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے

(iv) (A) غلط ہے لیکن (R) صحیح ہے۔

13. (A) سولہویں صدی کے بیچ پرتگالی اور اسپینی کاروائیاں بڑے پختیٰ انداز میں شروع ہو چکی تھیں۔

(R) اسپینی فاتحین کا سب سے زیادہ طاقتور ہتھیار ایٹم بم تھا۔

**متبادل :**

(i) (A) اور (R) دونوں بیان صحیح ہیں (R)، (A) کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(ii) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R)، (A) کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا ہے۔

(iii) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے۔

(iv) (A) غلط ہے لیکن (R) صحیح ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات کے جوابات

1. برطانیہ میں کپاس کی درآمد پر ٹیریف لگانا

2. کیونکہ مرد لڑائی میں گئے تھے۔

3. پرتگال

4. ہینری فورڈ

5. غریبی اور خطرناک بیماریاں

6. کرسٹوفر کولمبس

7. برطانیہ

8. باب مارلے

9. (i)

10. (c) گرمیٹیا

11. اٹلی

12. (iii)

13. (iii)

## مختصر/ طویل جواب والے سوالات (3/5 نمبر والے سوالات)

1۔ ''امریکہ جانے والے نئے سمندری راستوں کی کھوج کے بعد دنیا میں تبدیلیاں رونما ہوئیں'' کوئی تین مثالیں دے کر واضح کیجیے۔

2۔ 19 ویں صدی میں ہزاروں لوگوں کی یورپ سے بھاگ کر امریکہ جانے کی کیا وجوہات تھیں؟

3۔ سوتی کپڑے کی صنعت کاری کے برطانیہ میں کیا اثرات مرتب ہوئے؟

4۔ یورپین لوگوں کا افریقہ کی طرف مائل ہونے کی اہم وجوہات کیا تھیں؟

5۔ اضافی تجارت سے کیا مراد ہے؟ ہندوستان کے ساتھ برطانیہ اضافی تجارت کی حالت میں کیوں رہا؟

6۔ برطانوی معیشت پر پہلی عالمی جنگ کے کیا اثرات پڑے؟

7۔ معاشی بحران کی وجوہات کو بیان کیجیے۔

8۔ ہندوستانی معیشت پر معاشی بحران کے اثرات کو واضح کیجیے۔

9۔ 19 ویں صدی کے معاہدے نظام کو 'غلاموں کے نئے نظام' کی شکل میں پیش کیا ہے' مناسب مثالیں دیجیے۔

10۔ عالم کاری سے کیا مراد ہے؟ بین الاقوامی معاشی مبادلہ میں تین قسم کے بہاؤ کا تذکرہ کیجیے۔

11۔ 'برٹن ووڈس سمجھوتے کا کیا مطلب ہے؟

12۔ افیم جنگ کا کیا مطلب ہے؟ چین پر افیم جنگ کے اثرات کا ذکر کیجیے۔

13۔ یوروپین لوگوں کو افریقہ کے تئیں دلچسپی کی کیا وجوہات تھیں۔

14۔ تجارت میں اضافے اور بازار میں پھیلاؤ ہونے کے ساتھ ساتھ 19 ویں صدی کی اس کڑی کا حصہ اندھرا پردیس بھی تھا؟

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) آلو کا استعمال شروع کرنے پر یورپ کے غریبوں کی زندگی میں تبدیلیاں آئیں۔ ان کی غذا بہتر ہوگئی اور اوسط عمر میں بھی اضافہ ہونے لگا۔

(ii) غلاموں کی تجارت شروع ہوگئی۔

(iii) یورپ میں مذہبی ٹکراؤ ہوتے رہتے تھے اس لئے ہزاروں لوگ یورپ سے بھاگ کر امریکہ چلے گئے۔

2۔ (i) ''کارن لا'' کے خاتمہ کے بعد کم قیمتوں پر اشیا کی درآمد

(ii) مہلک بیماریوں کا پھیلنا

(iii) مذہبی ٹکراؤ

3۔ (i) درآمدی ٹیکس کی وجہ سے برطانیہ میں ہندوستانی کپاس کی درآمد میں بہت تیزی سے کمی آئی۔

(ii) ہندوستانی کپڑوں کا عالمی بازاروں میں مقابلہ آرائی کا سامنا کرنا پڑا۔

(iii) تیار کپڑوں کی درآمد میں کمی آنے کے بعد برطانوی صنعت کاروں نے بہت ہی کم قیمتوں پر ہندوستان سے کپاس کی درآمد شروع کردی۔

4۔ (i) افریقہ میں معدنیاتی ذخائر کا بہت زیادہ ہونا

(ii) یورپین لوگ افریقہ میں باغاتی کھیتی اور کان کنی کرنا چاہتے تھے تاکہ انھیں یورپ بھیجا جاسکے۔

(iii) افریقہ میں صنعتی انقلاب نہیں آیا تھا۔

(iv) افریقہ فوجی طاقت میں بھی پچھڑا ہوا تھا۔

5۔ (i) جب برآمداتی قیمت درآمداتی قیمت سے زیادہ ہوتی ہے تو اسے اضافی تجارت کہا جاتا ہے۔

(ii) 19 ویں صدی میں ہندوستانی بازاروں میں برطانیہ کے تیار مال کی بھرمار ہوگئی تھی۔ ہندوستان سے برطانیہ اور باقی دنیا کو بھیجے جانے والی غذائی اشیا اور کچے مال کی درآمد میں اضافہ ہوا۔

(iii) لیکن جو مال ہندوستان بھیجا جاتا تھا اس کی قیمت زیادہ ہوتی تھی اور جو ہندوستان سے انگلینڈ بھیجا جاتا تھا اس کی قیمت بہت کم ہوتی تھی۔ اس لئے برطانیہ ہمیشہ اضافی تجارت کی حالت میں رہتا تھا۔

6۔ (i) جنگ کے بعد ہندوستانی بازاروں میں اپنے وقار کو قائم رکھنا برطانیہ کے لئے دشوار ہوگیا۔

(ii) برطانیہ کو اب عالمی سطح پر جاپان سے بھی مقابلہ کرنا تھا۔

(iii) امریکہ سے لئے گئے قرض کی وجہ سے برطانیہ جنگ کے بعد بہت زیادہ غیر ملکی قرض میں ڈوب گیا۔

(iv) جنگ کی وجہ سے آیا اقتصادی اچھال جب گرنے لگا تو پیداوار میں کمی آئی اور بے روزگاری بڑھنے لگی۔

(v) اس وجہ سے حکومت نے جنگی خرچ میں کمی شروع کردی تاکہ اس کے دوران ٹیکسوں کے سہارے اس کا ازالہ ہوسکے۔ان کوششوں سے روزگار میں بہت زیادہ کمی آئی۔

7۔ (i) معاشی بحران کی ابتدا1929 میں ہوئی اور یہ بحران تقریباً تین دہائیوں تک رہا۔اس دوران دنیا کے زیادہ تر حصوں میں پیداوار، روزگار، آمدنی اور تجارت میں بہت زیادہ گراوٹ درج کی گئی۔

(ii) جنگ کے بعد عالمی معیشت بہت کمزور ہوگئی تھی۔قیمتیں گریں تو کسانوں کی آمدنی میں کمی آئی اور آمدنی بڑھانے کے لئے کسان زیادہ مقدار میں پیداوار کرنے لگے۔

(iii) بہت سے ممالک نے اپنی سرمایہ کاری سے متعلق ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے امریکہ سے قرض لیا۔

(iv) امریکی سرمایہ داروں نے بحران کو دیکھتے ہوئے یورپین ممالک کو قرض دینا بند کردیا۔

(v) ہزاروں کی تعداد میں بینک دیوالیہ ہوگئے۔

8۔ (i) 1928 سے 1934 کے درمیان ملک کی درآمدات اور برآمدات گھٹ کر تقریباً آدھی رہ گئی۔

(ii) عالمی بازار میں قیمتیں گرنے سے ہندوستان میں گیہوں کی قیمتوں میں 50 فی صد کی کمی آ گئی۔

(iii) شہری باشندوں کے مقابلے کاشتکاروں کو زیادہ نقصان ہوا۔

(iv) بحران ہندوستانی شہری باشندوں اور معیشت کے لئے بھی نقصاندہ رہا۔

(v) 1931 میں بحران اپنی بلندیوں پر تھا جس کی وجہ سے دیہی ہندوستان بے اطمینانی اور اتھل پتھل کے دور سے گزر رہا تھا۔

9۔ (i) ایجنٹ مزدوروں کو ورغلانے کے لئے جھوٹی معلومات دیتے تھے۔

(ii) ایجنٹوں کے ذریعے مزدوروں کو یرغمال بھی بنالیا جاتا تھا۔

(iii) نئ جگہ کی زندگی اور کام کے حالات بہت زیادہ تکلیف دہ تھے۔

(iv) تنخواہ بہت کم تھی، کام صحیح نہ ہونے کی بنا پر تنخواہ کاٹ لی جاتی تھی۔

(v) مزدوروں کے پاس قانونی حقوق نہ کے برابر تھے۔

10۔ کسی ملک کا معاشی نظام دنیا کے دیگر معاشی نظام سے جڑا ہوتا ہے۔ بہاؤ تین طرح کے ہوتے ہیں۔

(i) پہلا بہاؤ تجارت کا ہوتا ہے جو خصوصاً کپڑوں اور گیہوں کی تجارت تک محدود تھا۔

(ii) دوسرا بہاؤ محنت کا ہے جس میں لوگ روزگار کی تلاش میں ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں۔

(iii) تیسرا بہاؤ سرمایہ کا ہے جسے کم یا زیادہ مدت کے لئے دور دراز کے علاقوں میں خرچ کر دیا جاتا ہے۔

11۔ (i) 1944 امریکہ میں موجود نیو ہیمپشائر کے برٹین ووڈس میں ہونے والی یونائیٹڈ اسٹیٹس (USA) مانٹری اینڈ فائنشیل کانفرنس ہوئی تھی۔

(ii) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) کا قیام عمل میں آیا۔

(iii) برٹین ووڈس نظام کی بنیاد تبادلہ زر کے مقررہ نرخوں پر ہوئی تھی۔

12۔ **افیم جنگ کا مطلب:-** جب انگلینڈ نے چینیوں پر افیم برآمد کرنے کا دباؤ ڈالا تو دونوں ملکوں کے درمیان جدو جہد شروع ہوگئی جس کو افیم جنگ کے نام سے جانا جاتا ہے۔

**افیم جنگ کے اثرات:-**

(i) چینیوں کا جسمانی اور اخلاقی زوال ہونے لگا۔

(ii) چین کو ہر جانے کی شکل میں پانچ بندرگاہیں انگلینڈ کے تاجروں کے لیے کھولنی پڑیں۔

(iii) بغیر کسی رکاوٹ ہانگ کانگ کو انگلینڈ کو سونپ دیا گیا۔

13۔ یوروپین لوگوں کے افریقہ کی طرف مائل ہونے درج ذیل وجوہات تھیں:

(i) قیمتی معدنیات جیسے سونا، کوئلہ اور چاند کی کھوج میں۔

(ii) افریقہ کے وسیع زمینی علاقے کو دیکھ کر

(iii) افریقہ میں باغانوں کی کھیتی اور کھادنوں پر قبضہ کر کے۔

14۔ (i) دنیا کے بہت سارے حصوں آزادی اور ان کی گزر بسر کرنے کے ذرائع چھیننے لگے۔

(ii) یورپین کے فتوحات سے نوآبادکاریوں کو بہت ساری تکلیفیں اٹھانی پڑیں۔ اس سے ان کی معاشی، سماجی زندگی خطرے میں پڑ گئی۔

(iii) 1890 کی دہائی میں مویشیوں کی پلیگ Pest Render کی تباہ کن بیماری نے افریقہ کے عوام ذریعہ معاش کو تباہ کر کے رکھ دیا۔

(iv) بندھوا مزدوری کی پالیسی لوگوں کے لئے غریبی اور پریشانیاں لیکر آئی۔

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

سولہویں صدی کے وسط تک امریکہ کی نوآبادکاری اور اس کی فتح کی پرتگالی اور اسپینی کارروائیاں بڑے طبعی انداز میں شروع ہو چکی تھیں۔ یورپ کی فتح و کامیابی محض ان کی اسلحہ کی قوت کا نتیجہ نہیں تھی۔ درحقیقت اسپینی فاتحین کا سب سے زیادہ طاقت ور ہتھیار کوئی روایتی ہتھیار بالکل ہیں تھا۔ یہ ہتھیار چیچک جیسے امراض کے جراثیم تھے جو وہ اپنے ساتھ لائے تھے۔ طویل علاحدگی کی وجہ سے امریکہ کے اصلی باشندے یورپ سے آنے والی ایسی بیماریوں سے مامون و محفوظ رہنے کی کوئی صلاحیت نہیں رکھتے تھے۔ چیچک خاص طور پر مہلک ثابت ہوئی۔ یہ مرض جب ایک دفعہ آ گیا تو کسی یورپین کے وہاں پہنچنے سے پہلے ہی یہ برصغیر (Continent) کے کونے کونے میں پہنچ گیا۔ اس نے ساری کی ساری کمیونیٹیز کو بلاک کیا اور فتح کے لیے راہ ہموار کر دی۔

(i) اسپینی فاتحین کا سب سے زیادہ طاقتور ہتھیار کیا تھا؟

(ii) کون سی بیماری بندوق سے زیادہ خطرناک تھی؟

(iii) یورپ کی فتح و کامیابی کس اسلحہ کی قوت کا نتیجہ تھی؟

(iv) دیے گئے پیراگراف کو پڑھ کر اپنے الفاظ میں مختصر کر کے لکھیے۔

2۔ دیے گئے پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

ہماری تاریخ میں انسانی سماج آتے رہے ہیں۔ بتدریج زیادہ منسلک ہوئے ہیں اور ایک دوسرے کے زیادہ قریب۔ قدیم زمانے سے، سیاح، تاجر، مذہبی رہنما اور زائرین نے بڑے بڑے فاصلے طے کیے ہیں۔ کبھی علم حاصل کرنے کے لیے کبھی بہتر مواقع کی تلاش میں، کبھی تسکین روحانی کی جستجو میں یا کبھی ظلم و جور سے بچنے کے لیے۔ یہ لوگ اپنے ساتھ سامان بھی لے کر چلے، روپیہ، اقدار، مہارتیں، نظریات و خیالات، ایجادات حتی کہ جراثیم اور بیماریوں نے بھی ان کے ساتھ سفر کیا۔ آج سے بہت پہلے تین ہزار سال (ق م) ایک سرگرم تجارت نے وادی سندھ کی تہذیب کو آج کے مغربی ایشیا سے متعارف کرا دیا تھا۔ ایک ہزار برس سے کچھ زیادہ ہی پہلے مالدیپ کی کوڑیاں (کرنسی کی حیثیت سے استعمال ہوتی تھیں) چین اور مشرقی افریقہ پہنچ آ چکی تھیں، بیماریوں کے جراثیم کی طویل مسافتوں کا سراغ ساتویں صدی تک ملتا ہے۔ سترہویں صدی تک آتے آتے یہ رابطہ واضح اور ناقابل تردید ہو چکا تھا۔

(i) قدیم زمانے سے کون سیاح نے بڑے بڑے فاصلے کئے؟

(ii) یہ سیّاح اپنے ساتھ کیا لے کر آتے؟


(iii) تین ہزار سال (ق م) ایک سرگرم تجارت نے کس کی تہذیب کی مغربی ایشیا سے متعارف کرایا؟

(iv) دیے گئے پیراگراف کو اپنے لفظوں میں مختصر کر کے لکھیے۔

# باب – 4


# صنعتیت کا عہد

**یادرکھنے لائق نکات:**




شہری تاجر اور شہری دستکار

گلڈس:- پیداوار کی تنظیم



## کچھ اہم تاریخیں:

1600 میں ایسٹ انڈیا کمپنی کا ہندوستان میں آنا

1730 انگلینڈ میں فیکٹریوں کی شروعات

1760 انگلینڈ نے اپنی سوتی کپڑے کے مل کے لئے کپاس کی درا؟مدگی شروع کی۔

1764 اسپنگ جینی کی ایجاد مشین نے کاٹنے کے کام کی رفتار بڑھائی (جیمس ہارگریوز نے)

1767 ریچرڈ آکرائٹ کے ذریعے سوتی مل کپڑے بنانے کا خاکہ تیار کیا۔

1781 جیمس واٹ کے ذریعے بھاپ کے انجن کی ایجاد

1785 کاٹ رائٹ نے بجلی سے چلنے والے کرگھے کی ایجاد کی جو بھاپ کا استعمال سوت کاٹنے اور بننے کے لئے کرتے ہیں۔

1830 سے 1840 دوارکاناتھ ٹیگور کے ذریعے بنگال میں چھ جوائنٹ اسٹاک کمپنیاں قائم کیں۔

1840 صنعیت کے پچھلے دور میں انگلینڈ نے دوگنا اضافہ کیا۔

1850 لندن میں ریلوے لائن کا آنا

1854 ممبئی میں پہلی کپاس مل (کپڑا مل) کا قیام

1855 بنگال میں پہلی جوٹ مل کا قیام

1860 امریکی خانہ جنگی سے کپاس کی آمد بند اور کانپور میں ایلیکن مل کا قیام

1861 احمد آباد میں کھلی پہلی سوتی کپڑا مل

1863 لندن میں زمین دوز ریلوے کی شروعات

1873 برطانیہ میں لوہے اور اسپات کی درآمدگی

1874 مدراس میں پہلی کرگھا مشین کے ذریعے کام کی شروعات

1900 ای۔ٹی، پا میوزنک کمپنی نے کتاب شائع کی تھی جس کی جلد پر تصویر میں 'نئی صدی کی شروعات' کا اعلان تھا۔

1912 پہلی لوہا اسپات کمپنی کی شروعات جے این کے ذریعے جمشید پور میں ہوئی۔

1917 کلکتہ میں پہلی جوٹ مل لگانے والے مارواڑی سیٹھ حکم چند نے چین سے تجارت شروع کی۔

1941 35% سے زیادہ ہینڈ لوم میں فلائی شٹل کا استعمال۔

## یادرکھنے کے لائق باتیں

1۔ **مشرق (Orient)**: یہ لفظ ان ممالک کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جو کہ یورپ کے مشرق میں واقع ہیں۔

2۔ **سرمایہ**: یہ زر کی بڑی مقدار ہے جس کی سرمایہ کاری کی جاتی ہے یا تجارت یا صنعت میں استعمال کیا جاتا ہے۔

3۔ **سماج واد**: جس کے تحت ملک کے ہر باشندے کا یکساں حق ہوتا ہے اور محض صنعتوں کو ملکیت اور کنٹرول حکومت کا ہوتا ہے۔

4۔ **اسپننگ جینی(Spinning Jenny)**: سوت کاٹنے کی مشق جسے 1764 میں جیمس ہارگرلوز نے بنایا تھا۔

5۔ **اسٹیپلر (Stapeler)**: ایک شخص جو نتھی کرنے یا پرونے کا کام کرتا ہے یا ریشوں کے مطابق اور کو الگ الگ کرتا ہے۔

6۔ **Fuller**: ایک شخص جو تہیں بنا کر کپڑے کو جمع کرتا ہے۔

7۔ **Canding توضا**: ایک عمل جس میں اون یا کپاس کے ریشوں کو کاٹنے سے پہلے تیار کیا جاتا ہے۔۔

## کثیر اختیاراتی والے سوالات

1۔ درج ذیل میں سے کون سی ایک یورپین مینیجنگ کمیٹی کا ہندوستانی تجارت کے ایک بڑے حصے پر کنٹرول تھا؟

(a) برڈ ہیگلر اینڈ کمپنی

(b) تاج کمپنی

(c) ایسٹ انڈیا کمپنی

(d) ان میں سے کوئی نہیں

2۔ 18 ویں صدی ہندوستان میں درج ذیل میں سے کن بندرگاہ شہروں کا زوال ہوا؟

(a) سورت (b) ممبئی

(c) کلکتہ (d) مدراس

3۔ خلائی شٹل کا استعمال درجِ ذیل میں سے کس لیے ہوتا ہے؟

(a) دھلائی (b) کتائی

(c) بُنائی (d) رنگائی

4۔ درج ذیل میں سے کون نئے مزدوروں کو لانے کے لئے صنعت کاروں کی مدد کرتے تھے؟

(a) جانبر (b) بُنکر

(c) کوشتی (d) کسان

## دعویٰ اور وجہ پر مبنی سوالات

درج ذیل میں دو بیانات دیئے گئے ہیں ایک دعویٰ (A) اور دوسرے وجہ (R) پڑھ کر جواب دیجیے۔

5۔ دعویٰ (A): جب مانچیسٹر کے صنعت کاروں نے اپنا کپڑا ہندوستان میں بیچنا شروع کیا تو انھوں نے بنڈلوں پر لیبل چسپاں کیے۔

وجہ(R): لیبل سامان کی کوالٹی کی علامت بھی ہوتے تھے خریدار جب لیبل پر موٹے حروف میں (Made in Manchester) لکھا ہوا دیکھتا تھا تو توقع کی جاتی تھی کہ کپڑا خریدنے میں اُسے زیادہ بھروسہ ہوگا۔

(i) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ کی صحیح ترجمانی کرتی ہے۔

(ii) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ کی صحیح ترجمانی نہیں کرتی۔

(iii) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ غلط ہے۔

6۔ دعویٰ (A): نئے دور کی پہلی نشانی کپاس تھی۔

وجہ (R): وکٹوریائی انگلینڈ میں صنعت کار صنعتیں نہیں لگانا چاہتے تھے جو انھیں انسانی محنت سے نجات دلا دیتے اور جن میں بہت سرمایہ لگتا تھا۔

(i) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ کی صحیح ترجمانی کرتی ہے۔

(ii) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(iii) دعویٰ (A) غلط ہے اور (R) وجہ کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(iv) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ غلط ہے۔

7۔ سوتی کپڑا مل کا خاکہ کس نے تیار کیا۔

(a) رچرڈ آکرائٹ (b) جیمس واٹ

(c) نیوکامین (d) ویلیم

جواب: (a)

8۔ انگلینڈ کے بڑی صنعت کونسی تھیں۔

(a) سوتی کپڑا اور چینی (b) سوتی کپڑا اور دھات

(c) دھات اور زراعت (d) پانی کے اوزار اور سوتی کپڑا

جواب: (b)

9۔ دوارکا ناتھ ٹیگور ایک تھے۔

(a) مصور (b) صنعت کار

(c) فلاسفر (d) سماج سدھارک

10۔ درج ذیل میں سے کس کا تعلق گماشتے سے ہے۔

(a) تاجر

(b) کاروباری

(c) کمپنی کے ذریعے تقرر کئے گئے سپروائزر

(d) بغیر تنخواہ والے مزدور

جواب: (c)

11۔ جابر کون تھے؟

(a) وہ آدمی جیسے نئے مزدوری کی بھرتی کے لئے صنعت کار کام پر رکھتے تھے۔

(b) کسانوں کے ذریعے پیداوار بیچنے کے لئے کہا جانے والا آدمی

(c) فیکٹری میں ضروری کام انجام دینے والا آدمی۔

(d) کمپنی کے ذریعے تنخواہ حاصل کرنے والا آدمی۔

جواب: (a)

12۔ کوسٹس (Koshtis) کون تھے؟

(a) بنکروں کی ایک کمیونٹی (b) کمیونٹی

(c) بے زمین مزدور (d) ان میں سے کوئی نہیں۔

جواب: (a)

13۔ برطانیہ کے کپڑوں کی صنعت برآمدگی میں ڈرامائی تبدیلی کب ہوئی؟

(a) 17صدی کی شروعات میں (b) 18ویں صدی کی شروعات میں

(c) 19صدی کی شروعات میں (d) 21صدی کی شروعات میں

14۔ ہندوستان میں 1911 میں 67% بڑے صنعت کار درج ذیل میں سے کن جگہوں میں موجود تھے۔

(a) بنگال اور ممبئی (b) سورت اور احمد آباد

(c) دلّی اور ممبئی (d) پٹنہ اور لکھنؤ

جواب: (a)

15۔ درج ذیل میں سے کون سے ہندوستان کے مشرقی نوآبادیاتی بندرگاہ تھے۔

(a) سورت اور مچھلی پٹنم (b) مدراس اور ہگلی

(c) مدراس اور ممبئی (d) ممبئی اور ہگلی

جواب: (a)

16۔ سودیشی کا قوم پیغام ......................... میڈیم سے پیش کیا گیا تھا۔

(a) ٹیکس (b) طاقت

(c) اشتہار (d) کم قیمت

جواب: (c)

## مختصر / طویل جواب والے سوالات (3/5 نمبر والے)

1۔ مانچسٹر کے آنے سے ہندوستانی بنکروں کو درپیش مسائل کیا تھے؟

میں جنگل کو کاٹ کر ختم کیے جانے کے خلاف مزاحمت کی بلکہ یہ بھی کر دکھایا ہے کہ مختلف دیسی انواع کی شجرکاری بڑی کامیاب رہی ہے۔ بچاؤ کے روایتی طور طریقوں کو زندہ کرنے کی کوشش یا ماحولیاتی کاشت کے نئے طریقوں کو ترقی دینے کا عمل اب تیزی سے پھیل رہا ہے۔ ٹہری (Tehri) میں کسانوں اور شہریوں کی جماعت مثلاً بیج بچاؤ تحریک اور نودانیا (Navdanya) نے یہ ثابت کر دیا کہ مصنوعی کیمیائی مادہ کے استعمال کے بغیر متنوع فصلوں کی پیداوار کا ایک خاطر خواہ معیار ممکن ہے جس میں کاروباری طور پر زندہ رہ پانے کی صلاحیت بھی ہے۔

(i) چپکو تحریک کیا تھی؟

(ii) ٹہری (Tehri) میں کسانوں اور شہریوں نے کیا آندولن کیا؟

(iii) ماحول کو صاف ستھرہ رکھنے کے کچھ سجھاؤ دیجیے۔

(iv) پیراگراف کو مختصر کر کے اپنے لفظ میں لکھیے۔

# باب – 8

# آبی وسائل

## یادرکھنے لائق نکات

1۔ دنیا میں موجود کل پانی کا 96.5 فی صد حصہ سمندر ہے اور صرف 2.5 فیصد میٹھا پانی ہے۔

2۔ ہندوستان کی زیادہ تر ندیاں خاص کر چھوٹی ندیاں آلودگی کی وجہ سے زہریلی دھاراؤں میں تبدیل ہو چکی ہیں۔

3۔ **ندی کا بیسن:** خاص ندیوں اور اس کی معاون ندیوں کے ذریعے سینچا جانے والا علاقہ۔

4۔ **نرمدا بچاؤ تحریک:** نرمدا ندی پر سردار سروور ڈیم بنانے کی مخالفت

5۔ **پالر پانی :** راجستھان کے کچھ علاقوں میں بارش کے پانی کی سب سے خالص شکل۔

6۔ **زمین دوز پانی:** مٹی کے نیچے موجود چٹانوں کے بیچ اور مٹی کی پرتوں کے بیچ جمع ہونے والا پانی۔

7۔ **بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوازی:** بارش کے پانی کو گڈھوں وغیرہ میں جمع کرنا اور دوبارہ استعمال میں لانا۔

8۔ **آبی / پن بجلی:** اونچے مقامات سے پانی کی دھار کو نیچے گرا کر بنائی جانے والی بجلی۔


9۔ **آبشار:** ندی گھاٹی کے بیچ میں اونچائی سے گرنے والی دھارا۔

10۔ **باندہ:** ڈیم یا باندھ بہتے ہوئے پانی کے سامنے ایک رکاوٹ ہوتا ہے جو بہاؤ کو روکتا ہے۔ بہاؤ کے رخ کو ندل دیتا ہے یا سست کر دیتا ہے اور اکثر مصنوعی جھیل یا مخزن بن جاتا ہے۔

11۔ **کثیر المقاصد ندی پروجیکٹ:** ندیوں پر باندھ بنا کر ایک بار میں کئی مقاصد کو پورا کرنا۔

12۔ **ملٹی نیشنل کمپنیاں(MNC):** وہ کمپنیاں جن صنعتیں ایک سے زیادہ ملکوں میں کام کرتی ہیں اور دوسرے ملکوں میں سرمایہ صرف کرتی ہیں اور اس سے زیادہ منافع حاصل کرتی ہیں۔

13۔ **بانس سے پانی ٹپکا کر سینچائی کا طریقہ:** میگھالیہ میں رود بار اور چشمہ کے پانی کے استعمال کو بانس کے بنے پائپ کے ذریعے اکھٹا کرنا۔







## کثیر اختیاراتی والے سوالات

1۔ درج ذیل میں سے کون پانی کی کمی کی وجہ نہیں ہے۔

(a) بڑھتی آبادی

(b) سینچائی کی سہولیات بڑھانا

(c) صنعتیں

(d) پانی کی حفاظت کی تکنیک

(2)۔ کالم A کا ملان کالم B سے کیجیے۔

| کالم A | | کالم B | |
|---|---|---|---|
| (A) | بھاکڑ ننگل ڈیم | (i) | مہا ندی |
| (B) | ہیرا کنڈ ڈیم | (ii) | چناب ندی |
| (C) | ٹہری ڈیم | (iii) | ستلج ندی |
| (D) | سلال ڈیم | (iv) | بھاگیرتی ندی |

نیچے دیئے گئے متبادل میں سے صحیح جواب چنئے۔

(A) A (ii)، B (i)، C (iii)، D (iv)

(B) D (i), C (iii), B (iv), A (ii)

(C) D (ii), C (i), B (iv), A (iii)

(D) D (ii), C (iv), B (i), A (iii)

(3)۔ فہرست I کو فہرست II سے ملائیے

| فہرست I | | فہرست II | |
|---|---|---|---|
| (A) | باڈیز | (i) | بارش کا پانی اکٹھا کرنا |
| (B) | جسیلمر | (ii) | بانس سے پانی ٹپکا کر سینچائی کا طریقہ |
| (C) | پالر پانی | (iii) | کھادن |
| (D) | میگھالیہ | (iv) | ٹنکا |

نیچے دیئے گئے متبادل میں سے صحیح جواب چنئے۔

نیچے دیئے گئے متبادل میں سے صحیح جواب چنئے۔

(A) A (ii)، B (i)، C (iii)، D (iv)

(B) D (ii), C (iii), B (i), A (iv)

(C) D (ii), C (i), B (iii), A (iv)

(D) D (ii), C (iv), B (iii), A (ii)

4۔ مغربی ہمالیہ میں دیکھے جانے والے بارش کے پانی کے بہاؤ کو کہا جاتا ہے۔

(a) گل،کل

(b) کھادن

(c) جوہڑ

(d) ریچارج پِٹس

5۔ پرانے زمانے میں سے ہی ناگ ارجنا۔گونڈا اعلیٰ درجے کے آب پاشی کے نظام ملتے رہے ہیں۔یہ ................. میں واقع ہے۔

(a) آندھرا پردیس

(b) اڈویشہ

(c) کرناٹک

(d) تمل ناڈو

6۔ ................. نے فخریہ طور پر ان باندھوں کو''جدید ہندوستان کے مندر'' کہا تھا۔اس کا مطلب یہ تھا کہ یہ کاشت کاری اور گاؤں کی معیشت کو تیز رفتار صنعت کاری اور شہری معیشت سے جوڑ دیں گے۔

(a) سردار پٹیل

(b) جواہر لال نہرو

(c) مہاتما گاندھی

(d) ڈاکٹر۔بی۔آر۔امبیڈکر

7۔ نرمدا بچاؤ آندولن ایک غیر سرکاری آرگنائزیشن (N.G.O.) ہے۔جس نے نرمدا ندی پر................. باندھ کے خلاف قبائلی لوگوں، کسانوں ماہرین ماحولیات اور انسانی حقوق نے ڈیم بنانے کے خلاف

تحریک چلاتی ہے۔

(a) سردار سرور ڈیم

(b) ٹہری ڈیم

(c) ناگ ارجنا ساگر ڈیم

(d) بھاکڑ ننگل ڈیل

8۔ رہند ڈیم رہند ندی پر واقع ہے جو............ کی مددگار ندی ہے۔

(a) ستلج ندی

(b) سون ندی

(c) گوداوری ندی

(d) برہم پتر ندی

9۔ بیکانیر، فالودی اور بارمیر میں تقریباً تمام گھروں میں پینے کا پانی جمع کرنے کے لیے حوض یا 'ٹنکا' تھے۔ بارمیر اور فالودی ................. میں واقع ہے۔

(a) گجرات

(b) ہماچل پردیس

(c) اترا کھنڈ

(d) راجستھان

10۔ بانس سے پانی ٹپکا کر سینچائی کا طریقہ کس ریاست میں چلن ہے۔

(a) راجستھان

(b) میگھالیہ

(c) کرناٹک

(d) مدھیہ پردیش

11۔ قدیم زمانے سے ہی آب پاشی آبی تعمیرات Hydrulic Structure کیوں کیا گیا تھا۔

(a) خوبصورتی کے لیے

(b) کان کنی کے لیے

(c) کپڑے دھونے کی

(d) پانی کو جمع کے لیے

12۔ چودھویں صدی میں سری فورٹ کے علاقے میں پانی سپلائی کو پورا کرنے کے لیے التتمش کے ذریعے ..................میں تالاب کھدوایا۔

(a) جے پور راجستھان

(b) حوض خاص دہلی

(c) بھوپال مدھیہ پردیش

(d) سورت گجرات

13۔ مہاندی بیسن میں ...........سیلاب کو کنٹرو کے ساتھ پانی کی حفاظت کو اکٹھا کرتا ہے۔

(a) کرشنا ساگر منصوبہ

(b) ٹہری منصوبہ

(c) ہیرا کنڈ منصوبہ

(d) بھاکڑ ننگل منصوبہ

14۔ کویانہ ڈیم .................میں واقع سب سے بڑے باندھوں میں سے ایک ہے۔

(a) اتر پردیش

(b) ہماچل پردیش

(c) راجستھان

(d) مہاراشٹر

15۔ کرشنا گوداوری تنازعہ ایک کثیر المقاصد منصوبہ کے لیے ..................حکومت کے ذریعے کوئنا میں زیادہ پانی چھوڑنے کے تعلق سے کرناٹک اور آندھرا پردیش حکومت کے ذریعے اٹھائے گئے اعتراضات کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔

(a) تمل ناڈو

(b) مدھیہ پردیش

(c) مہاراشتر

(d) کیرل

16۔ دنیا کے پانی کا کل حصہ 96.5 فی صدی ...........کی شکل میں اور صرف 2.5 فی صد ..................کی شکل میں موجود ہے۔

(a) میٹھا پانی۔سمندر

(b) سمندر۔تازہ میٹھا پانی

(c) زمین دوز۔سمندر

(d) ان مین سے کوئی نہیں۔

17۔ نیچے دیے گئے دو سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) Assertionاور وجہ(R) Reason دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): مقامی باشندے باندھوں کی مخالفت کرتے ہیں

وجہ (R): باندھوں سے کھیتی کی زمین اثر انداز ہوسکتی ہے اور فطری بہاؤ متاثر ہوتا ہے۔

جواب: (A) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے۔ (A) کی

(C) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے

(D) (A) غلط ہے لیکن (R) صحیح

18۔ دعویٰ (A): ہندوستان کی ندیاں خصوصاً چھوٹی ندیاں زہریلی دھاراؤں میں تبدیل ہوچکی ہیں۔

وجہ (R): ڈیم، روایتی طور پر ندیوں اور بارش کے پانی کو روک کر رکھنے اور کھیتوں کی سینچائی کے مقصد سے باندھ بنائے جاتے تھے۔

جواب:

1۔ (d) پانی کی حفاظت کی تکنیک

2۔ (d)

3۔ (c)

4۔ (a) گُل کل

5۔ (a) آندھرا پردیش

6۔ (b) جواہر لال نہرو

7۔ (a) سردار سرور ڈیم

8۔ (b) سون ندی

9۔ (d) راجستھان

10۔ (b) میگھالیہ

11۔ (d) پانی کو جمع کے لیے

12۔ (b) حوض خاص دلّی

13۔ (c) ہیرا کنڈ

14۔ مہاراشٹر

15۔ مہاراشٹر

16۔ سمندر اور میٹھا پانی

17۔ (A)

18۔ (B)

## مختصر / طویل جواب والے سوالات (3/5 نمبر والے)

1۔ بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی کیا ہے؟ ہندوستان کے مختلف حصوں میں بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی کے کوئی دو طریقے بتائیے۔

2۔ کثیر المقاصد دریائی وادی منصوبہ کیا ہے؟ کثیر المقاصد دریائی وادی منصوبے کے چار مقاصد بیان کیجیے۔

3۔ بیکار پڑے کنویں کو بارش کے پانی کے ذریعے دوبارہ کیسے بھرا جاتا ہے؟

4۔ صنعت کاری اور شہر کاری کس طرح پانی کے دباؤ کے لیے ذمہ دار ہیں؟

5۔ نرمدا بچاؤ تحریک پر ایک نوٹ لکھیے۔

6۔ پانی ایک قابل تجدید وسائل ہوتے ہوئے بھی اس کی حفاظت اور پلاننگ کیوں ضروری ہے؟

7۔ کیا روایتی بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی کے طریقوں کو جدید دور میں بھی اپنا کر پانی کی کمی کے مسئلہ کو حل کیا جا سکتا ہے؟

8۔ جواہر لعل نہرو نے باندھوں کو جدید ہندوستان کا مندر کیوں کہا تھا؟

9۔ ہمارے ملک میں پانی کی کمی دن بدن کیوں بڑھتی جا رہی ہے؟ وجوہات بتائیے۔

10۔ ہندوستان کے نقشے میں مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجیے۔

(i) بھاکڑا ننگل ڈیم (ii) ہیرا کنڈ ڈیم

(iii) سردار سروور ڈیم (iv) ٹہری منصوبہ

(v) ناگ ارجنا ساگر ڈیم (vi) رہنڈ ڈیم

(vii) رانا پرتاپ ساگر ڈیم (viii) سلال منصوبہ

## 3/5 نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ یہ ایسی تکنیک ہے جس کے ذریعے بارش کے پانی کو خالی جگہوں، گھروں میں ٹینک، بے کار پڑے ہوئے کنوؤں میں جمع کیا جاتا ہے اور بعد میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(i) پہاڑی علاقوں میں لوگوں نے گُل یا کُل جیسی ندی کی دھارا کا راستہ بدل کر کھیتوں میں آب پاشی کے لئے بنائی ہیں۔

(ii) راجستھان میں پینے کا پانی جمع کرنے کے لئے چھت کے ذریعے بارش کا پانی جمع کیا جاتا ہے۔

(iii) مغربی بنگال میں سیلاب کے میدانوں کے لوگ اپنے کھیتوں کی سینچائی کے لئے نالیوں کی تعمیر کرتے ہیں۔

(iv) خشک اور نیم خشک علاقوں میں کھیتوں میں بارش کا پانی گڈّھوں میں جمع کر لیا جاتا ہے۔

2۔ ندی پر باندھ بنا کر اس سے کئی طرح کے کام کئے جانے کو کثیر المقاصد دریائی وادی منصوبے کہتے ہیں۔ اس کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں:

(i) پن بجلی کو تیار کرنا

(ii) آبپاشی

(iii) گھریلو اور صنعتی استعمال کے لئے پانی کی فراہمی

(iv) کشتی بانی

(v) سیلاب پر کنٹرول

(vi) مچھلی پالن

3۔ (i) چھت کا پانی PVC پائپ کا استعمال کر کے جمع کیا جاتا ہے۔

(ii) ریت اور اینٹ کے ذریعے صفائی کی جاتی ہے

(iii) زمین دوز پائپ سے پانی نکال کر فوری استعمال کے لیے حوض میں جمع کرلیا جاتا ہے۔

(iv) اضافی پانی حوض سے لے کر کنویں میں پہنچایا جاتا ہے۔

(v) کنویں کا پانی زمین دوز پانی کو ریچارج کرتا ہے۔

(vi) کنویں سے پانی لیں (بعد میں)

4۔ (i) آزادی کے بعد ہندوستان میں تیزی سے صنعتوں کا بڑھنا

(ii) صنعتوں کی بڑھتی تعداد کی وجہ سے پینے کے پانی کا زیادہ استعمال

(iii) شہروں کی بڑھتی آبادی اور شہری زندگی کے طرز زندگی میں تبدیلی کی وجہ سے پانی کا زیادہ استعمال

(iv) شہروں اور گاؤں میں پانی کے وسائل کا زیادہ استعمال

5۔ (i) نرمدا ندی پر سردار سرور ڈیم بنانے کے خلاف میں تھا۔

(ii) نرمدا بچاؤ آندولن ایک غیر سرکاری NGO نے چلائی۔

(iii) اس میں قبائلی لوگوں، کسانوں، ماہرین ماحولیات اور انسانی حقوق کے کارندوں کو گجرات میں نرمدا ندی پر سردار سروور ڈیم بنانے کے خلاف تحریک چلائی۔

(iv) شروع میں یہ تحریک ڈیم کے پانی میں وہاں کے تمام درخت غرقاب ہونے پر تھا۔

(v) بعد میں اس نے نادر شہریوں خاص طور سے مہاجرین کے مسائل پر توجہ مرکوز کی۔

(vi) اس تحریک کی رہنمائی ایک سماجی کارکن میگھا پاٹیکر کر رہی تھیں۔

6۔ (i) پانی کے وسائل کا بے تحاشہ استعمال سماج میں غیر مساوی تقسیم اس کے تحفظ کے لئے اور انتظامیہ کے لئے ضروری ہیں۔

(ii) بڑھتی آبادی، زراعت کی تجدید کاری، شہر کاری، صنعت کاری کا ہندوستانی ندیوں پر بُرا اثر ڈال رہی ہیں۔

(iii) قدرتی ماحولیاتی نظام برباد ہو رہا ہے۔ ماحولیاتی بحران پیدا ہو رہا ہے۔

(iv) بڑی آبادی، پینے کے پانی اور زراعتی پیداوار میں آبپاشی وغیرہ کے لئے پانی کے تحفظ اور انتظام کی ضرورت ہے

7۔ (i) چھت کے ذریعے بارش کے پانی کی ذخیرہ اندوزی:

(ii) گُل اور کُل

(iii) موسمی نہروں کے ذریعے

(iv) گڈّھے بنا کر

(v) تالاب

(vi) قطروں کے ذریعے آبپاشی

8۔ **باندھوں کے فائدے:** باندھوں سے بہت سے فائدے ہیں ہر ترقی میں اہم رول ادا کرتے ہیں اس لیے جواہر لال نہرو نے انہیں جدید ہندوستان کے مندر کیا تھا۔

(i) آبپاشی

(ii) بجلی کی پیداوار

(iii) گھریلو اور صنعتی ضرورت کے لئے پانی کی فراہمی

(iv) سیلاب پر کنٹرول

(v) تفریح

(vi) مچھلی پالن

9۔ (i) ہندوستان مانسونی آب و ہوا والا ملک ہے۔ کئی بار مانسون کی ناکامی ہونے کی وجہ سے پانی کی کمی بڑھ جاتی ہے

(ii) سینچائی کے پانی کی مانگ تیزی سے بڑھ رہی ہے۔

(iii) صنعتوں کے بڑھنے سے زمین دوز پانی کی سطح کم ہو رہی ہے۔

(iv) شہرکاری کی وجہ سے پانی کے وسائل پر بڑھتا دباؤ۔

(v) بڑھتی ہوئی آبادی کی ضرورت کو پورا کرنے کی وجہ سے بھی پانی کی کمی ہو رہی ہے۔

10۔ ہندوستان کے نقشے کو بھر کر اس کی مشق کرو۔

(i) بھاکڑہ ننگل ڈیم - ستلج ندی پر

(ii) ہیرا کنڈ ڈیم - مہاندی پر

(iii) سردار سرور ڈیم - نرمدا ندی پر

(iv) ٹہری پروجیکٹ - بھاگرتی ندی پر

(v) ناگ ارجن ساگر ڈیم - کرشنا ندی پر

(vi) Rihind ریہنڈ ڈیم - سون ندی پر

(vii) رانا پرتاپ پروجیکٹ - چمبل ندی پر

(viii) سلال پروجیکٹ - چناب ندی پر

## طویل جواب والے سوالات

11۔ ''کہا جاتا ہے کہ اگر تیسری عالمی جنگ ہوئی تو وہ پانی کی کمی کی وجہ سے ہوگی''۔اس کا مطلب سمجھائیے۔

12۔ حال کے برسوں میں بڑے باندھوں کی مخالفت کی وجہ بتائیے۔

## طویل جواب والے سوالات کے جوابات

11۔ (i) ریگستان

(ii) سمندر

(iii) بڑھتی آبادی

(iv) شہروں کا بڑھتا دائرہ

(v) صنعتوں کا بڑھنا

(vi) پانی کا بیجا استعمال۔ کیمیائی اور کیڑے مار دواؤں سے پانی کا آلودہ ہوجانا۔

(vii) زمین دوز پانی کا نیچے چلے جانا

(viii) مانسون کا وقت پر نہ آنا اور پینے کا پانی بہت کم ہونا۔ اور پانی کی فراہم ہر جگہ یکساں نہ ہو جیسے، کیپ ٹاؤن (افریقہ) کی مثال۔ چونکہ پانی ایک ضروری شے ہے (پانی ہی زندگی ہے)

12۔ (i) ندیوں پر باندھ بنانے اور رکاوٹ پیدا کرنے کو وجہ سے ندیوں کا فطری بہاؤ متاثر ہوتا ہے۔

(ii) باندھ ندیوں کو بانٹتے ہیں جس سے آبی جاندار یعنی مچھلیوں وغیرہ کونقل مکانی اور خاص طور سے انڈے دینے میں مشکل آتی ہے۔

(iii) جو باندھ سیلاب روکنے کے لیے بنائے گئے انہیں کی وجہ سے مصنوعی جھیلوں میں مٹی کے جماؤ سے باڑھ کی صورت حال پیدا ہوئی۔

(iv) بڑے ڈیم شدید بارش کے وقت سیلاب روکنے میں اکثر وبیشتر ناکام رہتے ہیں۔

(v) باندھ سے زمین کی زبوں حالی (Degradation) میں مزید اضافہ ہوا ہے۔

(vi) جب ڈیم بنتے ہیں تو اس کے آس پاس کے تمام جنگلات اور درختوں کو کاٹنا پڑتا ہے جس سے ماحول آلودہ ہوتا ہے۔

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

آب پاشی نے فصل اگانے کے طریقۂ کار کو کئی علاقوں میں بالکل تبدیل کر دیا ہے، جہاں کسان زیادہ آب پاشی کی زراعت اور تجارتی فصلوں کی طرف منتقل ہو رہے ہیں۔ ماحولیات پر اس کے بڑے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مثلاً مٹی کا کھارا پن۔ ساتھ ہی اس نے سماجی منظر نامہ کو بھی تبدیل کر دیا ہے یعنی زیادہ تر زمینداروں اور بے زمین غریب کسانوں میں فرق بڑھتا جا رہا ہے۔ جیسا کہ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ڈیم نے دو مختلف گروہوں کے مابین ایک ہی آبی وسیلہ کے مختلف استعمال کیپیش نظر ٹکراؤ پیدا

کیا ہے۔ گجرات میں سابرمتی بیسن کے کسانوں نے خاص طور سے خشک سالی کے وقت شہری علاقوں میں پانی کی سپلائی کو لے کر یہ صرف احتجاج کیا بلکہ فساد جیسی حالت پیدا کر دی۔ کثیر المقاصد منصوبوں کی لاگت اور فوائد کی تقسیم کو لے کر ریاستوں کے درمیان تنازعات اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔

(i) سینچائی کا طریقۂ کار کیسے بدل گیا؟

(ii) باندھوں نے لوگوں کے بیچ ٹکراؤ پیدا کیا۔ اس بیان کو واضح کیجیے۔

(iii) مٹی اور سماجی منظرنامے پر سینچائی کے کیا نتائج نکلے؟

جواب: طلبہ خود کریں۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

ان کثیر المقاصد منصوبوں اور بڑے باندھوں کی وجہ سے کئی نئی سماجی تحریکیں مثلاً ''نرمدا بچاؤ آندولن'' اور ''ٹہری ڈیم آندولن'' وغیرہ شروع ہوئے ہیں۔ ان منصوبوں کی مخالفت کی اصل وجہ بڑے پیمانے پر مقامی لوگوں کی نقل ہے۔ مقامی لوگوں کو اکثر و بیشتر اپنی زمینوں، روزی روزگار اور وسائل پر محدود کنٹرول سے ملک کے بڑے فائدہ کے حق میں ہاتھ دھونا پڑتا ہے۔ اس لیے، اگر اس نوع کے منصوبوں سے مقامی لوگوں کو فائدہ نہیں پہنچ رہا ہے تو پھر وہ کون ہیں جو اس سے مستفید ہو رہے ہیں؟ شاید زمیندار، بڑے کسان، صنعت کار اور کچھ شہری مراکز۔ گاؤں کے کسی بے زمین کسان کو ہی لے لیں کیا واقعی اس نوع کے کسی منصوبہ سے اس کو فائدہ ہوتا ہے؟

(i) نرمدا بچاؤ آندولن کے پیچھے کیا وجہ تھی؟

(ii) کثیر المقاصد منصوبوں سے کسے فائدہ ہوتا ہے؟

(iii) مقامی لوگوں کے بڑے باندھوں کے خلاف اعتراضات پر آپ کی کیا رائے ہے؟ اپنے لفظوں میں لکھیے۔

جواب: طلبہ خود کریں۔

3۔ ہندوستان کے نقشے پر درجہ ذیل کی نشاندہی کر کے لیبل کریں:

(i) ٹہری باندھ (ii) بھاکڑہ ننگل ڈیم

(iii) رانا پرتاپ ساگر ڈیم


(iv) سلال ڈیم

(v) ناگ ارجنا ساگر ڈیم

(vi) تنگ بھدرا ڈیم


(vii) ہیر کنڈ ڈیم


(viii) سردار سرور ڈیم



# باب – 9

# زراعت




## فصلوں کی بوائی کے موسم

**ربیع کی فصلیں – خریف کی فصلیں:** ربیع اور خریف موسم کے درمیان گرمیوں میں ایک قلیل مدتی موسم ہوتا ہے جو زائد موسم کے نام سے جانا جاتا ہے زائد موسم میں پیدا کی جانے والی فصلوں میں تربوز خربوزہ کھیرا سبزیاں اور جانوروں کا چارہ وغیرہ شامل ہیں

**غذائی فصلیں:** گیہوں، چاول، مکاّ، دالیں اور موٹے اناج

**باغاتی زراعت :** چائے کافی تلہن ربر وغیرہ

**نقدی فصلیں :** ربر، کپاس، جوٹ،سن، اور قدرتی ریشم

**باغبانی فصلیں:** پھل، پھول اور سبزیاں

## یادرکھنے لائق نکات

1۔ ہندوستان دنیا میں سب سے زیادہ پھل اور سبزیاں پیدا کرتا ہے۔

2۔ کاروباری کھیتی میں ایک لمبے چوڑے زمینی حصے پر ایک ہی فصل بوئی جاتی ہے۔

3۔ ہندوستان میں چائے کافی، ربر، گنا کیلا وغیرہ خاص نقدی فصلیں ہیں۔

4۔ ہندوستان میں خاص طور سے چاول، گیہوں، موٹے اناج، دالیں ،تلہن، چائے، کافی، گنا، کپاس اور جوٹ وغیرہ فصلیں اگائی جاتی ہیں۔

5۔ ربیع کی فصلیں اکتوبر سے دسمبر کے بیچ میں بوئی جاتی ہیں اور گرمی کے موسم میں اپریل سے جون کے بیچ میں کاٹ لی جاتی ہیں۔گیہوں، جو، مٹر، چنا اور سرسوں وغیرہ خاص ربیع کی فصلیں ہیں۔

6۔ خریف کی فصلیں ملک کے مختلف حصوں کے مختلف علاقوں میں مانسون کے آنے کے ساتھ جون میں بوئی جاتی ہیں اور ستمبر اور اکتوبر میں کاٹی جاتی ہیں۔

7۔ **خریف کی فصلیں:** چاول، مکا، جوار، باجرا، ارہر، مونگ، اڑد، کپاس، جوٹ، مونگ پھلی اور سویا بین وغیرہ

8۔ ہندوستان میں زیادہ تر لوگوں کی غذا چاول ہے۔ ہندوستان چین کے بعد چاول کا دوسرا بڑا پیداواری ملک ہے۔

9۔ جوار، باجرا، راگی، ملیٹ ہندوستان میں اگائے جانے والے خاص موٹے اناج ہیں۔

10۔ ہندوستان دالیں پیدا کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے۔

11۔ زمین کو جوتنے، بونے، فصلیں اگانے، جانوروں کو پالنے کی آرٹ کو کھیتی کہتے ہیں۔

12۔ **گزر بسر کھیتی:** ایسی کھیتی کرنے کا طریقہ جس میں کسان اپنے خاندان کا گزر بسر کرنے کے لیے پیداوار کرتا ہے۔ اس میں کھیتی کے روایتی طریقوں اور اوزاروں کا استعمال کیا جاتا ہے۔

13۔ یہ ایک نوع کی کاٹو اور جلاؤ قسم کی کھیتی باڑی ہے۔ کسان زمین کے ایک خطے کو صاف کرتے ہیں اور اپنے اہل خاندان کی معاش کے لیے غلہ اور دوسری غذائی فصلیں پیدا کرتے ہیں۔ جب مٹی کی زرخیزی میں کمی آجاتی ہے تو اس زمین کو چھوڑ دیا جاتا ہے پھر دوسری جگہ پر نیا کھیت بنا لیا جاتا ہے۔

14۔ **کاروباری کھیتی:** اس قسم کی کھیتی کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں جدید افزائش مادے مثلاً اعلیٰ قسم کی فصل دینے والے (HYV) بیج، زیادہ پیدار دینے والی قسمیں کیمیائی کھاد، کثیر پیداوار کی حصولیابی کے لیے تباہ کن اور مہلک کیڑے مار دواؤں کا استعمال ہوتا ہے۔

15۔ **شجر کاری:** صنعت اور کاشت کی ملی جلی شکل۔ مہاجر مزدوروں کی مدد اور ایک اچھے خاصے سرمایہ کی لاگت سے شجر کاری زمین کے ایک بڑے حصے کا احاطہ کرتی ہے۔

16۔ **فصلوں کی ادلا بدلی:** زمین کی زرخیزی قائم رکھنے کے لیے زمین کے اس ٹکڑے پر فصلیں بدل بدل کر بونا۔

17۔ **چک بندی:** بکھری ہوئی کھیتی اور کھیتوں کو ایک ساتھ ملا کر معاشی شکل میں فائدہ کمانا۔

18۔ **سبز انقلاب:** کھیتی کے علاقے میں زیادہ اپاجاؤ بیج کا استعمال، اچھی کیمیاوی کھاد کا استعمال اور سینچائی کے طریقوں کا استعمال کرنے سے کچھ فصلوں میں خاص کر گیہوں کی پیداوار میں زبردست اضافہ سبز انقلاب کہلاتا ہے۔

19۔ ہندوستان میں کاشت کی اس قدیم شکل کو ہندوستان میں کیا کہتے ہیں؟

یہ درج ذیل ہیں۔

1۔ مدھیہ پردیش میں- بیوار یا دہیہ

2۔ آندھرا پردیش میں- پینڈا یا ڈو

3۔ اڈیشہ میں- پاماڈالی یا کومان یا ہرنگا

4۔ مغربی گھاٹ میں-کماری

5۔ جنوب مشرقی راجستھان میں-Waltre یاValre

6۔ ہمالیائی علاقہ میں-Khil

7۔ جھارکھنڈ میں-Kurwa

8۔ شمال مشرقی علاقوں میں جھمنگ کہا جاتا ہے

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ خالی جگہ کو بھریئے:

ایک ریشے دار فصل __________ ہے

2۔ درج ذیل کا صحیح ملان کرو

| **فصلیں** | **ہندوستان کے خاص پیداوار کرنے والی ریاستیں** |
|---|---|
| (i) چائے | (i) کیرل |
| (ii) گیہوں | (ii) آسام |
| (iii) ربر | (iii) اترپردیش |
| (iv) گنّا | (iv) ہریانہ |

## کثیر اختیاراتی سوال

3۔ درج ذیل میں خریف کے موسم کی خاص فصل ہے:

(i) گیہوں

(ii) جو

(iii) چاول

(iv) چنا

4۔ دیئے گئے جملوں کے آگے صحیح پر (✓) اور غلط پر (✗) کا نشان لگائیے۔

(a) اوڑد ایک تلہن فصل ہے۔ (   )

(b) سفید انقلاب کا تعلق فصلوں کی پیداوار میں اضافہ سے ہے۔ (   )

(c) گیہوں کو سنہرا ریشہ بھی کہا جاتا ہے۔ (   )

(d) جوار، باجرہ، راگی موٹے اناج کہے جاتے ہیں۔ (   )

(e) ویتنام میں جھمنگ (Jhumming) کاٹو اور جلاؤ کھیتی کو Ray کہتے ہیں۔ (   )

5۔ صحیح جواب چنیے :

درج ذیل میں سے کون سی فصل ایک پھلی دار فصل ہے۔

(a) دالیں (b) جوار

(c) تل (d) موٹے اناج

6۔ آپریشن فلڈ کس سے متعلق ہے؟

(a) دودھ کی پیداوار (b) گیہوں کی پیداوار

(c) چاول کی پیداوار (d) ان میں سے کوئی نہیں

7۔ کس فصل کو سنہری ریشہ کہا جاتا ہے؟

(a) چاول (b) ربر

(c) جوٹ (d) ریشم

8۔ نیچے دیے گئے سوال میں دعویٰ (A) اور وجہ (R) دی گئی ہے کوڈ کے مطابق صحیح متبادل چنیے :

دعویٰ (A) کمیائی کھاد اور سینچائی کا استعمال زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

وجہ (R) کیمیائی کھاد کا استعمال زیادہ فصلوں اور تیزی سے بڑھنے کے لیے کیا جاتا ہے۔

**متبادل:**

(i) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور R، (A) کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(ii) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن R، (A) کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(iii) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(iv) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) صحیح ہے۔

9۔ دعویٰ (A) چائے کی کھیتی باغاتی زراعت کی ایک مثال ہے۔

وجہ (R) چائے کی کھیتی سال بھر کی جاتی ہے، چائے کی جھاڑیوں کو گرم اور نم سردی کی ضرورت پڑتی ہے۔

**متبادل :**

(i) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور R، (A) کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(ii) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن R، (A) کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(iii) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(iv) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) صحیح ہے۔

10۔ درج ذیل میں سے کون سی ایک نقدی فصل نہیں ہے۔

(a) چائے

(b) کافی

(c) گیہوں

(d) تلہن

11۔ درج ذیل میں سے کون سی ایک فصل خریف کی مثال ہے۔

(a) گیہوں

(b) چاوہ

(c) تربوز

(d) سرسو

(12)۔ ملان کیجیے۔

| کالم A | | کالم B | |
|---|---|---|---|
| (A) | ربیع | (i) | جوٹ |
| (B) | خریف | (ii) | خربوزہ |
| (C) | زائد | (iii) | باجرا |
| (D) | نقدی | (iv) | مٹر |

(A) D (iv), C (iii), B (ii), A (i)

(B) D (iii), C (iv), B (iii), A (i)

(C) D (i), C (ii), B (iii), A (iv)

(D) D (iv), C (i), B (ii), A (iii)

13۔ چائے کی پیداوار میں ہندوستان کا کون سا نمبر ہے۔

(a) پہلا (b) دوسرا (c) تیسرا (d) چوتھا

14۔ درج ذیل میں سے کون سی ایک ریشے دار فصل نہیں ہے۔

(a) باجرا (b) کپاس (c) جوٹ (d) سن

## مختصر / طویل جواب والے سوالات (3/5 نمبر والے)

1۔ ہندوستانی معیشت میں کھیتی کی کیا اہمیت ہے؟

2۔ حکومت کے ذریعے کسانوں کے مفادات میں کیئے گئے اداراجاتی اصلاحات کا ذکر کیجیے۔

3۔ ہندوستان میں غذا کی کمی کی پیداوار کے لیے ذمہ دار عناصر کا ذکر کرو؟

4۔ خودکفیل کھیتی اور تجارتی کھیتی میں فرق واضح کیجیے۔

5۔ چائے کی فصل کے لئے کوئی چار جغرافیائی حالات کا ذکر کرو؟

6۔ ربر اور مکّا کی پیداوار کے لئے ضروری جغرافیائی حالات کا ذکر کریں؟

7۔ گنّے کی کھیتی کے لئے جغرافیائی حالات کا ذکر کریں؟

8۔ چاول اور کپاس کی پیداوار کے لئے ضروری جغرافیائی حالات کا ذکر کریں۔

9۔ ہندوستان میں اگائی جانے والی چار ریسہ دار فصلوں کے نام لکھیے ۔ ان میں سے کون سے ریشے سیدھے فصل اگانے سے حاصل نہیں ہوتا؟ اس کی پیداور کے طریقے کا نام بتایئے۔

10۔ گیہوں کی کھیتی کے لئے جغرافیائی حالات کا ذکر کریں؟

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ پٹ سن/ کپاس/ سن/ قدرتی ریشم

2۔ (i) چائے (ii) آسام

(ii) گیہوں (iv) ہریانہ

(iii) ربر (i) کیرل

(iv) گنّا (iv) اتر پردیش

ہندوستان کا دنیا میں دالوں کی پیداوار میں پہلا مقام ہے۔

3۔ (iii) چاول

4۔ (a) غلط

(b) غلط

(c) غلط

(d) صحیح

(e) صحیح

5۔ دالیں

6۔ (a) دودھ کی پیداوار میں اضافہ

7۔ (b) جوٹ اور پٹسن

8۔ (i)

9۔ (i)

10۔ (c) گیہوں

11۔ (a) گیہوں

12۔ (c)

13۔ تیسرا

14۔ باجرا

## 3/5 نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ (i) دوتہائی آبادی کا کھیتی کے کام میں لگنا۔

(ii) کھیتی ایک پرائمری سرگرمی ہے۔

(iii) مختلف صنعتوں کے لیے کچا مال مہیا کرانا۔

(iv) ہندوستان کی پرانی سرگرمیاں۔

(v) پچھلی کچھ صدیوں میں کھیتی کے کاموں انقلابی تبدیلی آئی ہے۔

2۔ (i) فصل بیمہ سہولت دینا

(ii) سرکاری بینکوں کی ترقی کر کسانوں کو قرض دینے کی سہولیات دینا۔

(iii) فصلوں کی حمایت کرنا اور ان کی پیداوار بڑھانا۔

(iv) موسم سے متعلق جانکاری کسانوں کو دینا۔

(v) کھیتی سے متعلق نئی تکنیک، نئے اوزار، کیمیائی کھاد وغیرہ سے متعلق پروگرام کی جانکاری ریڈیو اور ٹی وی پر دینا

3۔ (i) غیر کاشت کاری کے استعمال کے لیے زمین کا زیادہ استعمال ہونا۔

(ii) کیمیائی کھاد کا ضرورت سے زیادہ استعمال ہونے سے زمین کی زرخیزی کم ہو رہی ہے۔

(iii) پانی کے ذخائر خشک ہو چکے ہیں۔

(iv) حیاتیاتی تناسب غائب ہوتا جا رہا ہے۔

4۔ **خود کفیلی کھیتی:**

(i) یہ کھیتی زمین کے چھوٹے ٹکڑے پر پرانے اوزاروں کی مدد سے کی جاتی ہے۔

(ii) کسان اپنے کنبے کی ضروریات کے مطابق پیداوار کرتے ہیں۔

(iii) گنجان علاقے میں یہ کھیتی کی جاتی ہے۔

(iv) دو یا تین فصلیں اُگائی جاتی ہیں۔

(v) کھانے کی فصلوں پر زیادہ زور

**تجارتی کھیتی:**

(i) کھیتوں کا سائز بڑا ہوتا ہے۔

(ii) پیداوار برآمدات کے لئے کی جاتی ہے۔

(iii) کم آبادی والے علاقوں میں کی جاتی ہے۔

(iv) ایک خاص فصل اُگائی جاتی ہے۔

(v) گیہوں، کپاس اور گنّا وغیرہ

سوال نمبر 5 سے 8 اور 10 کے لئے درج ذیل جدول ملاحظہ فرمائیں:

| | فصل کا نام | درجۂ حرارت | فصل | مٹی | بارش | آب و ہوا | علاقے |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 3 | **چائے** | 20°C سے 30°C | باغاتی | اعلیٰ پانی کی نکاسی والی مٹی | 150 سینٹی میٹر سے 200 سینٹی میٹر | حارّی مرطوب آب و ہوا | آسام، مغربی بنگال، تامل ناڈو، کیرل |
| 4 | **ربڑ** | 25°C سے 35°C | باغاتی | مختلف النوع | 300 سینٹی میٹر | گرم مرطوب آب و ہوا | کیرل، آسام، تری پورہ، کرناٹک اور تامل ناڈو |
| 5 | **مکّا** | 21° سے 27°C | خریف | سیلابی مٹی | 50 سینٹی میٹر سے 100 سینٹی میٹر | مختلف طرح کی آب و ہوا | کرناٹک، اتر پردیش، بہار، مدھیہ پردیش، آندھرا پردیش |
| 6 | **گنّا** | 21°C سے 27° | خریف | سیلابی میٹی | 75 سینٹی میٹر سے 100 سینٹی میٹر | گرم اور مرطوب | اتر پردیش، تامل ناڈو، مہاراشٹر، اتر پردیش |
| 7 | **چاول** | 24°C | خریف | سیلابی مٹی | 100 سینٹی میٹر | منطقۂ حارہ کی آب و ہوا | مغربی بنگال، پنجاب، ہریانہ، آندھرا پردیش، تامل ناڈو |
| 7 | **کپاس** | 30°C | خریف | کالی اور سیلابی مٹی | 50 سینٹی میٹر سے 100 سینٹی میٹر | منطقۂ حارّہ کی آب و ہوا | مہاراشٹر، گجرات، ہریانہ، پنجاب |
| 8 | **گیہوں** | 10°C سے 25°C | ربیع | سیلابی مٹی | 50 سینٹی میٹر سے 75 سینٹی میٹر | منطقۂ حارّہ کی آب و ہوا | اتر پردیش، پنجاب، ہریانہ، مدھیہ پردیش، بہار، راجستھان |

9۔ (i) کپاس، جوٹ، سن اور قدرتی ریشم

(ii) کپاس، جوٹ، سن مٹی میں بوئی جاتی ہیں جبکہ ریشم کی پیداوار ریشم کے کیڑے کو کن سے ہوتی ہے۔

(iii) ریشم کے کیڑوں کو پالنا ریشم کی پیداوار کہلاتا ہے۔

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

اس قسم کی کاشت کاری ہندوستان کے بعض علاقوں میں اب بھی رائج ہے۔ قدیم اوزار مثلاً کھدائی کی لکڑی اور کنبہ یا بستی کے لوگ مزدوری کی مدد سے کی جاتی ہے۔ اس طرح کی پرانی طرز کی کاشتکاری زمین کے چھوٹے ٹکڑوں پر کی جاتی ہے۔ کاشتکاری موسم، مٹی کی فطری زرخیزی اور فصلوں کی نشوونما کے لیے دیگر ماحولی حالات کی موزونیت پر منحصر کرتی ہے۔

یہ ایک نوع کی 'کاٹو اور جلاؤ' (Slash and Burn) قسم کی کھیتی باڑی ہے۔ کسان زمین کے ایک خطے کو صاف کرتے ہیں اور اپنے اہل خاندان کی معاش کے لیے غلہ اور دوسری غذائی فصلیں پیدا کرتے ہیں۔ جب مٹی کی زرخیزی میں کمی آجاتی ہے تو کسان وہاں سے منتقل ہوکر کاشت کے لیے نئی زمین کو صاف کرتے ہیں۔ اس قسم کی منتقلی قدرت کو فطری طریقوں سے مٹی کی زرخیزی ک دوبارہ ابھرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ اس نوع کی کاشتکاری میں زمین کی اُپج یا پیداواریت میں بہت کمی آجاتی ہے کیونکہ کسان کھاد اور دوسری جدید اشیا اور سامان کا استعمال نہیں کرتے ہیں۔ ایسی کاشتکاری کو ملک کے متعدد مقامات پر مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے۔

کیا آپ اس قسم کی کچھ کاشتکاریوں کا نام بتا سکتے ہیں؟

شمال مشرقی ریاستوں مثلاً آسام، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ میں اسے جھمنگ (Jhumming) کہا جاتا ہے۔ منی پور میں پاملو، چھتیس گڑھ ضلع، بستر اور جزائر انڈمان اور نکوبار میں ''دیپا'' (Dipa) کے نام سے جانا جاتا ہے۔

(i) کاٹو اور جلاؤ قسم کی کھیتی کے بارے میں بتایئے۔

(ii) اس قسم کی کھیتی کو انڈومان اور نکوبار میں کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(iii) ناگالینڈ، آسام، میگھالیہ، میزورم میں اسے کس قسم کی کھیتی کے نام سے جانا جاتا ہے؟

(iv) پیراگراف کو مختصر کر کے اپنے لفظوں میں لکھیے۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

خریف کی فصلوں کی بوائی ملک کے مختلف حصوں میں موسم بارانی یعنی برسات کے آنے پر شروع ہو جاتی ہے اور انھیں ستمبر اکتوبر میں کاٹا جاتا ہے۔ اس موسم میں پیدا ہونے والی اہم فصلیں ہیں — دھان، مکئی، جوار، باجرا، ارہر، مونگ، اُڑد، کاٹن، جوٹ، مونگ پھلی اور سویابین وغیرہ۔ چاول کی پیداوار کرنے والے چند اہم ترین خطے ہیں — آسام، مغربی بنگال، اڈیشہ، آندھرا پردیش، تمل ناڈو، کیرل اور مہاراشٹر کے ساحلی علاقے۔ اتر پردیش اور بہار سمیت بطور خاص (کونکن ساحلی علاقے) وغیرہ حال میں دھان پنجاب اور ہریانہ کی اہم فصل بن چکا ہے۔ آسام، مغربی بنگال اور اڈیشہ جیسی ریاستوں میں دھان کی سال میں تین فصلیں ہوتی ہیں۔ یہ Aman، Aus اور Boro ہیں۔

(i) خریف کی فصلیں کب اور کس مہینے میں بوئی جاتی ہیں؟

(ii) خریف کی اہم فصلوں کے نام بتائیے۔

(iii) پنجاب اور ہریانہ کی اہم فصل کیا ہے؟


(iv) آسام، مغربی بنگال اور اڈیشہ ریاستوں میں دھان کی سال میں کتنی فصلیں ہوتی ہیں اور وہ کس نام سے جاتی جاتی ہیں۔

# باب – 10


# معدنیات اور توانائی کے وسائل

## یادرکھنے کے لائق باتیں

### معدنیات کی درجہ بندی





## آہنی معدنیات 10% دیگر




تانبہ کی پیداوار




باکسائیٹ کی پیداوار




چونا پتھر کی پیداوار




## یادرکھنے لائق نکات

1۔ **معدن(Mineral)**: ایک قسم کا ایسا مادہ ہے جو قدرتی طور پر پایا جاتا ہے جس میں سختی، رنگ اور ایک مقررہ شکل ہوتی ہے

2۔ **لیگنائٹ**: ایک کم درجہ کا کوئلہ

3۔ **کچ دھات(Ore)**: لوہا، مینگنیز، ابرق جیسے معدنیات کا آمیزہ۔ دھات ایک قسم کا ایسا مادہ ہے جو قدرتی طور پر پایا جاتا ہے یہ ہیرے کی سخت شکل میں کبھی ہوتے ہیں اور ابرق کی شکل میں نازک نرم بھی۔

4۔ **ہیمیٹائٹ**: صنعتوں میں استعمال ہونے والا عمدہ قسم کا لوہا جس میں 60% آہنی جزو ہوتا ہے۔

5۔ **میگنیٹائٹ**: عمدہ قسم کی آہنی کچ دھات جس میں 70% آہنی جزو ہوتا ہے۔

6۔ **پٹرولیم**: غیر خالص یا معدنی تیل

7۔ **کان کنی:** مفید معدنی اشیا کو ان کے قدرتی ذخیروں سے باہر نکالنا

8۔ **آہنی معدنیات:** ایسے معدنیات جن میں آہنی جزو ہوتا ہے مثلاً لوہا، مینگنیز وغیرہ

9۔ **ممبئی ہائی:** ممبئی سے 115 کلومیٹر دور بحر عرب میں واقع تیل کا علاقہ

10۔ **نیوکلیائی یا ایٹمی توانائی:** ایٹم کے انشقاق (Fission) سے حاصل ہونے والی توانائی

11۔ **بایوگیس:** گھاس پھوس، زراعتی کچرہ، جانوروں اور انسانوں کے فضلہ سے گیسی ایندھن کی شکل میں حاصل ہونے والی توانائی

12۔ **دھاتی معدنیات:** ایسے معدنیات جن میں دھات کے عنصر پائے جاتے ہیں۔ جیسے لوہا کچ دھات، باکسائٹ وغیرہ

13۔ **غیر دھاتی معدینات:** ایسے معدنیات جن میں دھات کے عنصر نہیں ہوتے۔ جیسے چونا پتھر، پوٹاشیم وغیرہ

14۔ **ماہرین ارضیات:** وہ سائنسداں جو چٹانوں کے مطالعہ کی بنیاد پر زمین کی ساخت کا مطالعہ کرتے ہیں۔

## ہندوستان میں مختلف طرح پائے جانے والے معدنیات کے علاقے

| | |
|---|---|
| آہنی معدنیات | چھتیس گڑھ، جھارکھنڈ، گوا اور کرناٹک |
| مینگنیز | کرناٹک، اڑیسہ، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر اور گوا |
| المونیم | مدھیہ پردیش، گجرات، تامل ناڈو |
| ابرق | بہار، آندھر پردیش، راجستھان |
| تانبہ | مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، راجستھان، کرناٹک، کرناٹک اور بہار |
| سونا | مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، چھتیس گڑھ، اڑیسہ، مغربی بنگال، آندھر پردیش، |
| کوئلہ | مہاراشٹر |
| معدنی تیل | بمبئی ہائی، آسام، گجرات، اروناچل پردیش، آندھر پردیش، تامل ناڈو |

## معدنیات کا تحفظ ضروری ہے

- ادنیٰ قسم کی خام چیزوں کو کم قیمت پر استعمال کرنے کے لیے اعلیٰ قسم کی ٹکنالوجی کو بھی اپنانے کی ضرورت ہے۔
- معدنیات کا دوبارہ استعمال خارج از استعمال ادھاتوں کو کام لانا اور اس طرح کے دوسرے متبادل میں ہمارے معدنی وسائل کا مستقبل میں تحفظ کر سکتے ہیں۔

## توانائی کے ذرائع کا تحفظ

- محدود توانائی کے ذرائع کا استعمال دانشمندی سے کرسکیں۔
- انفرادی سواری کے بجائے پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال کریں۔
- بجلی کا سوئچ بند کر سکتے ہیں جب اس کا استعمال نہ ہو رہا ہو۔
- توانائی کے غیر روایتی ذرائع کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔
- توانائی کا بچانا ہی توانائی پیدا کرنا ہے۔

## دلچسپ حقیقت

**Rat Hole Mining چوہے کے بل سے معدنیات نکالنا:** کیا آپ کو علم ہے کہ ہندوستان کی زیادہ معدنیات کو قومی ملکیت بنا دیا گیا ہے۔ لیکن شمالی مشرقی ہندوستان کے دھاتوں پر فرد اور جماعت کی ہی ملکیت ہے میگھالیہ میں کوئلہ، چونا پتھر اور خام لوہے کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے جواتی اور چراپونجی علاقوں میں کوئلے کی کھدائی خاندان کے افراد کے ذریعہ ایک لمبی سرنگ کے ذریعہ کی جاتی ہے جسے Rat Hole Mining چوہے کے بل کی کان کنی کہا جاتا ہے۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

کنڑ زبان میں Kudre کے معنی گھوڑا ہوتے ہیں کرناٹک کے مغربی گھاٹ کی سب سے اونچی چوٹی

گھوڑے کے چہرے جیسی معلوم ہوتی ہے اسی طرح بیلا ویلا کی پہاڑیاں بیل کے کوبڑ جیسی دکھائی دیتی ہیں۔ اسی مناسبت سے ان کا نام بھی اسی طرح رکھا گیا ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی دھات چٹّانوں کے گلنے اور سڑنے سے بنتی ہے اور ایک فرسودہ مادہ کا تودہ چھوڑ جاتی ہے۔

(a) کوئلہ

(b) باکسائٹ

(c) سونا

(d) جستہ

2۔ جھارکھنڈ میں " کوڈرما" کے مقام پر مندرجہ ذیل میں سے کون سی دھات بڑی مقدار میں پائی جاتی ہے۔

(a) باکسائٹ

(b) ابرق

(c) خام لوہا

(d0 تانبہ

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کون چٹانوں کی پرتوں میں دھاتیں جمع ہو جاتی ہیں۔

(a) رسوبی چٹانیں

(b) حرارت اور دباؤ سے بنی چٹانیں

(c) آتش فشانی چٹانیں

(d) ان میں سے کوئی نہیں

4۔ درج ذیل میں کس میں غیر روایتی ذرائع کے وسائل موجود ہیں۔

(1) (a) مدوجزر توانائی

(2) (b) ہوائی توانائی

(3) (c) شمسی توانائی

(4) (d) ارضی حرارت

جواب: a۔ صرف 1

b۔ صرف 1 اور 2

c۔ صرف 3

d۔ سبھی 1,2,3,4

5۔ درج ذیل جانکاری کے حساب سے معدن کو پہچانیے۔

(1) ہندوستان میں توانائی کا یہ دوسرا خاص وسائل ہے۔

(2) ہندوستان میں کل پیداوار 63 فی صد ممبئی ریاست سے ہے۔

(3) ہندوستان میں سب سے پرانا پیداوار والی ریاست آسام ہے۔

(4) توانائی اور ناقابلِ تجدید وسائل ہے۔

(A) پیٹرولیم

(B) کوئلہ

(C) ہوائی توانائی

(D) قدرتی گیس

6۔ غلط میلان کی پہچان کیجئے۔

A معدنی وسائل - نکل

B معدنی وسائل - کوبالٹ

C معدنی وسائل - پوٹاش

D معدنی وسائل - پلاٹینم

7۔ موناجائٹ ریت میں درج ذیل میں سے کون سی معدنیات پائی جاتی ہے۔

(A) معدنی تیل

(B) یورنیم

(C) تھریم

(D) کوئلہ

## درج ذیل سوالوں کے صحیح متبادل چنیے :

8۔ درج ذیل میں کون کوئلے کی عمدہ قسم ہے؟

(a) بیٹومنس (b) اینتھر اسائٹ

(c) لیگنائٹ (d) ان میں سے کوئی نہیں

9۔ سیمنٹ صنعت میں کون کچے مال کی شکل میں استعمال میں آتا ہے؟

(a) چونا پتھر (b) کوئلہ

(c) ابرق (d) المونیم

10۔ نیچے دیے گئے جملے میں کشیدہ خط کو صحیح کر کے جملے کو درست کیجیے۔

(a) ہماچل پردیش میں منی کرن <u>کوئلے کی کان</u> کے لئے مشہور ہے۔

(b) کرناٹک کے کیگا میں <u>توانائی کے روایتی وسائل</u> موجود ہیں۔

11۔ نیچے دیے گئے جملے میں دو بیان دیے گئے ہیں ایک دعویٰ (A) اور دوسری وجہ (R) ہے صحیح متبادل چن کر لکھیے۔

دعویٰ (A): ابرق ایک چمک دار دھات ہے۔

وجہ (R): ابرق میں دھاتوں جیسی خوبی نہیں ہوتی ہے۔

12۔ دعویٰ (A): تانبہ کا استعمال بجلی کے تار بنانے میں کیا جاتا ہے۔

وجہ (R): تانبہ الیکٹرونک اور کیمیائی صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے۔

13۔ دعویٰ (A): شمسی توانائی روایتی توانائی کی ایک مثال ہے۔

وجہ (R): شمسی توانائی ماحول سے پاک توانائی کی مثال ہے۔

## مختصر /طویل جواب والے سوالات(3/5نمبر)

1۔ ’معدنیات کی ہماری زندگی میں کیا اہمیت ہے؟

2۔ معدنیات کتنے طرح کے ہوتے ہیں؟ ان کا بٹوارکس بنیاد پر کیا جاتا ہے؟

3۔ آتشیں یا تغیر پذیر چٹانوں میں معدنیات کیسے بنتے ہیں؟

4۔ آہنی اور غیر آہنی معدنیات کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

5۔ کچے لوہے کی تین خاص خاص پٹیاں کون کون سی ہیں؟

6۔ ابرق کس شکل میں پایا جاتا ہے؟ ہندوستان میں اس کے خاص علاقے کون سے ہیں؟ ابرق کے خاص استعمال کیا ہیں؟

7۔ ہندوستان میں گیس آمدورفت کی صدی کہی جانے والی پائپ لائن کا نام لکھیے اور قدرتی گیس کے دو خاص استعمال کا ذکر کیجیے۔

8۔ ’ہندوستان میں شمسی توانائی کا مستقبل روشن ہے‘۔ وضاحت کیجیے۔

9۔ ممبئ ہائی کیوں مشہور ہے؟ ملک کی معیشت میں اس کا کیا مقام ہے؟

10۔ حرارتی (تھرمل) بجلی اور آبی بجلی کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

11۔ کان کانی کی صنعت کو خطرناک صنعت کیوں کہا جاتا ہے؟

12۔ ہم توانائی کی حفاظت کس طرح کر سکتے ہیں؟

13۔ ہمیں معدنیات کی حفاظت کی ضرورت کیوں ہے؟ اس کی حفاظت کے طریقے بھی بتائیے۔

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (A) کوئلہ

2۔ (B) ابرق

3۔ (C)

4۔ (D) 1,2,3,4

5۔ (A) پیٹرولیم

6۔ (C) پوٹاش

7۔ (D) کوئلہ

8۔ (A) بیٹومنس

9۔ (A) چونا پتھر

10۔

11۔ (B)

12۔ (A)

## 3/5نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ روزانہ کی زندگی میں کام آنے والی چیزیں چھوٹی پن اور سوئی سے لے کر ہوائی جہاز تک معدنیات سے بنائے جاتے ہیں۔

— عمارتیں پل بھی معدنیات سے بنائے جاتے ہیں

— مشینیں، بڑے بڑے اوزار بھی معدنیات سے بنائے جاتے ہیں

— آمدورفت کے ذرائع، برتن وغیرہ بھی معدنیات سے بنائے جاتے ہیں۔

2۔ معدنیات تین طرح کے ہوتے ہیں:

— دھاتی غیر دھاتی توانائی کے

— معدنیات کو ان کی بناوٹ، رنگ، چمک، سختی، گھناپن اور کرسٹل کی بنا پر بانٹا جاتا ہے

3۔ **آتشیں یا تغیر پذیر چٹانیں:** ان چٹانوں میں معدنیات، شگافوں، سوراخوں، چٹانوں گہرائیوں اور جوڑوں میں واقع ہوسکتی ہیں۔ کم مقدار میں دھات پائے جانے کو زگ کہاجاتا ہے جبکہ بڑی مقدارکو پرت(Lode)۔ زیادہ تر حالتوں میں معدنیات اس وقت ملتی ہیں جب وہ رقیق یا پگھلی شکل میں یا پھر گیس کی صورت میں سوراخوں کے ذریعے زمین کی اوپری سطح پر آتی ہیں۔ یہاں آ کر وہ ٹھنڈی اور سخت ہوجاتی ہیں جیسےٹن، تانبہ اور سیسہ وغیرہ

4۔ — آہنی معدنیات:— ایسی معدنیات جن میں لوہا بطور جزوترکیبی موجود ہوتا ہے۔
مثال:۔ مینگنیز، نکل اور کوبالٹ

— غیر آہنی معدنیات:— ایسی معدنیات جن میں لوہا موجودنہیں ہوتا ہے۔
مثال:۔ تانبہ، سیسہ، جست (زنک)، باکسائٹ وغیرہ

5۔ — اوڈیشہ، جھارکھنڈ پٹی

— درگ، بستر، چندر پور پٹی

— کرناٹک، کالا ہاڑی، چتر درگ، چک منگلور پٹی

— مہاراشٹر اور گوا پٹی

6۔ — ابرق ایک ایسا معدن ہے جو پتیوں یا طشتریوں کے ایک سلسلے سے بنتا ہے۔ یہ آسانی سے چادروں میں پھٹ جاتا ہے۔ یہ صاف، کالا، ہرا، لال، پیلا اور بھورا ہوسکتا ہے۔ ابرق الیکٹرانک اور برقی صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے

— یہ چھوٹا ناگپور سطح مرتفع کے شمالی کناروں کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں

— جھارکھنڈ کا کوڈرما، گیا، ہزاری باغ یہ ابرق پیدا کرنے والی اہم پٹی ہے

— راجستھان میں ابرق پیدا کرنے والا خاص علاقہ اجمیر کے پاس ہے

— آندھرا پردیش کا نیلور پٹی ملک میں ابرق پیدا کرنے والا اہم علاقہ ہے

7۔ — 1700 کلومیٹر لمبا ہزیرا- بیجا پور-جگدیش پور گیس پائپ لائن

— ممبئی ہائی اور بسنین کی شمالی اور مغربی ہندوستان کو کیمیائی کھاد، توانائی اور صنعتی مرکبات کے

ساتھ جوڑتی ہے۔ اس لائن نے ہندوستان کی گیس پیداوار کو ایک قوت فراہم کی ہے، بجلی اور کیمیائی صنعتیں قدرتی گیس کو سب سے زیادہ استعمال کرنے والی اکائیاں ہیں

— رقیق ایندھن کے بدلے گاڑیوں کو چلانے کے لیے سی این جی کا استعمال بہت مقبول ہو رہا ہے

8۔ — ہندوستان ایک گرم ملک ہے اس کے پاس شمسی توانائی کو حاصل کرنے کے بہت امکانات ہیں

— یہ آلودگی سے پاک ہے

— شمسی توانائی قابل تجدید توانائی کا ذریعہ ہے

— مڈل کلاس کے لوگ آسانی سے شمسی توانائی سے استفادہ کر سکتے ہیں

— یہ زراعت کے لیے کھادوں کی سپلائی میں بھی اپنا تعاون دے گا

9۔ **حرارتی بجلی:** اسے کوئلہ، پٹرولیم اور قدرتی گیس کے ذریعے بنایا جاتا ہے

— مستقل ذریعہ نہیں ہے

— آلودگی سے مبرّا نہیں ہے

**آبی بجلی:** اونچائی سے گرتے ہوئے پانی کی طاقت کا استعمال کر کے ٹربائن کو گھمایا جاتا ہے جس سے بجلی پیدا ہوتی ہے

— مستقل ذریعہ ہے

— آلودگی سے مبرّا ہے

10۔ — ممبئی کے نزدیک سمندر میں واقع معدنی تیل کا علاقہ ممبئی ہائی کہلاتا ہے

— ہندوستان کی پٹرولیم پیداوار کا تقریباً 63% تیل بمبئی ہائی سے ملتا ہے

— اس سے غیر ملکی کرنسی کی بچت ہوتی ہے

11۔ — دھول اور زیر زمین دھوئیں جو کھدائی کرنے والوں کے سانسوں کے ذریعے ان کے پھیپھڑوں میں جاتا ہے

— ان سے انھیں خطرناک پھیپھڑوں کی بیماری ہوجاتی ہے

— کانوں کی چھتوں کے گرنے کے اندیشے سے کوئلہ کی کانوں میں آتش زدگی، سیلاب کا خطرہ ان کے سر پر منڈلاتا رہتا ہے

— کھدائی کے سبب اس علاقے میں پانی کے ذرائع آلودہ ہوجاتے ہیں

— فضلات کا ڈھیر زمین اور مٹی کی عمر کو کم کرتا ہے اور ندی اور تالابوں کو آلودہ کرتا ہے

12۔ — ضروری نہ ہونے پر بجلی کا سوئچ بند کردینا چاہیے

— اپنی انفرادی سواری کے بجائے پبلک ٹرانسپورٹ کا استعمال کرسکتے ہیں

— محدود توانائی کے ذرائع کا استعمال دانشمندی سے کریں

— قابل تجدید وسائل کا استعمال کرنا چاہیے

— بجلی کھپت کرنے والے آلات کا استعمال کرنا چاہیے اپنے گھروں میں

13۔ — ہم سبھی صنعت و زراعت کے معدنی ذخیرے پر مکمل انحصار کرتے ہیں

— یہ معدنیات قابل تجدید وسائل نہیں ہیں

— ان کے وسائل محدود ہین اور ان کی مقدار کم ہے

— ان کے بننے اور جمع ہونے میں ہزاروں سال لگتے ہیں

— انھیں آنے والی نسلوں کے لیے سنبھال کر رکھنا چاہیے

## اس کے تحفظ کے طریقے

— ادنیٰ قسم کی خام چیزوں کو کم قیمت میں استعمال کرنے کے لیے اعلیٰ قسم کی ٹیکنالوجی کو بھی اپنانے کی ضرورت ہے

— جہاں تک ممکن ہو پلاسٹک اور لکڑی کا استعمال کریں

— ردّی اور پرانے مال کا دوبارہ استعمال کرنا چاہیے

— اس طرح کے دوسرے متبادل ایسے اقدامات ہیں جو ہمارے معدنی وسائل کا مستقبل تک تحفظ

کر سکتے ہیں

## Source Based Questions (4 Marks)

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

ہم سبھی صنعت و زراعت کے معدنی ذخیرے پر مکمل انحصار اور ان صنعتوں سے پیدا ہونے والی اشیا کی بڑی قدر کرتے ہیں۔ کام کے لائق کل معدنی ذخیرہ کے پورے حجم کا ایک معمولی حصہ یعنی سطح زمین کا ایک فیصد ہمارے پاس ہے۔ ہم بری تیزی کے ساتھ ان معدنی وسائل کا استعمال کر رہے ہیں۔ جن کے بننے اور جمع ہونے میں ہزاروں سال لگے ہیں۔ معدنی اشیا کی تعمیر کا ارضیاتی عمل اتنا دھیما ہے کہ اس کے پُر ہونے کی شرح اس کے استعمال ہونے کی شرح کے مقابلے میں بہت کم ہے۔ ایک طرف معدنی وسائل محدود ہیں تو دوسری طرف تجدید کے لائق بھی نہیں ہیں وافر معدنی ذخیرہ سارے ملک کے لیے قیمتی ہیں لیکن یہ بہت کم ہیں۔ کچھ معدنیات کا مسلسل استخراج اخراجات میں اضافے کا سبب ہے کیونکہ معدنی استخراج، بڑی گہرائیوں سے کرنا پڑتا ہے اور یہ اچھے قسم کا بھی نہیں ہوتا۔ معدنی وسائل کے صحیح استعمال کے لیے ایک مرکزی کوشش کی ضرورت ہے تاکہ ان ذرائع کا استعمال ایک منصوبہ بند طریقے سے ہو سکے۔ ادنیٰ قسم کی خام چیزوں کو کم قیمت پر استعمال کرنے کے لیے اعلیٰ قسم کی ٹیکنالوجی کو بھی اپنانے کی ضرورت ہے۔ معدنیات کا دوبارہ استعمال، خارج از استعمال دھاتوں کو کام میں لانیا، اور اس طرح کے دوسرے متبادل ایسے اقدامات ہیں جو ہمارے معدنی وسائل کا مستقبل تک تحفظ کر سکتے ہیں۔

(i) ہم کن کن چیزوں پر معدنیات کا انحصار کرتے ہیں۔

(ii) معدنیات کو بننے اور جمع ہونے میں کتنے سال لگتے ہیں؟

(iii) معدنیات بننے کا عمل کیسا ہوتا ہے؟

(iv) پیراگراف کو مختصر کر کے اپنے لفظوں میں لکھیے۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

ہم لوگ اپنی روزمرہ کی زندگی میں دھاتوں سے بنی چیزوں کا استعمال کرتے ہیں۔ کیا آپ اپنے گھر میں استعمال ہونے والی دھاتوں سے بنی ہوئی چیزوں کی ایک فہرست تیار کر سکتے ہیں؟ یہ دھاتیں کہاں سے آتی ہیں؟

آپ نے پڑھا ہوگا کہ زمین کی اوپری پرت چٹانوں سے حاصل شدہ دھاتوں سے بنی ہے۔ مختلف قسم کی دھاتیں معدنیات سے صفائی کے ذریعہ حاصل کی جاتی ہیں؟


معدنیات ہماری زندگی کا ایک لازمی حصہ ہیں۔ ہمارے استعمال کی تقریباً تمام چیزیں ایک چھوٹے پن سے لے کر ایک اونچی عمارت تک یا پھر ایک بڑے جہاز تک۔ تمام چیزیں معدنیات سے بنائی جاتی ہیں۔ ریل لائن سڑکوں کا ڈامر یا تارکول، اوزار اور مشین بھی تو معدنیات سے بنائی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ کاریں، بسیں یہاں تک کہ جہاز بھی معدنیات سے بنائے جاتے ہیں اور توانائی کے ذریعہ چلائے جاتے ہیں۔ یہ توانائی زمین سے حاصل ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ غذائیں جو ہم لیتے ہیں، اس میں بھی معدنیات پائی جاتی ہیں۔ ترقی کے ہر مرحلے میں بنی نوع انسان نے اپنی زندگی، سجاوٹ، تیوہاروں اور دوسری مذہبی تقریبات کے لیے معدنیات کا استعمال کیا ہے۔


(i) ہم روزمرّہ کی زندگی میں کن کن دھاتوں کا استعمال کرتے ہیں۔


(ii) کون کون سی چیزوں میں معدنیات کا استعمال ہوتا ہے؟


(iii) کن کن چیزوں میں ہم معدنیات کو کھانے میں استعمال کرتے ہیں؟

(iv) معدنیات کا تحفظ کیوں ضروری ہے؟


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer
Kms. 0 230 460 Kms.


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer

# باب – 11

# سامان تیار کرنے والی صنعتیں

## یادرکھنے کے لائق باتیں

1۔ سامان سازی(Manufacturing):—خام مال کا استعمال کر کے مشینوں کے ذریعے بڑی مقدار میں قیمتی اشیا بنانے کا عمل سامان سازی کہلاتا ہے۔

2۔ صنعت(Industry):—سامان سازی کی وسیع شکل صنعت کہلاتی ہے۔

3۔ بنیادی صنعتیں:—ایسی صنعتیں جو دوسری صنعتوں کے لیے اپنے مال کو خام مال کی شکل میں سپلائی کرتی ہیں۔مثلاً لوہا اور فولاد کی صنعت

4۔ زراعت پر منحصر صنعتیں:—ابتدائی اشیا یا زرعی پیداوار کو صنعتی پیداوار میں تبدیل کرنے والی صنعتیں

5۔ چھوٹے پیمانے کی صنعتیں:—ایسی صنعتی اکائیاں جنھیں کم سرمائے اور تھوڑے مزدوروں کی مدد سے چلایا جاتا ہے۔

6۔ گھریلو صنعتیں:— چھوٹی مشینوں کی مدد سے اہل خانہ کے ذریعے گھروں میں چلائی جانے والی صنعتیں۔ مثلاً کھادی، دستکاری

7۔ بھاری صنعتیں:—ایسی صنعتی اکائیاں جن میں بھاری خام مال کا استعمال کیا جاتا ہے مثلاً لوہا اور اسٹیل صنعت، چینی صنعت، سیمنٹ صنعت وغیرہ

8۔ نجی شعبہ کی صنعتیں:— کسی ایک فرد یا کئی افراد کے ذریعے چلائی جانے والی صنعتیں مثلاً ڈابر، بجاج آٹو لمیٹڈ، ٹسکو انڈسٹریز

9۔ عوامی شعبہ کی صنعتیں:— حکومت کی ملکیت والی اور حکومت کے زیر کنٹرول صنعتیں جیسے SAIL، BHEL

10۔ مشترکہ شعبوں کی صنعتیں:۔۔۔ جو مشترکہ طور پر سرکار اور فرد واحد یا کسی گروپ کے ذریعے چلائی جاتی ہیں جیسے OIL انڈیا لمیٹڈ

11۔ کوآپریٹیو شعبوں کی صنعتیں:۔۔۔ یہ صنعتیں اشیا تیار کرنے والے یا خام مواد فراہم کرنے والے مزدور یا دونوں کے ذریعے چلائی جاتی ہیں اور دونوں کے پاس ان کی ملکیت ہوتی ہے اور نفع اور نقصان کے برابر حصے ہوتے ہیں

مثلاً: مہاراشٹر کی چینی صنعت اور کیرل کی ناریل کے ریشہ کی صنعت

12۔ غیر ملکی زر مبادلہ:۔۔۔ ایک ملک کی کرنسی کو دوسرے ملک کی کرنسی میں تبدیل کرنے کا عمل۔

13۔ زر مبادلہ:۔۔۔ کرنسی کا وہ روپ جس سے درآمدات و برآمدات کو خریدا اور بیچا جاتا ہے۔

14۔ معدنیات پر مبنی صنعتیں:۔۔۔ وہ صنعتیں جو معدنیات کو خام مال کے طور پر استعمال کرتی ہیں۔ بجلی کے پنکھے، سلائی مشین، ٹیلی فون

## یاد رکھنے کے لائق باتیں

15۔ پیداوار کی اہمیت:۔ پیداوری شعبہ کو عام طور پر ترقی کی ریڑھ کی ہڈی کے طور پر مانا جاتا ہے۔

(i) یہ زراعت کو جدید بناتی ہے۔

(ii) ثانوی اور ثالثی شعبے میں لوگوں کو روزگار مہیا کراتی ہے۔

(iii) علاقائی تفریق کو کم کرتی ہے۔

(iv) ایکسپورٹ کرنا تجارت اور کامرس کو وسعت دیتا ہے۔

16۔ صنعتی محل وقوع

(i) زر کی فراہمی

(ii) خام مواد کی فراہمی

(iii) مزدوروں کا ملنا

(iv) بجلی کی فراہمی

(v) بازار کی موجودگی

(vi) نقل وحمل کی آسانی

17۔ **زراعت پر منحصر صنعتیں:۔** مثال کے طور پر کپاس، جوٹ اور چینی چائے۔ کافی، کھانے کا تیل وغیرہ

18۔ **معدنیات پر منحصر صنعتیں:۔** لوہا، اسپات، سمنٹ کی صنعتیں، قیمتی اوزار اور پٹرول وکیمیکل

19۔ **دھات سے متعلق دوسری صنعت:۔** المونیم، تانبہ وغیرہ

20۔ **صارفین صنعت:۔** جو صارفین کے براہِ راست استعمال کے لئے اشیاء بناتی ہے۔ جیسے، چینی، ٹوتھ پیسٹ، کاغذ، سلائی مشین پنکھے وغیرہ۔

21۔ **ملکیت کی بنیاد پر:۔** عوامی شعبے جو سرکاری ایجنسیوں کے ذریعے چلائے جاتے ہیں اور وہ سرکار کی ملکیت ہے مثلاً BHEL SAIL

22۔ **نجی شعبوں کی صنعتیں:۔** جو کسی فرد واحد یا کسی ایک گروپ کے ذریعے چلائی جاتی ہے۔ مثلاً ڈابر، بجاج آٹو لمٹیڈ اور TISCO انڈسٹریز

23۔ **مشترکہ شعبوں کی صنعتیں:۔** جو مشترکہ طور پر سرکار اور فرد واحد یا کسی گروپ کے ذریعے چلائی جاتی ہیں۔ مثلاً Oil انڈیا لمٹیڈ

24۔ **کوآپریٹو شعبوں کی صنعتیں:۔** اشیاء تیار کرنے والے یا خام مواد فراہم کرنے والے مزدوروں یا دونوں کے ذریعے چلائی جاتی ہیں جیسے مہاراشٹر کی چینی کی صنعت کیرل کی ناریل کے ریشہ کی صنعت۔

25۔ **صنعتی آلودگی اور ماحولیاتی انحطاط:**

(i) فضائی آلودگی:۔ صنعتوں کے ذریعے سلفر ڈائی آکسائیڈ کاربن مولو آکسائیڈ Let میں چھوڑتی ہے اس میں کاغذ اور کیمیکل فیکٹریاں لاینٹ بنانے والی بھی ریفائنری اور پگھلانے والے پلانٹ شامل ہیں۔

(ii) آبی آلودگی:۔ آبی آلودگی نامیاتی اور غیر نامیاتی صنعتی فضلات اور ردّی کی وجہ سے پھیلتی ہے

کاغذ کا گودکیمیکل ٹیکسٹائل اور رنگ بناتے ہیں۔ پیٹرولیم ریفائنزیاں چمڑہ تیار کرنے والے اور رنگنے والے کارخانے آبی آلودگی کے ذمے دار ہیں۔

(iii) تھرمل آلودگی فیکٹریوں اور تھرمل پلانٹ کا گرم پانی ٹھنڈا کرنے سے پہلے دریاؤں اور تالابوں میں ڈالا جاتا ہے یہ کینسر وضع حمل میں کمزوریوں کا سبب بنتی ہیں۔

(iv) صوتی آلودگی: اس کی وجہ سے قوت سماعت (سننے) میں کمی حرکت قلب اور Blood Pressure کی تیزی بھی پیدا ہوسکتی ہے۔

## کثیر اختیاراتی سوالات

1۔ درج ذیل میں سے کون سی صنعت زراعت پر منحصر ہے۔

(A) لوہے اور اسپات

(B) سمنٹ صنعت

(C) چینی صنعت

(D) موٹر گاڑی صنعت

2۔ درج ذیل میں سے کون المونیم کو بنانے میں کچّے مال کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(A) باکسائٹ

(B) لوہا

(C) چونا پتھر

(D) تانبہ

3۔ درج ذیل میں سے کس کا تعلق ربر کی صنعت سے ہے۔

(A) زراعت پر منحصر صنعت ہے۔

(B) کیمکل پر منحصر صنعت ہے۔

(C) سمنٹ پر منحصر صنعت ہے۔

(D) کھاد پر منحصر صنعت ہے۔

4۔ درج ذیل میں سے کون سا شہر ہندوستان کی الیکٹرانک راجدھانی کی شکل میں ابھرا ہے۔

(A) ایٹانگر

(B) سورت

(C) رامیشورم

(D) بنگلور

5۔ درج ذیل میں سے کون سی صنعت ٹیلی کمیونیکیشن اور کمپیوٹر کے اوزار کو بناتی ہے۔

(A) لوہا اور اسپات

(B) الیکٹرانک کی صنعت

(C) المونیم کی صنعت

(D) سمنٹ کی صنعت

6۔ درگاپور لوہا اسپات کی صنعت کس ریاست میں واقع ہے۔

(A) بہار

(B) مغربی بنگال

(C) جھارکھنڈ

(D) کرناٹک

7۔ کیرل کی ناریل کی صنعت مثال ہے۔

(A) پبلک سیکٹر کی صنعت

(B) نجی سیکٹر کی صنعت

(C) مشترکہ سیکٹر کی صنعت

(D) کوآپریٹو سیکٹر کی صنعت

8۔ ہندوستان میں پہلا سوتی صنعت کا قیام 1854 میں کہاں ہوا۔

(A) ممبئ

(B) دلّی

(C) کولکتہ

(D) چنئی

9۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): سیمنٹ صنعت کی اکائیاں خاص طور سے گجرات میں لگائی گئی ہیں۔

وجہ (R): یہاں سے اسے گلف ممالک کے بازاروں کی آسانی سے دستیابی ہے۔

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

10۔ دعویٰ (A): لوہا اور اسپات صنعت ایک ______ صنعت۔

وجہ (R): دوسرے سبھی ہلکے بھاری اور میڈیم صنعتیں اسکی بنی مشینریوں پر منحصر ہیں۔

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

11۔ دعویٰ (A): گزشتہ سالوں میں چینی کی ملوں کی تعداد جنوب اور مشرقی ریاستوں میں خاص کر مہاراشٹر میں بڑھی ہیں۔

وجہ (R): یہاں کے گنّے میں جوس کی مقدار زیادہ ہے۔

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

12۔ درج ذیل میں سے کون سا لوہا اور اسپات صنعت کے لیے کچّا مال نہیں ہے۔

(A) لوہا

(B) جپسم

(C) چونا پتھر

(D) مینگنیز

جواب: A صرف II

B صرف I, III اور IV

C صرف I, II اور III

D صرف III

13۔ درج ذیل خوبیاں کی وجہ سے صنعت کی پہچان کیجئے۔

(i) دھات ہندوستان کی دھات سے متعلق دوسری سب سے بڑی صنعت ہے۔

(ii) یہ ہلکا اور تحلیلی فرساپتس سے روکنے والا گرمی کا ایک اچھا منظّم اور متورف ہے۔

(iii) اس کا استعمال برتن بنانے سے لے کر ہوائی جہاز بنانے تک کیا جاتا ہے۔

(A) لوہا اور اسپات کی صنعت

(B) المونیم کی صنعت

(C) مواصلاتی ٹیکنالوجی اور الیکٹرانک صنعت

(D) کیمیائی صنعت

14۔ تمل ناڈو میں واقع لوہا اور اسپات ________ ہے

(A) بھدراوتی

(B) راورکیلا

(C) سیلم

(D) بھیلائی

15۔ اسٹیل آتھارٹی آف انڈیا لمیٹڈ کمپنی مثال ہے۔

(A) پبلک سیکٹر کی

(B) نجی سیکٹر کی

(C) مشترکہ سیکٹر کی

(D) کوآپریٹوسیکٹر کی

جوابات:-

1۔ (C) چینی کی صنعت

2۔ (A) باکسائٹ

3۔ (B) کیمکل کی صنعت

4۔ (D) بنگلور

5۔ (B)

6۔ (B) مغربی بنگال

7۔ (D) کوآپریٹوسوسائٹی سیکٹر کی صنعت

8۔ (A) ممبئی

9۔ (A)

10۔ (A)

11۔ (A)

12۔ (A) صرف

13۔ (B) المونیم

14۔ (C) سیلم

15۔ (A) پبلک سیکٹر کی

## مختصر /طویل جواب والے سوالات(3/5نمبر)

1۔ صنعتوں کے محل وقوع کے لیے کوئی تین طبعی وجوہات کو بیان کریں۔

2۔ کسی صنعت کے جائے وقوع کے لیے تین انسانی وجوہات کو بیان کریں۔

3۔ عوامی شعبہ (پبلک سیکٹر) اور نجی شعبہ کی صنعتوں کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

4۔ ہندوستان کی زیادہ تر جوٹ ملیں مغربی بنگال میں کیوں واقع ہیں؟

5۔ اشیا سازی کی صنعت (مینوفیکچرنگ انڈسٹری) کو ہندوستان کی اقتصادی ترقی کی ریڑھ کی ہڈی مانا جاتا ہے۔ وجہ بیان کیجیے

6۔ چینی صنعت کو درپیش چیلنجز کون کون سے ہیں؟

7۔ زراعت اور صنعت ایک دوسرے سے جدا نہیں ہیں بلکہ ایک دوسرے کے متبادل ہیں۔ وضاحت کیجیے۔

8۔ سوتی کپڑے کی صنعت کو کون سے مسائل درپیش ہیں؟

9۔ ہمارے ملک کے لیے سیمنٹ کی صنعت کو فروغ بہت اہم ہے۔ وجہ بیان کیجیے۔

10۔ ہندوستان میں عالمگیر ترقی اور غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری نے کس طرح موٹر گاڑیاں صنعتوں نے ترقی کی ہے؟

11۔ جوٹ صنعت کو کن کن پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟

12۔ صنعتوں کی وجہ سے ماحولیاتی انحطاط کو کم کرنے کے لیے اختیار کی جانے والی تدابیر بتائیے۔

13۔ مواصلاتی ٹیکنالوجی اور الیکٹرانک صنعتوں نے ہندوستانی معیشت کی ترقی میں کیا رول ادا کیا ہے؟

14۔ صنعتی سرگرمیاں شہر کاری دونوں ساتھ ساتھ چلتے ہیں اس قول کی وضاحت کیجئے۔

15۔ کپاس صنعت کو کن پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

16۔ چھوٹا ناگپور پٹھا کے علاقے میں لوہے اور اسٹیل کی صنعت کیوں مرکوز ہیں۔؟

17۔ ہندوستان لوہے اور اسٹیل پیدا کرنے والا ایک اہم ملک ہے پھر بھی ہم اب تک اپنی پوری صلاحیت کا مظاہرہ نہیں کر پا رہے ہیں وجوہات بتائیے۔

18۔ جوٹ کی صنعت ہگلی ندی کے کنارے ہی کیوں مرکوز ہے وجہ بتائیں؟

## Source Based Questions (4 Marks)

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

صنعتی محل وقوع مزاجاً پیچیدہ ہوتے ہیں۔ یہ عام طور پر خام مواد، مزدور، قوم، بجلی اور بازار وغیرہ کی موجودگی کے حساب سے متاثر ہوتے ہیں۔ بہت مشکل سے یہ ممکن ہو پاتا ہے کہ یہ تمام چیزیں کہیں ایک جگہ مل جائیں۔ نتیجتاً پیداواری سرگرمیوں کو ایسی جگہ قائم کیا جاتا ہے جہاں یہ تمام چیزیں یا تو موجود ہوں یا پھر انھیں کم سے کم لاگت میں مہیا کی جاسکیں۔ صنعتی سرگرمیوں کی شروعات کے بعد شہر کاری پر عمل کیا جاتا ہے۔ کبھی کبھی صنعتوں کو شہروں میں یا شہروں کے قریب قائم کیا جاتا ہے۔ اس طرح صنعت کاری اور شہر کاری دونوں ساتھ ساتھ ہیں۔ شہر بازار مہیا کرتے ہیں اور صنعتیں بینکنگ، انشورنس، ٹرانسپورٹ، مزدور، شیئر اور اقتصادی صلاح جیسی خدمات بھی مہیا کرتی ہیں۔ بہت ہی صنعتیں شہری مراکز کے ذریعے پیش کیے گئے Agglomeration Economics فائدہ حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے کے قریب ہی قائم کی جاتی ہیں۔ رفتہ رفتہ ایک بڑا صنعتی ابناشہ (Agglomeration) قائم ہو جاتا ہے۔

(i) صنعتی محل وقوع مزاجاً پیچیدہ ہوتے ہیں۔

(a) خام مال کی فراہمی (b) سرمایہ

(c) مزدور (d) یہ سبھی

(ii) شہر صنعتوں کو مہیا کراتے ہیں ......

(a) بازار (b) مزدور

(c) بینکنگ (d) یہ سبھی

(iii) ان میں سے صحیح بیان چنیے :

(a) صنعتیں شہروں کو آباد کرتے ہیں

(b) شہروں کو صنعتوں کے قریب بڑھوا دیتا ہے

(c) دونوں صحیح

(d) ان میں سے کوئی نہیں

(iv) اوپر دیے گئے پیراگراف کو پڑھ کر اسے اپنے الفاظ میں مختصر کر کے لکھیے۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے :

اگر چہ اس صنعت کو بہت سے چیلنجوں کا سامنا ہے بالخصوص جوٹ کے مصنوعی متبادل آجانے سے بین الاقوامی بازار میں اسے سخت مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ علاوہ ازیں اس ضمن میں بنگلہ دیش، برازیل، فلپائن، مصر اور تھائی لینڈ جیسے ممالک سے سخت مقابلہ ہے۔ پھر بھی حکومت کی پالیسی کے مطابق پیکنگ کے استعمال کے لیے جوٹ کو ضروری بنا دینے کے سبب اندرونی مانگ میں اس کا زبردست اضافہ ہوا ہے۔ مانگ کو بڑھانے کے لیے اس سے بنی اشیا میں تنوع پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ 2005 میں قومی جوٹ پالیسی (National Jute Policy) کا قیام عمل میں آیا تا کہ جوٹ کی پیداواریت کو بڑھایا جا سکے۔ معیار میں سدھار لایا جا سکے اور جوٹ کسانوں کو اس کی بہتر قیمت مل سکے۔ علاوہ ازیں فی ہکٹیر اس کی پیداوار کو بھی بڑھایا جا سکے۔ اس کے اہم بازار امریکہ، کناڈا، روس، متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور آسٹریلیا ہیں۔ ماحول دوست (Environment Friendly) مواد کے لیے بڑھتی عالمی تشویش نے ایک بار پھر جوٹ کی اشیا کے لیے موقع فراہم کیا ہے۔

(i) اس پیراگراف میں کس صنعت کے بارے میں بحث کی گئی ہے؟

(a) سوتی کپڑے   (b) چینی

(c) جوٹ   (d) ریشم کا کیڑا

(ii) پیراگراف میں دی گئی صنعت کے سامنے کیا کیا چیلنجز ہیں؟

(a) بین الاقوامی مقابلہ   (b) منصوعی متبادل آنے سے

(c) (a) اور (b) دونوں   (d) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) قومی جوٹ پالیسی کا قیام کب عمل میں آیا؟

(a) 2004 (b) 2005

(c) 2006 (d) 2001

(iv) پیداوار کی بڑھتی مانگ کی کیا وجہ ہے؟

## ایک نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ خام مال کا استعمال کر کے مشینوں کے ذریعے بڑی مقدار میں قیمتی اشیا بنانے کا عمل سامان سازی کہلاتا ہے۔

2۔ سرمایہ اور کم پیداواری لاگت

3۔ سامان سازی کی ترقی اور کھیتی کی پیداوار اور سامان سازی کی وجہ سے ہی ملک ترقی کرے گا

4۔ پونجی (سرمایہ) اور کم پیداواری لاگت کچے مال فراوانی، بازار

5۔ ایسی صنعتیں جن کا پیداوار اور کچے مال پر دوسری صنعتیں منحصر ہوں جیسے لوہا، اسپات صنعتیں، ایلیومینیم صنعت وغیرہ

6۔ درگا پور

7۔ 1854 میں بمبئی میں

8۔ SAIL یعنی اسٹیل اتھارٹی آف انڈیا

9۔ گجرات سے اس صنعت کو کھاڑی ملکوں میں ایکسپورٹ کرنے کی سہولیات موجود ہیں۔

10۔ 1904 میں چینئی میں

11۔ بنگلورو

12۔ ثانوی سرگرمیوں میں لوگ کچے مال کی شکل بدل کر ان سے چیزیں بناتے ہیں۔

13۔ سیمنٹ کی صنعت

14۔ ریل گاڑی اور مال گاڑی کے ڈبے بنانے کے لیے

15۔ بنگلہ دیش

16۔ چھتیس گڑھ

17۔ کاغذ ورکیمکل فیکٹریاں، ریفائنری اور پگھلانے والے پلانٹ اور اینٹ بنانے والے بھٹے

18۔ صنعتی اور تعمیراتی سرگرمیاں، مشینی کام، فیکٹری کے آلات، جنریٹر، ہوائی اور کہربائی ڈریل

20۔ سمنٹ کی صنعت چونا پتھر کا استعمال کچے مال کی شکل میں کرتی ہے۔

21۔ ہلدیہ بندرگاہ کوکلکتہ بندرگاہ پر بوجھ کم کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔

22۔ ممبئ اور احمد آباد

23۔ بنگلورو Bengaluru

## 3/5نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ — کچے مال کی فراوانی

— طاقتوں کا ملنا

— آب وہوا کا ماحول کے مطابق ہونا

2۔ — انسانی ضرورت

— مزدور

— سرمایہ

— بازار

— آمدورفت کے ذرائع کی سہولیات

3۔ **عوامی شعبہ کی صنعتیں:**— وہ صنعتیں جو سرکاری ایجنسیوں کے ذریعے چلائی جاتی ہیں اور وہ ریاستی یا مرکزی سرکار کی ملکیت ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر بھارتیہ ریل، بھلائی درگا پور وغیرہ میں لوہا اور اسٹیل کی صنعتیں، جہاز رانی کی صنعت وغیرہ

**نجی شعبہ کی صنعتیں:**— یہ صنعتیں کسی فرد واحد یا کسی ایک گروپ کے ذریعے چلائی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر ڈابر، بجاج آٹو لمیٹڈ۔ ٹاٹا آئرن اسٹیل کمپنی۔

4۔ — مغربی بنگال جوٹ (پٹسن) کا گھر ہے۔

— ہندوستان میں سب سے زیادہ جوٹ اسی ریاست میں پیدا ہوتا ہے۔

— اس صنعت کے لیے پانی کی بہت زیادہ ضرورت پڑتی ہے جو ہگلی ندی سے حاصل ہو جاتا ہے۔

— اس صنعت کے لیے کوئلہ اور لوہے کی ضرورت پڑتی ہے جو نزدیک واقع رانی گنج کی کانوں سے دستیاب ہو جاتا ہے۔

5۔ **سامان سازی(Manufacturing):**—خام مال کا استعمال کر کے مشینوں کے ذریعے بڑی مقدار میں قیمتی اشیا بنانے کا عمل سامان سازی کہلاتا ہے۔

**اھمیت**

— کسی ملک کی معیشت اور لوگوں کی زندگی میں اہم رول ادا کرتی ہے

— روزمرہ کی ضروریات کو پورا کرتی ہے

— غیر ملکی زرمبادلہ حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے

— قومی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے

— بے روزگاری اور غریبی کو دور کرنے میں مددگار ہے

6۔ — یہ صنعت موسمی نوعیت کی صنعت ہے

— پیداوار کا طریقہ پرانا اور ادنیٰ درجہ کا ہے

— گنے کو ملوں تک پہنچانے میں دیر ہو جاتی ہے

— گنے کی کھوئی کو زیادہ سے زیادہ استعمال کرنے کی ضرورت ہے

7۔ — زراعت سے متعدد صنعتوں کو خام مال حاصل ہوتا ہے جیسے کپاس، جوٹ، گنا

— صنعتی ترقی کے لیے ایک ٹھوس بنیاد تیار کرتی ہے

— صنعتوں کی وجہ سے ہی زرعی پیداوار میں اضافہ ممکن ہے

— آبپاشی کے لیے پمپ، فرٹیلائزر، کیڑے مار دوائیں، مشینیں وغیرہ صنعتوں کے ذریعے تیار کی جاتی ہیں

8۔ — پرانے اور روایتی طریقے

— لمبی ریشے والی کپاس کی پیداوار میں کمی ہونے کی وجہ سے باہر کے ملکوں میں کپڑے کی مانگ کم ہونا

— بجلی کی سپلائی پریشان کن ہے

— خاص طور سے بنائی اور پروسیسنگ شعبوں میں مشینری کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے

— مزدوروں کی کم پیداوار، مصنوعی کپڑا، صنعت کے ساتھ سخت مقابلہ جیسی دوسری پریشانیاں بھی ہیں

9۔ — عمارتوں، فیکٹریوں، سڑکوں، باندھوں، پلوں، گھروں، ہوائی اڈوں اور دیگر صنعتی مقامات کی تعمیر میں سیمنٹ کی ضرورت ہوتی ہے۔

— ہندوستان میں اعلیٰ درجہ کا سیمنٹ تیار کیا جاتا ہے۔

— یہ صنعت پیداوار کے علاوہ برآمدات کے معاملے میں بھی اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہی ہے

10۔ — عالمگیریت کی ترقی کے ساتھ ساتھ نئے نئے اور جدید ٹرانسپورٹ کا بازار میں آنا۔ اسکوٹی اور بائک

— گاڑیوں کی مانگ بڑھی۔ کار، اسکوٹر، دو پہیہ اسکوٹر میں فروغ آیا

— فی الحال پندرہ کارخانے مسافر گاڑیاں اور مختلف مقاصد میں کام آنے والی گاڑیاں بناتی ہیں جن میں 9 تجارتی گاڑیاں بناتے ہیں اور چودہ دو پہیہ اور سہ پہیہ گاڑیاں بناتی ہیں

11۔ — اس صنعت کو بہت سے چیلنجوں کا سامنا ہے خاص طور سے جوٹ کے مصنوعی متبادل آجانے

سے بین الاقوامی بازار میں اسے سخت مقابلہ ہے

— علاوہ ازیں اس ضمن میں بنگلہ دیش، برازیل، فلپائن اور تھائی لینڈ جیسے ممالک سے سخت مقابلہ ہے

12۔ — صنعتی کاموں میں پانی کا کم سے کم استعمال

— پانی کو دو یا دو سے زیادہ لگاتار مرحلوں میں گردش دے کر اور دوبارہ استعمال کر کے پروسیسنگ کے لیے استعمال والے پانی کو کم سے کم کرنا

— پانی کی ضروریات پورا کرنے کے لیے بارش کے پانی کو جمع کرنا (واٹر ہارویسٹنگ)

— گرم پانی اور فضلہ کو دریاؤں اور تالابوں میں ڈالنے سے پہلے ان کو صاف کرنا

13۔ — یہ روزگار کے مواقع فراہم کرواتا ہے

— اس سے غیر ملکی زرمبادلہ کی بڑی کمائی کی ہے

— ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کی میدان میں لگاتار ترقی ہوئی ہے اور ہندوستان کی IT انڈسٹری کی کامیابی ہے۔

14۔ شہر بازار کراتے ہیں اور صنعتیں بینکنگ، انشورنش، ٹرانسپورٹ مزدور، شیئر اور اقتصادی صلاح جیسی خدمات بھی مہیّا کراتی ہیں اس کے علاوہ شہروں میں بنا ہوا سامان، روزگار اور حرارت حاصل کرتے ہیں۔

15۔ (i) بجلی کی سپلائی پریشان کن ہے۔

(ii) خاص طور سے بُنائی اور پروسیسنگ شعبوں میں مشینری کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔

(iii) مزدوروں کی کم پیداوار اور مصنوعی کپڑا صنعت کے ساتھ منتخب مقابلہ جیسی دوسری پریشانیاں بھی ہیں۔

16۔ (i) لوہا اسٹیل کم لاگت میں ملنا۔

(ii) نزدیک اور اونچی کوالٹی کا کچا مال ملنا

(iii) سستے مزدوروں کا ملنا

(iv) گھریلو بازار میں بڑی ترقی کی صلاحیت شامل ہے۔

17۔ (i) اونچی قیمتیں اور پتھر کے کوئلہ کی محدود فراہمی رہی ہے۔

(ii) مزدوروں کی تعداد کم ہونا

(iii) توانائی کی غیر مسلسل سپلائی


(iv) کمزور بنیادی ڈھانچہ


20۔ (i) جوٹ پیدا کرنے والے علاقوں سے نزدیک


(ii) ارزاں آبی ٹرانسپورٹ جو ریلوے سڑک اور آبی راستے کے اچھے نیٹ ورک کے سہارے خام مواد کو مل تک لے جاتے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔

(iii) خام جوٹ کے پروسیسنگ کے لئے زیادہ مقدار میں پانی مغربی بنگال اور اس سے ملتی دوسری ریاستیں مثلاً بہار، اڑیسہ اور اتر پردیش سے آنے والے سستے مزدور۔


(iv) ایک بڑے شہری مرکز ہونے کے سبب کولکاتہ بینکنگ انسورنش اور بندرگاہ جیسی سہولیات فراہم کرتا ہے تاکہ جوٹ کی اشیاء کو برآمد کا جاسکے۔



INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनीतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer


INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer
Kms. 0 230 460 Kms.
S.B.

# قومی معیشت کی شہ رگیں صرف (نقشے)




INDIA POLITICAL AND ADJACENT COUNTRIES
भारत राजनैतिक और पड़ोसी देश
Tropic of Cancer
© Government of India Copyright 2020

# باب – 13

# طاقت کی حصہ داری (Power Sharing)

## یاد رکھنے کے لائق باتیں

1۔ بیلجیم یورپ کا ایک چھوٹا سا ملک اس کا رقبہ ریاست ہریانہ سے بھی کم ہے۔

2۔ اس کی سرحدیں نیدرلینڈ فرانس اور جرمنی سے ملتی ہیں۔

3۔ اس کی کل آبادی تقریباً ایک کروڑ ہے۔

4۔ اس ملک کی نسلی ترکیب بہت پیچیدہ ہے۔

5۔ ملک کی کل آبادی کے 59% لوگ فلیمش علاقے میں رہتے ہیں اور یہ ڈچ زبان بولتے ہیں۔

6۔ دوسرے 40 فیصد لوگ والونیہ علاقہ میں رہتے ہیں اور یہ فرانسیسی بولتے ہیں۔

7۔ بیلجیم میں 1 فی صد لوگ جرمنی بولتے ہیں۔

8۔ راجدھانی بروسلز میں 80 فی صد لوگ فرانسیسی بولتے ہیں جبکہ 20 فی صد ڈچ بولتے ہیں۔ فرانسیسی بولنے والا اقلیتی گروپ نسبتاً زیادہ طاقتور اور مالدار تھا۔


9۔ اسی وجہ سے ڈچ بولنے والا گروہ کو معاشی اور تعلیمی ترقی کی فیض تاخیر سے پہنچا، یہ بات بڑی تکلیف دہ ہے۔

10۔ یہی چیز 1950-60 کی دہائیوں کے دوران ڈچ اور فرانسیسی بولنے والے گروپوں کے درمیان کشیدگی کا سبب تھی۔

11۔ اور بروسیلز میں دونوں گروپوں کے مابین کشیدگی شدید تر تھی۔ بروسلز کا مسئلہ خصوصی نوعیت کا تھا۔ ڈچ بولنے والے لوگوں کی ملک میں اکثریت تھی لیکن دارالحکومت میں اقلیت میں تھے۔




## بیلجیم اور سری لنکا کی زبانی بناوٹ



## سری لنکا کی کہانی

1۔ سری لنکا ایک جزیرہ نما ملک ہے۔


2۔ جوتامل ناڈو کے جنوبی ساحل سے محض چند کلومیٹر پر واقع ہے۔


3۔ اس کی آبادی تقریباً2 کروڑ ہے۔

4۔ 1948 میں سری لنکا ایک آزاد ملک کی حیثیت سے وجود میں آیا۔

5۔ سنہای فرقہ کے قائدین نے اپنی اکثریت پسندی کے بل پر حکومت میں اپنے غلبےکو برقرار رکھنے کی کوشش کی۔

6۔ جمہوری طور پر منتخب حکومت نے سنہالی غلبہ مضبوط کرنے کے لیے اکثریتی اقدامات کا سلسلہ شروع کیا۔



راجدھانی بروسلز میں دونوں فرقوں کی برابر نمائندگی

طاقت کی حصہ داری کیوں ضروری ہے

**خوشگوار نتائج**


اس سے دو بڑے فرقوں کے مابین ٹکراؤ سے بچنے میں مدد ملی اور زبان کی بنیاد پر ملک تقسیم ہونے سے محفوظ رہا۔

**اخلاقی قدر**

(1) طاقت کی حصہ داری جمہوریت کی روح ہے۔

(2) عوام کی حصہ داری ضروری ہے اس سے وہ اپنی حکومت سے جڑے رہتے ہیں۔

طاقت کی حصہ داری کی مختلف شکلیں




## اکثریت پسندی:

یہ اعتقاد کہ اکثریتی فرقہ کو یہ حق ہے کہ وہ اقلیتوں کی ضرورتوں اور آرزوؤں کو کچل کر جیسے چاہے ملک پر حکومت کرے۔

## خانہ جنگی:

اندرون ملک دو مخالف فرقوں کے مابین پُر تشدد ٹکراؤ جو اتنی سنگین صورت حال اختیار کرے کہ بظاہر جنگ کی کیفیت نظر آئے۔

## کثیر اختیاراتی سوالات:

1۔ سری لنکا ایک آزاد ملک کی حیثیت سے کب وجود میں آیا۔

(A) 1946

(B) 1948

(C) 1950

(D) 1949

2۔ بیلجیم کی راجدھانی ہے۔

(A) بروسلز

(B) برلن

(C) لندن

(D) ان میں سے کوئی نہیں

3۔ سری لنکا میں کا زبان کے بولنے والا کا غلبہ رہا ہے۔

(A) سنہالی

(B) تمل

(C) اردو

(D) ہندی

4۔ سری لنکا میں سنہالی کو سرکاری زبان کی حیثیت سے تسلیم کرنے کے لیے ایک قانون کب بنایا گیا۔

(A) 1956

(B) 1957

(C) 1958

(D) 1959

5۔ بیلجیم نے اپنے ملک میں ثقافتی رنگارنگی اور علاقائی اختلافات کو تسلیم کیا۔ اس دوران انھوں نے اپنے دستور میں کتنی بار ترمیم کیں۔

(A) دو بار

(B) چار بار

(C) ایک بار

(D) پانچ بار

6۔ بیلجیم کی حکومت نے مرکزی اور صوبائی حکومت کے علاوہ ایک اور قسم کی حکومت کی تشکیل دی۔

(A) فرقہ حکومت

(B) علاقائی حکومت

(C) ذیلی حکومت

(D) ان میں سے کوئی نہیں

7۔ ________ فرقہ کے قائدین نے اپنی اکثریت کے بل پر حکومت میں اپنے غلبہ کو برقرار رکھنے کی سعی کی۔

(A) تمل

(B) سنہالی

(C) بودھ

(D) عیسائی

8۔ سری لنکا کی کس زبان کو سرکاری زبان کی حیثیت سے تسلیم کرنے کے لیے ایک قانون 1956 میں بنایا گیا۔

(A) سنہالی

(B) تمل

(C) تیلگو

(D) ہندی

9۔ بیلجیم کے فلیمیش علاقے میں کون سی خاص زبان بولی جاتی ہے۔

(A) فرانسیسی

(B) ڈچ

(C) انگریزی

(D) فرینچ

10۔ بیلجیم کی سرحد اپنے کن دو پڑوسی ملکوں سے ملتی ہے۔

(A) انگلینڈ اور اٹلی

(B) فرانس اور نیدرلینڈز

(C) جرمنی اور سوئٹزرلینڈ

(D) ان میں سے کوئی نہیں

11۔ یورپین یونین کا صدر دفتر کہاں ہے۔

(A) بروسیلز

(B) اٹلی

(C) انگلینڈ

(D) جرمنی

12۔ بروسیلز میں %80 لوگوں کے ذریعے کون سی زبان بولی جاتی ہے۔

(A) جرمنی

(B) ڈچ

(C) فرینچ

(D) فرانسیسی

13۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): سنہالیوں اور تملوں کے بیچ جدوجہد غیر یقینی میں بدل گئی۔

وجہ (R): ایک نئے آئین میں یہ طے کیا گیا کہ حکومت سری لنکا میں بدھ مذہب کی حفاظت کو بڑھاوا دے گی۔

(A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(D) دعویٰ (A) غلط ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

**متبادل :**

(a) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ کی صحیح ترجمانی کرتے ہیں۔

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن بیان وجہ کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(d) وجہ (R) صحیح ہے لیکن بیان (A) غلط ہے۔

14۔ نیچے دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں ان بیانوں کو پڑھ کر نیچے دیے گئے متبادل میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔

دعویٰ (A): سری لنکا میں تمل اپنے آپ کو الگ تھلگ محسوس کرنے لگے تھے۔

وجہ (R): سری لنکا میں تمل زبان کو قومی زبان بنانے کا اعلان کیا گیا تھا۔

(a) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور وجہ بیان کی ترجمانی کرتا ہے۔

(b) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن بیان وجہ کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(c) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے۔

(d) وجہ (R) صحیح ہے لیکن بیان (A) غلط ہے۔

15۔ نیچے دیے گئے کارٹون کو اپنے لفظوں میں سمجھایئے۔




## جوابات

1۔ (B) 1948

2۔ (A) بروسیلز

3۔ (A) سنہالی

4۔ (A) 1956

5۔ (B) چار بار

6۔ (A) فرقہ حکومت

7۔ (B) سنہالی

8۔ (A) سنہای

9۔ (B) ڈچ

10۔ (B) فرانسیسی اور ہندوستان

11۔ (A) بروسیلز

12۔ (D) فرانسیسی

13۔ دعویٰ (A) صحیح ہے اور وجہ (R) صحیح ہے یہ دونوں کی ترجمانی کرتا ہے۔

14۔ دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن وجہ (R) غلط ہے

15۔ طلباء خود کریں

## مختصر /طویل جواب والے سوالات (3/5 نمبر)

1۔ اقتدار کی حصہ داری کی مختلف شکلوں کا ذکر کرو۔

2۔ بیلجیم کے سماج میں مختلف لسانی لوگوں کے بیچ تناؤ کی کیا وجوہات تھیں؟

3۔ سری لنکا میں اکثریت پسندی نے کس طرح سماجی تناؤ کو جنم دیا؟

4۔ طاقت کی حصہ داری کیوں ضروری ہے؟ سمجھایئے۔

5۔ سماجی تنوعات سے پر حکومت میں اقتدار کی تقسیم کس طرح کی جاسکتی ہے؟

6۔ سری لنکا کے پاس ہوئے 1950 کے قانون کے تحت سنہالی لوگوں کی سرداری کی تین باتیں لکھیے۔

7۔ طاقت کی حصہ داری کی ایک دانشمندانہ اور ایک اخلاقی وجہ بتایئے۔

8۔ سری لنکا میں اکثریت پسندی اور اس کے اثرات کو بیان کیجیے۔

9۔ بیلجیم میں سماجی تنوعات کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کو کس طرح حل کیا گیا؟

10۔ مختلف فشاری گروہ اور سیاسی جماعتیں اقتدار کی تقسیم کے عمل میں کس طرح اہم کردار ادا کرتے ہیں؟

## 3/5 نمبر والے سوالات

11۔ سری لنکا اور بیلجیم کی کہانی سے ہمیں کیا تعلیم ملتی ہے؟

12۔ فشاری گروپ اور امدادی گروپ جمہوریت میں کیسے طاقت کی حصہ داری کرتے ہیں۔

13۔ جمہوریت میں کنٹرول اور Balance کے نظام سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

## 3/5نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) اختیارات کی افقی تقسیم:۔ مقنّنہ۔منتظمہ اور عدلیہ

(ii) اقتدار کے مابین بٹوارے:۔ مرکزی حکومت، ریاستی حکومت اور علاقائی حکومت

(iii) مختلف سماجی گروہوں میں اقتدار کا بٹوارا

(iv) دباؤ گروپ یا فشاری گروپ کے ذریعے حصے داری

2۔ (i) اکثریت ڈچ لوگوں کی تھی۔

(ii) اقلیت میں فرانسیسی زیادہ طاقت ور اور مضبوط تھے۔

(iii) معاشی ترقی اور تعلیم کا فائدہ ایک کا خاص فرقے تک محدود تھا۔

(iv) سیاسی اقتدار ایک کمیونٹی میں مرکوز تھا۔

3۔ (i) اکثریت پسندی کے تحت سنہالیوں کے فائدے کا خاص دھیان رکھا گیا۔

(ii) سنہالی کو سرکاری زبان کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا۔

(iii) تملوں کو نظرانداز کیا گیا۔

(iv) تملوں کو سیاسی حقوق سے محروم رکھا گیا۔

4۔ (i) مختلف سماجی گروہوں کے بیچ ٹکراؤ کو کم کرنا

(ii) یہ جمہوری اقدرا کے لیے ہے۔

(iii) یہ سیاسی ٹکراؤ کو کم کرتا ہے۔

(iv) اقتدار میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کی حصہ داری بناتا ہے۔

5۔ (i) مختلف سماجی گروہ جیسے لسانی اور مذہبی گروہ کے بیچ اقتدار کا بٹوارا

(ii) عورتوں کو مقنّنہ میں حصہ داری دینا

(iii) اقلیتی گروہوں کو ریزرویشن دے کر

(iv) دوسرے پچھڑے ہوئے فرقوں کے لیے الگ سے سرکاری پالیسیاں بنانا

6۔ (i) سنہالی زبان کو قومی زبان تسلیم کرنا۔

(ii) سنہالی لوگوں کو تعلیمی اداروں اور سرکاری نوکریوں میں ترجیح دینا

(iii) سنہالی لوگوں کو سیاسی سرگرمیوں میں آزادانہ طور پر حصہ لینے کے لیے آزاد کرنا

(iv) بدھ مذہب کا تحفظ کرنا اور ان کو آزادی دینا

7۔ **دانشمندانہ وجہ:**

(i) اس کے تحت اس بات پر زور دیا جاتا ہے کہ طاقت کی حصہ داری سے بہتر نتائج سامنے آئیں گے۔اس سے سماجی فرقوں کے مابین تنازعات کے امکانات کم ہوجاتے ہیں اور سیاسی استحکام حاصل ہوجاتا ہے۔

**اخلاقی وجہ:**

(i) طاقت کی حصہ داری جمہوریت کی روح ہے۔

(ii) جمہوریت کا مطلب ہے کہ جو لوگ اس نظام حکومت کے تحت ہیں ان کے مابین طاقت کی تقسیم ہونی چاہیے اور یہ لوگ اسی طرز پر رہیں۔اس میں مقنّنہ۔ عاملہ اور عدلیہ۔

8۔ (i) 1956 میں قانون بنا کر تاملوں کو نظر انداز کر کے سنہالی کو سرکاری زبان کا درجہ دے دیا گیا جس سے تمل لوگ ناراض ہوگئے۔

(ii) یونیورسٹیوں اور سرکاری ملازمتوں میں سنہالیوں کو ترجیح دی گئی جس سے تمل ناراض ہوگئے۔

(iii) حکومت کے ذریعے بدھ مت کو تحفظ فراہم کیا گیا اور اسے فروغ دیا گیا۔اس وجہ سے بھی تملوں

کے اندر علیحدگی پسندی کا احساس پیدا ہونے لگا اور نتیجتاً سری لنکا میں خانہ جنگی شروع ہوگئی۔

9۔ (i) بیلجیم میں سماجی انتشار کے حل۔

(ii) مرکزی حکومت میں ڈچ اور فرانسیسی زبان بولنے والے منتریوں میں برابر کا بٹوارہ۔

(iii) یہ طے کیا گیا کہ صوبائی حکومتیں مرکزی حکومت کے ماتحت ہوں گی۔

(iv) 'فرقہ حکومت' کی تشکیل ایک ہی زبان بولنے والے لوگ کریں گے۔

10۔ (i) سیاسی جماعت سماج میں اپنی خصوصیت بتا کر عوام کو متاثر کرتی ہے۔

(ii) تاجروں، کاشت کاروں وغیرہ پر مشتمل مفادی گروہ برسر اقتدار جماعت پر دباؤ بنا کر اقتدار میں حصہ داری حاصل کرتے ہیں۔

(iii) موجودہ دور میں مخلوط حکومت ( گٹھ بندھن ) حصہ داری کی ایک عمدہ مثال ہے۔

11۔ سری لنکا اور بلجیم کی کہانی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے۔

(i) بیلجیم کے لیڈروں کو لگا کہ لوگوں کے مختلف فرقوں اور علاقوں کے احساسات ومفادات کو ملحوظ خاطر رکھ کر ہی ہم ملک کو متحد رکھ سکتے ہیں۔

(ii) اس احساس کے چلنے دونوں فرقوں کی حصہ داری پر منظوری اور ملک میں خانہ جنگی پر سوالیہ نشان لگا اور دیش بٹنے سے بچ گیا۔

(iii) سری لنکا کے مثال سے یہ پتہ چلتا ہے کہ اگر اکثریت فرقہ اقلیتی فرقے پر اتنا دبدبہ قائم کرنے اور حکومت میں اس کی حصہ داری نہ بنانے کا فیصلہ کرتا تو اس سے ملک میں قومی یکجہتی خطرے میں پڑ جاتی۔

12۔ جمہوریت میں مفاد پرست گروپ بھی ہوتے ہیں اور انھیں ہم

(i) تجارت کار، صنعت کار، کسان اور صنعتی مزدور کے نام سے جانتے ہیں۔

(ii) یہ سرکار کی پالیسیوں پر اپنے ممبران گروپ کے فائدے کے لئے حکومت پر دباؤ بناتے ہیں۔

(iii) اس کا اندازہ حکومتی کمیٹیوں میں ان کی شرکت اور فیصلہ کے مختلف مراحل میں ان کے اثرات اورنفوذ سے لگایا جسا کتا ہے۔

13۔ (i) جمہوریت میں حکومت کے مختلف اعضاء جیسے ،مقنّنہ، منتظمہ اور عدلیہ کے بیچ طاقت کی حصہ داری ہوتی ہےاورحکومت ایک ہی سطح پر رہ کر اپنی اپنی طاقت کا استعمال کرتی ہے۔

(ii) کوئی ایک اعضاء طاقت کا بے جا استعمال نہیں کرسکتا ہر اعضاء دوسرے اعضاء پر کنٹرول رکھتا ہے مثال کے طور پر عدلیہ کو مقنّنہ نامزد کرتی ہیں لیکن عدلیہ ہی مقنّنہ، اور منتظمہ کے ذریعے بنائے گئے قانون پر کنٹرول رکھتی ہے اس نظام کو کنٹرول اور Balance کا نظام کہتے ہیں۔

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

سری لنکا ایک آزاد ملک کی حیثیت سے 1948 میں وجود میں آیا۔سنہالی سے فرقہ کے قائدین نے اپنی اکثریت کے بل پر حکومت میں اپنے غلبہ کو برقرار رکھنے کی سعی کی۔اس کے نتیجہ میں جمہوری طور پر منتخب حکومت نے سنہالی غلبہ کو مستحکم کرنے کے لیے اکثریتی اقدامات کا سلسلہ شروع کیا۔

1956 میں تمل کو نظرانداز کرکے صرف سنہالی کو سرکاری زبان کی حیثیت سے تسلیم کرنے کے لیے ایک قانون بنایا گیا۔حکومت نے ایسی ترجیحی پالیسی اختیار کی جس میں یونیورسٹیوں اور سرکاری ملازمتوں میں سنہالیوں کو ترجیح دی جاتی تھی۔ نئے دستور نے حکومت پر یہ شرط عائد کردی کہ وہ بدھ مت کا تحفظ کرے گی اور فروغ دے گی۔

(i) سری لنکا کب آزاد ہوا؟

(ii) سری لنکا میں اکثریت پسندی کو تھوپنے کے لئے سری لنکا کی حکومت نے کیا قدم اٹھائے کسی ایک قدم کا ذکر کریں۔

(iii) اکثریت پسندی کی تعریف کیجیے۔

(iv) کیا ہندوستان میں سری لنکا کی طرح لسانی پالیسی کو اپنایا گیا ہے؟

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

تقسیم اختیارات کا تصور غیر منقسم سیاسی قوت کے نظریہ کے ردعمل کے طور پر سامنے آیا ہے زمانہ سے یہ خیال عام تھا کہ حکومت کے تمام اختیار ایک ہاتھ میں مرکوز رہنا چاہیے۔ اس کے پیچھے یہ سوچ کارفرما تھی کہ اگر فیصلہ کرنے والی طاقت منتشر رہے گی تو جلد فیصلہ لینا اور اسے تیزی سے نافذ کرنا دشوار ہوگا۔ لیکن یہ نظریہ جمہوریت کے وجود میں آنے کے بعد تبدیل ہوگیا۔ جمہوریت کا ایک بنیادی اصول یہ ہے کہ عوام سیاسی طاقت کا اصل منبع ہیں۔ جمہوری نظام میں عوام خود اپنی مرضی سے اپنے اوپر حکومت کرتے ہیں۔ ایک اچھے جمہوری نظام حکومت میں سماج میں موجود مختلف نظریات اور گروپ کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ عوامی پالیسی کی تشکیل میں ہر ایک کے خیال اور رائے کو اہمیت دی جاتی ہے۔

(i) جمہوریت کے بنیادی اصول کیا ہیں؟

(ii) طاقت کی حصہ داری کا خیال کیوں ابھرا؟

(iii) تیزی سے فیصلے لینا اور انھیں لاگو کرنا جمہوریت میں ممکن نہیں ہوگا۔ کیا آپ اس بیان سے متفق ہیں۔ بتائیے۔

(iv) اوپر دیے گئے پیراگراف کو مختصر کر کے لکھیے۔

جواب: طلبہ خود کریں۔

# باب – 14

# وفاقیت (Federalism)

## <u>یادرکھنے کے لائق باتیں</u>

### حکومت

#### وفاقیت

(1) دو یا دو سے زیادہ سطحی نظام حکومت

(2) مرکزی حکومت۔ ریاستی حکومت کو کچھ خاص حکم نہیں دے سکتی۔

(3) ریاستی حکومت کے پاس اپنی طاقتیں اور اختیار ہوتے ہیں وہ مرکزی حکومت کے تئیں جوابدہ نہیں بلکہ دونوں عوام کی جوابدہی ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہندوستان کنیڈا، جرمنی کی حکومتیں۔

#### واحدنیت

(1) واحدانی نظام کے تحت محض ایک سطحی حکومت ہوتی ہے۔

(2) مرکزی حکومت صوبائی حکومت اور مقامی حکومتوں کے لیے حکم نامہ جاری کرسکتی ہے۔

(3) ریاستی حکومت کے پاس خود اپنے اختیارات ہوتے ہیں مثال کے طور پر فرانس، چین اور جاپان کی حکومتیں۔

### وفاقی نظام حکومت کی قسمیں

#### ساتھ آکر وفاق بنانا

(1) آزاد ریاستیں خود جمع ہوکر اپنی ایک بڑی اکائی تشکیل دیتی ہیں۔

(2) اپنے اقتدار اعلیٰ سے دست بردار ہوکر اپنی شناخت کو برقرار رکھ کر اپنے تحفظ میں اضافہ کرسکتی ہیں اس کے ملک امریکہ سوئزرلینڈ اور آسٹریلیا۔

#### ساتھ لیکر چلنے والا وفاق

(1) ایک بڑا ملک خود اپنے اختیارات آئینی صوبوں اور قومی حکومت کے مابین تقسیم کرنے کا فیصلہ کرتا ہے۔

مرکزی حکومت زیادہ طاقتور ہوتا ہے۔ جاپان اور ہندوستان اسپین اس کی مثالیں ہیں:

| |
|---|
| وزیراعظم: لوک سبھا میں اکثریت کا لیڈر |

| |
|---|
| وزیراعلیٰ: ریاستی اسمبلی میں اکثریت کا لیڈر |

مرکزی اور صوبائی حکومتوں کے مابین قانون سازی کے اختیارات کو تین فہرست میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1۔ **مرکزی فهرست:** اس فہرست میں قومی اہمیت کے حاصل موضوعات ہیں۔مثلاً دفاع، خارجہ امور بینکاری، مواصلات اور کرنسی وغیرہ۔ مرکزی فہرست میں 97 موضوع تھے اب اس میں 100 موضوع ہیں۔

2۔ **ریاستی فهرست:** اس فہرست میں ایسے موضوعات کو شامل کیا گیا ہے جو صوبائی اور مقامی اہمیت کے حامل ہیں۔ مثلاً، پولیس، تجارت، کاروبار، زراعت اور آب پاشی۔ اس میں 66 موضوع تھے اب اس میں 61 موضوع ہیں


3۔ **مشترکه فهرست:** جو یکساں طور پر صوبائی اور مرکزی اہمیت کے حاصل ہیں۔ مثلاً تعلیم، جنگلات، ٹریڈ یونین، شادی، وغیرہ۔ اس میں 47 موضوع تھے اب اس میں 52 موضوع ہیں۔

- تقسیم اختیارات کے اس نظام کو آسانی کے ساتھ تبدیل نہیں کیا جاسکتا حتیٰ کہ اس نظام کو خود پارلیمنٹ بھی تنہا اپنے بَل پر تبدیل نہیں کرسکتا۔ کسی تبدیلی کے لیے ضروری ہے کہ پہلے پارلیمنٹ اپنے دونوں ایوانوں سے دو تہائی کی اکثریت سے پاس کرے اور پھر تمام ریاستوں میں سے نصف ریاستیں اس کی تصدیق کریں اس کے بعد ہی وہ تبدیلی روبہ عمل آئے گی۔

- تقسیم اختیارات کے کسی بھی تنازعہ کا عدالت عالیہ اور عدالت عظمیٰ تصفہ کرتی ہیں مرکزی اور صوبائی حکومتوں کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ نظام حکومت چلانے اور اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لیے جبری ٹیکس عائد کرکے وسائل کو فروغ دیں۔

## تیسری سطح کی حکومت، مقامی حکومت 1992، 73 ویں اور 74 ویں ترمیم کے بعد شامل کیا گیا

گاؤں کے سطح پر مقامی حکومت پنچایت راج کہلاتا ہے۔




### گرام پنچایت:

کچھ ریاستوں کے ہر گاؤں یا چند گاؤں ملا کر ایک گرام پنچایت بنائی گئی ہے یہ ایک ایسی مجلس ہے جو متعدد حلقوں کے ممبروں جسے پنچ کہتے ہیں اور ایک صدر یا سر پنچ پر مشتمل ہوتی ہے یہ براہ راست منتخب ہوکر آتے ہیں۔

### پنچایت سمیتی:

چند گرام پنچایتوں کو ملا کر جو تشکیل پاتی ہے اسے عام طور پر پنچایت سمیتی یا بلاک منڈل کہتے ہیں اس نمائندہ مجلس کے اراکین کا انتخاب اس علاقہ کی پنچایتوں کے ممبران کے ذریعہ عمل میں آتا ہے۔

### ضلع پریشد:

ضلع کی تمام پنچایت سمیتیوں اور منڈلوں سے مل کر ضلع پریشد بنتا ہے۔ ضلع پریشد کے عام اراکین منتخب کئے جاتے ہیں اس ضلع کے لوک سبھا اور ودھان سبھا کے تمام اراکین اور کچھ دوسرے ضلعی سطح کی مجلسوں کے اراکین بھی اسی کے اراکین ہوتے ہیں ضلع پریشد کا صدر ضلع پریشد کا سیاسی سربراہ ہوتا ہے۔

## 1992 شہر کی سطح پر مقامی حکومت کا ڈھانچہ

1۔ قصبات میں میونسپلٹیاں قائم کی گئی ہیں اور بڑے شہروں میں میونسپل کارپوریشن بنائی گئی ہیں۔

2۔ میونسپلٹیاں اور میونسپل کارپوریشن دونوں کو عوامی نمائندوں پر مشتمل منتخب مجلسوں کے ذریعہ کنٹرول کیا جاتا ہے۔

3۔ میونسپل کا صدر میونسپلٹی کا سیاسی سربراہ ہوتا ہے۔ میونسپل کارپوریشن میں اس طرح کے آفیسر کو میئر کہتے ہیں۔

4۔ ہندوستان میں 40% لوگوں کی مادری زبان ہندی ہے۔

5۔ ایک سے زیادہ سیاسی پارٹیاں مل کر جو حکومت بناتی ہیں وہ ملی جلی حکومت کہلاتی ہے۔

6۔ زبانوں کی فہرست وہ 22 زبانیں جنھیں ہندوستانی آئین کی آٹھویں فہرست میں رکھا گیا ہے فہرستی زبانیں کہتے ہیں۔

7۔ ہندوستان میں 1992 میں آئین میں ترمیم کر کے پنچایتی راج کو زیادہ طاقتور اور اثر انداز بنا گیا ہے۔

8۔ علاقائی حکومت میں تقریباً ایک 1/3 نشستیں خواتین کے لئے مخصوص کر دی گئی ہیں۔

## لسانی ریاستیں

1۔ ہمارے ملک میں لسانی ریاستوں کی تشکیل کر کے پہلا بڑا جمہوری سیاسی تجربہ کیا گیا۔

2۔ ریاتسوں کی سرحدیں نئی ریاستوں کے وجود میں آنے کیوجہ سے تبدیل کر دی۔

3۔ جب لسانی، بنیاد پر ریاستوں کو تشکیل دینے کا مطالبہ کیا گیا تو کچھ قومی قائدین کو اندیشہ ہوا کہ کہیں یہ بڑھ کر ملک کے عدم استحکام کا ذریعہ نہ بن جائے۔

4۔ مرکزی حکومت نے کچھ دنوں تک لسانی ریاستیں بنانے سے گریز کرتیں رہیں لیکن یہ تجربہ بتاتا ہے کہ لسانی ریاستیں تشکی دینے سے ملک کے اتحاد و سالمیت میں اضافہ ہوا ہے۔

5۔ اس سے نظم و نسق میں بھی سہولت ہوتی ہے۔

6۔ کچھ ریاستوں کا وجود ثقافتی، نسلی اور جغرافیائی بنیادوں پر وجود میں آیا۔

## لسانی پالیسی

1۔ ہندوستانی وفاق کا دوسرا تجربہ لسانی پالیسی ہے۔

2۔ دستور میں کسی ایک زبان کو قومی زبان کا درجہ نہیں دیتا ہے۔

3۔ ہندی کی شناخت دفتری زبان کی حیثیت سے کی گئی ہے۔

4۔ ہندی صرف 40 فیصد شہریوں ہی کی مادری زبان ہے۔

5۔ ہندی کے ساتھ دستور میں 21 دوسری زبانوں کو بھی درج فہرست زبانوں کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہے۔

6۔ مرکزی حکومت کے ذریعہ کرائے گئے کسی امتحان میں حصہ لینے والے امیدوار ان میں سے کسی زبان میں حصہ لے سکتا ہے۔

7۔ ریاستوں کو بھی اپنی سرکاری زبانیں ہیں، بہت سے سرکاری کام ان کی ریاست کی سرکاری زبان میں انجام پاتے ہیں۔

8۔ دستور کے مطابق سرکاری مقاصد کے لیے انگریزی کا استعمال 1965 میں روک دیا گیا۔ تاہم غیر ہندی بولنے والی ریاستوں نے مطالبہ کیا کہ انگریزی کا استعمال جاری رہنا چاہیے۔

9۔ تامل ناڈو میں اس تحریک نے تشدد کی صورت اختیار کر لی تھی مرکزی حکومت نے ہندی کے ساتھ انگریزی کو بھی مستقل سرکاری دفتری زبان کی حیثیت سے استعمال کرنے کی منظوری دے دی۔

10۔ ہندوستانی رہنماؤں نے اس معاملے میں جو لچیلا رُخ اپنایا اسی سے ہم سری لنکا جیسے حالات سے بچ گئے۔

## مرکز اور ریاست تعلقات

1۔ تقسیم اختیارات کا دستوری اہتمام فی الواقع کس حد تک موثر اور کارگر ہے اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ برسر اقتدار جماعتوں اور رہنماؤں نے عملی طور پر اسے کس قدر اہمیت دی ہے۔

2۔ ایک طویل مدّت سے مرکز اور بیشتر ریاستوں میں ایک ہی جماعت کی حکومت ہی ہے۔

3۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ صوبائی حکومتیں خود مختار اکائیوں کی حیثیت سے اپنے اختیارات کا استعمال نہیں کر سکیں۔

4۔ جب صوبائی سطح پر ایسی جماعت کی حکومت ہوئی جو مرکز میں برسرِ اقتدار جماعت سے مختلف ہوتی ہے تو مرکزی حکومت صوبائی حکومت کی جڑ کھودنے کے درپے ہوتی ہے۔

5۔ اور مرکزی حکومت ان صوبائی حکومتوں کو برطرف کرنے کے لئے دستور کا غلط استعمال کرتی ہیں جن کا تعلق مخالف جماعتوں سے ہوتا تھا۔

6۔ 1990 کے بعد یہ تمام صورت حال بدل گئیں اور ریاستوں میں علاقائی سیاسی جماعتیں ابھریں یہ بھی مرکز میں متحدہ حکومت کے عہد کا آغاز تھا۔

7۔ جب مرکز میں کسی ایک جماعت کو واضح اکثریت نہیں ملتی تو مرکزی حکومت سازی کے لیے بڑی قومی جماعتیں علاقائی جماعتوں سے اتحاد کرنے لگیں اور اس سے تقسیم اختیارات اور صوبائی حکومتوں کی خود مختاری کے احترام کی ایک نئی ثقافت وجود میں آئی۔

8۔ اور سپریم کورٹ کے اہم فیصلوں نے بھی اس رجحان کی تائید کی جس سے مرکزی حکومت کو من مانی کر کے صوبائی حکومتوں کو برطرف کرنا مشکل ہوگیا۔

## کثیر اختیاراتی سوالات

1۔ ہندوستان کی کتنی زبانوں کو آئین کی آٹھویں فہرست میں کیا گیا ہے۔

(A) 20

(B) 22

(C) 21

(D) 19

جواب: (B) 22

2۔ علاقائی حکومت میں تقریباً کتنی نشستیں خواتین کے لئے مخصوص کی گئیں ہیں۔

(A) ایک تہائی 1/3

(B) دو تہائی 2/3

(C) تین تہائی 3/3

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (A) 1/3

3۔ ایک سے زیادہ سیاسی پارٹیاں مل کر جو حکومت بناتی ہیں۔ وہ کہلاتی ہیں۔

(A) جمہوری حکومت

(B) ملی جلی حکومت

(C) نجی حکومت

(D) تانا شاہی حکومت

جواب: (B) ملی جلی حکومت

4۔ نگر نگم کے سربراہ کو کہتے ہیں۔

(A) پردھان

(B) چیئر مین

(C) میئر

(D) M.L.A

جواب: (C) میئر

5۔ درج ذیل میں سے کون سا وفاق ایک ساتھ آنے کی مثال نہیں ہے۔

(A) امریکہ

(B) سوئٹزرلینڈ

(C) آسٹریلیا

(D) اسپین

جواب: (A) امریکہ

6۔ ہندوستان کی ریاستوں میں پنچایت اور نگر نگم کے الیکشن کروانے والے ادارے کا نام کیا ہے۔

(A) صوبائی انتخابی ادارہ The State Election Commission

(B) چیف الیکشن کمیشن

(C) جنرل الیکشن کمیشن

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (A) صوبائی انتخابی ادارہ The State Election Commission

7۔ وفاقی نظامِ حکومت کہلاتی ہے۔

(A) یہ دو یا دو سے زیادہ سطحی نظام حکومت پر مشتمل ہوتا ہے۔

(B) یہ ایک سطحی نظام حکومت پر مشتمل ہوتا ہے

(C) یہ بادشاہی نظام حکومت پر مشتمل ہوتا ہے

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (A) یہ دو یا دو سے زیادہ سطحی نظام حکومت پر مشتمل ہوتا ہے۔

8۔ درج ذیل میں سے کس موضوع پر مرکزی فہرست کو قانون بنانے کا اختیار ہے

(A) پولیس

(B) تعلیم

(C) دفاع

(D) جنگلات

جواب: (C) دفاع

9۔ درج ذیل میں سے کس موضوع پر ریاستی حکومت کو قانون بنانے کا اختیار ہے۔

(A) پولیس

(B) کرنسی

(C) بنکاری

(D) دفاع

جواب: (A) پولیس

10۔ مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت میں قوانین پر کوئی باہمی تنازعہ پیدا ہو جائے تو مشترکہ فہرست کس کے بنائے قوانین کو فوقیت دی جائے گی۔

(A) ریاستی حکومت کو

(B) علاقائی حکومت کو

(C) مرکزی حکومت کو

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (C) مرکزی حکومت کو

11۔ دیہاتی مقامی حکومت کو عام طور پر کہا جاتا ہے۔

(A) پنچایت راج

(B) ضلع پریشد

(C) گرام پنچایت

(D) ریاستی حکومت

جواب: (A) پنچایت راج

12۔ کون سی حکومت میں عورتوں کے لئے 1/3 سیٹیں محفوظ ہیں۔

(A) مرکزی حکومت میں

(B) ریاستی حکومت میں

(C) علاقائی حکومت میں

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (C) علاقائی حکومت

13۔ کالم A کو کالم B میں صحیح ملان کیجیے۔

| کالم (A) | | کالم (B) | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | یونین فہرست | (A) | وزیراعظم |
| 2۔ | ریاست | (B) | سرپنچ |
| 3۔ | میونسپل کارپوریشن | (C) | گورنر |
| 4۔ | گرام پنچایت | (D) | میئر |

جواب: A, 1, C, 2, D, 3, B, 4

14۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): وفاقیت ایک ایسا نظامِ حکومت ہے جس میں اختیارات مرکزی اقتدار اور ملک کی متعدد دستوری اکائیوں کے مابین تقسیم کر دیے جاتے ہیں۔

وجہ (R): عام طور پر ایک وفاق میں دو سطحی حکومتیں ہوتی ہیں۔

جواب: (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (R) صحیح ہے۔

جواب: (A)

15۔ دعویٰ (A): 1992 میں دستور میں ترمیم کر کے تیسری سطح کی جمہوریت کو زیادہ با اختیار اور موثر بنانے کی کوشش

کی گئی۔

وجہ (R): اب دستوری طور پر مقامی حکومت ممبران و عہدے داران کا باقاعدگی سے انتخاب کرانا ضروری ہے۔

جواب: (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (R) صحیح ہے۔

جواب: (A)

## مختصر/طویل جواب والے سوالات (3/5 نمبر)

1۔ مرکز اور صوبائی حکومتوں کے مابین قانون سازی کے اختیارات کی سہ سطحی تقسیم کی وضاحت کیجیے۔

2۔ علاقائی حکومتوں کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

3۔ ہندوستان کا وفاقی نظام بیلجیم سے ملتا جلتا ہے۔اس کی ایک خصوصیت اور اس سے الگ خصوصیت بتائیے۔

4۔ 1992ء کے آئین کی ترمیم کے ذریعے ہمارے ملک میں حکومت کی تیسری سطح کو زیادہ موثر کیوں بنایا گیا ہے؟

5۔ وفاق یا وفاقی نظام حکومت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

6۔ ہندوستان کی لسانی پالیسی کیا ہے۔

7۔ 1992 میں لامرکزیت کی سمت میں ایک بڑا اہم قدم اٹھایا گیا۔تبصرہ کیجیے۔

8۔ وحدانی اور وفاقی حکومتوں کے بیچ فرق واضح کریں۔

9۔ وفاقی نظام کی چار خصوصیات کا ذکر کیجیے۔

10۔ مرکز اور صوبوں کے رشتوں میں آئے بدلاؤ کا ذکر کیجیے۔

11۔ پنچایتوں میں آئے خاص مسائل کا ذکر کیجیے۔

12۔ ہندوستان ایک وفاقی نظام والا ملک ہے۔اس بات کو ثابت کرنے والے خاص اصول لکھیے۔

13۔ وفاقیت کی تین خامیوں کا ذکر کیجیے۔

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) **مرکزی فہرست**:۔اس فہرست میں قومی اہمیت کے موضوعات مثلاً دفاع، خارجہ امور، بنکاری، مواصلات اور کرنسی وغیرہ

(ii) **صوبائی فہرست**: اس فہرست میں صوبائی اہمیت کے موضوعات شامل ہیں مثلاً پولیس، تجارت، کاروبار، زراعت اور آب پاشی وغیرہ۔

(iii) **مشترکہ فہرست**: اس فہرست میں وہ موضوعات کو شامل کیا گیا ہے جو یکساں طور پر صوبائی اور مرکزی اہمیت کے حامل ہیں۔مثلاً تعلیم، جنگلات، ٹریڈ یونین، شادی وغیرہ

(i) حکومت ایک سے زیادہ سطحوں پر قائم کی جاتی ہے۔

(ii) اقتدار کی تقسیم ہوتی ہے۔

(iii) ہر حکومت کا دائرہ اختیار طے ہوتا ہے۔

(iv) دونوں حکومتیں لوگوں پر مشترکہ طور پر حکومت کرتی ہیں۔

2۔ (i) بہت سے مسائل ایسے ہیں جنھیں مقامی سطح پر زیادہ بہتر طور پر حل کیا جاسکے۔

(ii) لوگ اچھی طرح جانتے ہیں کہ کہاں کتنا پیسہ خرچ کرنا ہے۔

(iii) مقامی سطح پر عوام کے لیے یہ ممکن ہوگا کہ وہ فیصلہ لینے کے عمل میں براہ راست شریک ہوسکیں۔

3۔ ہندوستان میں بیلجیم سے ملتی جلتی خصوصیت یہ ہے کہ دونوں ملکوں میں وفاقی نظام حکومت ہے۔ بیلجیم میں یہ خوبی ہے کہ انھوں نے ساری طاقت ملک کی دو علاقائی حکومتوں کے سپرد کر دی ہیں جبکہ ہندوستان میں بہت سے معاملات میں مرکزی حکومت صوبائی حکومت سے زیادہ طاقت ور ہے اور ان پر کنٹرول رکھتی ہے۔

4۔ (i) گاؤں، بلاک اور ضلعوں کی سطح پر مقامی حکومت کا قیام

(ii) مقامی لوگوں کو اقتدار میں شامل کر کے ملک کی ترقی میں مددگار بنایا گیا ہے۔

(iii) عورتوں، درج فہرست ذاتوں اور پسماندہ طبقات کے لیے ریزرویشن کا انتظام

(iv) مقامی سطحوں پر مسائل کا فوری حل

5۔ (i) وفاقی نظام حکومت میں طاقت مرکزی حکومت اور صوبائی حکومتوں میں بٹ جاتی ہے۔

(ii) وفاقی نظام حکومت میں دو سطحی نظام حکومت ہوتا ہے۔

(iii) مرکزی حکومت قومی سطح کی فہرست پر قانون بناتی ہے اور صوبائی حکومت اپنے اپنے سطح کی فہرست پر قانون بناتی ہیں۔

6۔ (i) ہندوستان میں کسی ایک زبان کو قومی زبان کا درجہ نہ دے کر ہندی اور دوسری 21 زبانوں کو درج فہرست زبانوں کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہے۔

(ii) انگریزی زبان کو سرکاری دفتری زبان کی حیثیت سے استعمال کرنے کی منظوری دی ہے۔

(iii) سبھی صوبوں کو اپنی زبان کو اپنے سرکاری کاموں میں استعمال کرنے کی خصوصی اجازت ہے۔

7۔ (i) سبھی صوبوں میں گاؤں کی سطح پر گرام پنچایت اور شہروں میں نگر نگم اور نگر پالیکاؤں کا قیام کیا گیا تھا۔

(ii) علاقائی حکومتیں صوبائی حکومتیں کے زیر نگیں رکھی گئیں۔

(iii) مقامی حکومت کے چناؤ وقت پر کرائے جاتے ہیں۔

8۔ (i) حکومت ایک سے زیادہ سطحوں پر قائم کی جاتی ہے۔

(ii) اقتدار کی تقسیم ہوتی ہے۔

(iii) ہر حکومت کا دائرہ اختیار طے ہوتا ہے۔

9۔ **وحدانی نظام حکومت:**

(i) اس میں مرکزی حکومت طاقت ور ہوتی ہے۔

(ii) اس کے تحت آئین میں ترمیم مرکزی حکومت کر سکتی ہے۔

(iii) طاقت ایک جگہ مرکوز ہوتی ہے۔

(iv) مرکزی حکومت صوبائی حکومت سے طاقت لے سکتی ہے۔

**وفاقی نظام حکومت**

(i) اس میں مرکزی حکومت ذرا کمزور ہوتی ہے۔

(ii) اس میں اکیلے مرکزی حکومت قانون میں ترمیم نہیں کر سکتی۔

(iii) طاقت مختلف سطحوں پر بٹ جاتی ہے۔

(iv) کئی وفاقی نظام حکومت والے ملک میں دوسری شہریت ہوتی ہے۔

(v) دونوں سطح کی حکومتیں اپنے اپنے حقوق میں آزاد ہوتی ہیں۔

10۔ (i) صوبوں میں علاقائی جماعتوں کے ذریعے حکومتوں کی تشکیل۔

(ii) مخلوط حکومتوں کی ابتدا جس سے حکومتیں من مانی نہیں کر سکتی۔

(iii) مرکز اور صوبوں کے بیچ تناؤ میں کمی۔

(iv) مرکز اور صوبوں کے رشتوں میں سدھار

11۔ (i) بیداری کی کمی

(ii) گروہ بندی کی ابتداء

(iii) دولت کی کمی

(iv) افسران کی من مانی

12۔ (i) ہندوستان میں مرکز، ریاست اور علاقائی تین سطح کی حکومتیں ہیں۔

(ii) ہندوستان میں ایک لکھا ہوا آئین ہے۔

(iii) ہر سطح کی حکومت کے الگ الگ حقوق آئین بھی واضح کر دیئے گئے ہیں۔

(iv) آئین میں ترمیم کوئی ایک سطح کی حکومت نہیں بدل سکتی۔

(v) سپریم کورٹ آئین کی محافظ ہے۔

13۔ (i) مرکزی حکومت کے پاس زیادہ طاقت کا ہونا۔

(ii) آئین میں ترمیم کا حق صرف مرکزی حکومت کے پاس ہونا۔

(iii) پارلیمنٹ کے پاس زیادہ اختیار ہونا۔

(iv) مالی بل سے متعلق اختیار بھی مرکز کے پاس ہونا۔

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

وفاقیت ایک ایسا نظام حکومت ہے جس میں اختیارات مرکزی اقتدار اور ملک کی متعدد دستوری اکائیوں کے مابین تقسیم کردیے جاتے ہیں۔ عام طور پر ایک وفاق میں دو سطحی حکومتیں ہوتی ہیں۔ ایک پورے ملک کی حکومت جو چند عام قومی مفادات کے حامل موضوعات کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ دوسری صوبائی یا ریاستی حکومت جو اپنے صوبہ کے روزمرہ کے انتظامی امور کی نگرانی کرتی ہے۔ ان دونوں سطحوں کی حکومتیں آزادانہ طور پر اپنے اختیارات کا استعمال کرتی ہیں۔

اس معنی میں وفاقوں کا مقابلہ وحدانی نظام کے تحت محض ایک سطحی حکومت ہوتی ہے یا مرکزی

حکومت کی کچھ اکائیاں ہوتی ہیں جو ماتحت حکومت کی حیثیت سے کام کرتی ہیں۔ مرکزی حکومت صوبائی اور مقامی حکومتوں کے لیے حکم نامہ جاری کرسکتی ہے لیکن وفاقی نظام حکومت میں مرکزی حکومت ریاستی حکومت کو کسی کام کے کرنے کا حکم نہیں دے سکتی۔ ریاستی حکومت کے پاس خود اپنے اختیارات ہوتے ہیں جس کے لیے وہ مرکزی حکومت کے سامنے جواب دہ ہیں ہوتی یہ دونوں حکومتیں علاحدہ علاحدہ طور پر عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی ہیں۔

(i) ہندوستان میں کس طرح کا نظام حکومت ہے؟

(a) وفاقی (b) وحدانی

(c) تاناشاہی (d) اوپر دیے گئے سبھی

(ii) حکومت کی وحدانی طریقے کو آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(iii) درج ذیل میں سے کس ملک میں وحدانی نظام حکومت ہے؟

(a) ہندوستان (b) سری لنکا

(c) بیلجیم (d) امریکہ

(iv) اوپر دیے گئے پیراگراف کو پڑھ کر اسے مختصر کر کے اپنے لفظوں میں لکھیے۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

وفاق تشکیل دینے کے دو طریقے رائج ہیں۔ پہلے طریقہ کے مطابق آزاد ریاستیں خود جمع ہوکر اپنی ایک بڑی اکائی تشکیل دیتی ہیں اس طرح اپنے اقتدار اعلیٰ سے دست بردار ہوکر اپنی شناخت کو برقرار رکھ کر اپنے تحفظ میں اضافہ کرسکتی ہیں۔ جمع ہوکر بنے وفاق کے اس طریقہ کو ہم امریکہ، سوئزرلینڈ اور آسٹریلیا میں دیکھ سکتے ہیں۔ وفاق کے اس پہلے زمرے میں تمام آئینی ریاستیں عام طور پر یکساں اختیارات رکھتی ہیں اور مرکز کے مقابلہ میں زیادہ طاقت ور ہوتی ہیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک بڑا ملک خود اپنے اختیارات آئینی صوبوں اور قومی حکومت کے مابین تقسیم کرنے کا فیصلہ کرتا ہے ہندوستان اسپین اور بیلجیم اس قسم کے جمع کر کے بنے وفاقوں کی مثالیں

ہیں اس دوسرے زمرے میں صوبائی حکومتوں کے مقابلے میں مرکزی حکومت زیادہ طاقتور ہوتی ہے بسا اوقات وفاق کی مختلف آئینی اکائیوں کے پاس غیر مساوی اختیارات ہوتے ہیں اور کچھ اکائیوں کو خصوصی اختیارات کی ضمانت دی جاتی ہے۔

(i) وفاقوں کے ساتھ آنے کی ایک مثال دیجیے۔

(ii) وفاقوں کو ایک ساتھ رکھنے کی ایک مثال دیجیے۔

(iii) اوپر دیے گئے پیراگراف کو پڑھ کر مختصر کر کے لکھیے۔

## **Source Based Question کے جوابات**

1۔ (i) (a) وفاقی

(ii) طلبا خود کریں

(iii) سری لنکا

(iv) طلباء خود کریں

2۔ طلباء خود کریں

# باب – 16

# جنس، مذہب اور ذات برادری

## یادرکھنے کے لائق باتیں

1۔ **محنت کی جنسی تقسیم:** کام کے بٹوارے کا وہ طریقہ جس میں گھر کے اندر کے کام عورتوں کی ذمّہ داری سمجھی جاتی ہے۔

2۔ **حامی مساوات نسواں:** سماج کے وہ لوگ جو عورتوں اور مردوں کے یکساں حقوق اور مواقع میں یقین رکھتے ہیں۔

3۔ سوئیڈن، ناروے، فن لینڈ وغیرہ میں عوامی زندگی میں خواتین کی شرکت بہت زیادہ ہے۔

4۔ **پدرسری :** ایسا نظام جس میں عورتوں کے مقابلے مردوں کو زیادہ اہمیت اور اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔

5۔ 2001 کی مردم شماری کے حساب سے ہندوستان میں مردوں کی خواندگی شرح 76% اور عورتوں کی خواندگی شرح 54% تھی

6۔ 2001 کی آبادی کے مطابق ہندوستان میں جنسی تناسب 927 تھا۔

7۔ لوک سبھا میں خواتین کا پارلیمنٹ میں حصہ 10% ہے جبکہ ریاستی اسمبلی میں عورتوں کا تناسب 5% سے بھی کم ہے۔

8۔ ہندوستان کے گاؤں اور شہروں کی مقامی مجالس میں 10 لاکھ سے زیادہ منتخب خواتین ہیں۔

9۔ **خاندانی قوانین:** شادی، طلاق، گود لینے اور وراثت جیسے خاندانی معاملات سے جڑے ہوئے قوانین۔


10۔ **فرقہ پرستی:** اپنے مذہب کو دوسرے مذہب سے اعلیٰ ماننے کی ذہانت کو فرقہ واریت کہتے ہیں۔

11۔ **سیکولر ریاست:** وہ ریاست جس میں سبھی مذہبوں کو یکساں اہمیت دی گئی ہے اور ہر شخص کو کسی بھی مذہب کو اپنانے کی آزادی ہوتی ہے اور حکومت کا اپنا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔

12۔ **بالغ حق رائے دھی:**۔ہندوستان کے ہر شہری کو وہ چاہے امیر ہو غریب اس کی عمر 18 سال کی ہو، اسے ایک ووٹ دینے کا حق ہوتا ہے۔ یہ بالغ حق رائے دہی کہلاتا ہے۔

13۔ **ذات پات:** ذات کی بنا پر لوگوں میں بھید بھاؤ کرنا۔

14۔ ایک دوسرے پر سیاسی ،جنس، ذات اور مذہب کو لیکر بھید بھاؤ۔




15۔ (a) مزدوری کا جنسی بٹوارا۔عورتیں گھر کے سارے کام کرتی ہیں۔

(b) مرد غلبہ والا سماج۔سبھی طاقتیں مردوں کو دی جاتی ہیں۔

(c) مقننہ (ہندوستان میں کم تناسب عورتوں کا 2014 میں لوک سبھا میں تقریباً 11% رہا۔

(d) علاقائی حکومت میں 1/3 فیصد عورتوں کا ریزرویشن۔

(e) حامی نسواں اور دوسرے لوگ او رکئی تنظیمیں مقنّنہ میں عورتوں کے لئے مخصوص نشستوں کی مانگ کررہی ہیں۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ مرد غلبہ والے سماج کا مطلب ہوتا ہے۔

(A) ایک ایسا نظام ہے جس میں مردوں کو زیادہ اہمیت حاصل ہوتی ہے۔

(B) خواتین غلبے والا سماج

(C) مردوں اور عورتوں کے بیچ برابری والا سماج

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (A)

2۔ ہندوستان میں خواتین کی نشستیں مخصوص کردی گئی ہیں۔ کس میں؟

(A) لوک سبھا

(B) راجیہ سبھا

(C) ریاستی اسمبلی

(D) پنچایت

جواب: (D) پنچایت

3۔ حامی نسواں تحریک کا خاص مقصد ہے۔

(A) سماج میں عورتوں کے لئے اونچی جگہ

(B) سماج میں عورتوں کے لئے برابری کی مانگ

(C) سماج میں عورتوں کے لئے خاص مانگ

(D) اسمبلی میں عورتوں کے لئے 50 فی صد سیٹیں محفوظ کی مانگ۔

جواب: (B) سماج میں عورتوں کے لئے برابری کی مانگ

4۔ یکساں مزدوری سے متعلق قانون میں کیا کیا گیا ہے۔

(A) یکساں کام کے لیے یکساں تنخواہ کا نہ ملنا۔

(B) غیر یکساں کام کے لیے برابری کی تنخواہ

(C) یکساں کام کے لیے یکساں تنخواہ

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (C) یکساں کام کے لیے یکساں تنخواہ

5۔ جنسی تناسب کی گنتی کی جاتی ہے۔

(A) ایک ہزار لڑکوں پر لڑکیوں کی تعداد

(B) ایک ہزار لڑکیوں پر لڑکوں کی تعداد

(C) ایک ہزار بچوں پر لڑکوں کی تعداد

(D) A اور B دونوں

6۔ خواتین کے ریزرویشن کے لیے لوک سبھا اور ریاستی اسمبلی میں کتنے فی صد ریزرویشن کی مانگ کی گئی ہے۔

(A) 30%

(B) 40%

(C) 33%

(D) 50%

جواب: (C) 33%

7۔ درج ذیل میں سے کس کا ماننا تھا کہ مذہب کو سیاست سے کبھی الگ نہیں کیا جا سکتا ہے۔

(A) لالہ لاجپت رائے

(B) دادا بھائی نوروجی

(C) اے۔او ہیوم

(D) مہاتما گاندھی جی

جواب: (D) مہاتما گاندھی جی

8۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجیے۔

دعویٰ (A): ہندوستان کی مقنّنہ میں خواتین کا تناسب بہت کم ہے۔

وجہ (A): ہندوستانی سماج اب بھی مردوں کی نمائندگی والا سماج ہے۔

جواب: (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (A)

9۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ(R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجیے۔

دعویٰ(A): ہندوستان ایک سیکولر ریاست ہے۔

وجہ(A): ہندوستان میں کسی بھی مذہب کو سرکاری مذہب کی شکل میں منظور نہیں کیا گیا ہے۔

جواب: (A) دعویٰ(A) اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور(R) دونوں صحیح ہیں لیکن(R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (A)

10۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ(R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجیے۔

دعویٰ(A): ہندوستان کا آئین سبھی شہریوں کو کسی بھی مذہب کی اپنانے اور پھیلانے کی آزادی دیتا ہے۔

وجہ(A): کمیونٹی میں برابری پیدا کرنے کے لیے آئین حکومت کو مذہبی معاملے میں دخل دینے کا اختیار دیتا ہے۔

جواب: (A) دعویٰ(A) اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور(R) دونوں صحیح ہیں لیکن(R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (B)

11۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ(R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجیے۔

دعویٰ(A): ہندوستان میں ابھی بھی ذات پات پر مبنی امتیاز جاری ہے۔

وجہ(A): ہندوستان کے آئین میں ذات پات پر مبنی امتیاز کو دور کرنے کی کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی ہے۔

جواب: (A) دعویٰ(A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (B)

12۔ فرقہ وارانہ سیاست کی بنیاد اس تصور پر قائم ہے۔

(A) ایک مذہب دوسرے مذہب سے بہتر ہے۔

(B) مختلف مذاہب کے لوگ مل کر سب ساتھ رہ سکیں۔

(C) کسی مذہب کے ماننے والے ایک کمیونٹی بناتے ہیں۔

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (A)

13۔ ہندوستانی آئین کے بارے میں ان میں سے کون سا بیان غلط ہے۔

(A) یہ مذہب کی بنیاد پر بھید بھاؤ کو منع کرتا ہے۔

(B) یہ ایک مذہب کو ملک کا مذہب بتاتا ہے۔

(C) یہ ابھی لوگوں کو بھی مذہب کو ماننے کی آزادی دیتا ہے۔

(D) سبھی مذاہب کے ماننے والوں کو برابری کا درجہ دیتا ہے۔

جواب: (B)

## مختصر / طویل جوابات والے سوالات (3/5 نمبر والے)

1۔ زندگی کے ان پہلوؤں کا ذکر کیجیے جن میں ہندوستان میں عورتوں کے ساتھ بھید بھاؤ ہوتا ہے۔

2۔ ذات کی بنیاد پر ہندوستان میں انتخابی نتائج طے نہیں ہو سکتے۔ وجوہات بیان کیجیے۔

3۔ ہندوستان کو ایک سیکولر ملک بنانے والے مختلف طریقے کون کون سے ہیں؟

4۔ ہندوستانی حکومت نے عورتوں کے بیچ عدم مساوات کو دور کرنے کے لئے کیا قدم اٹھائے ہیں؟

5۔ بتایئے کہ ہندوستان میں کس طرح آج بھی ذات پات کو لے کر بھید بھاؤ ہوتا ہے۔

6۔ فرقہ پرست سیاست کی مختلف اشکال کو بیان کیجیے۔

7۔ خواتین کی تحریک کسے کہتے ہیں؟اس کی خصوصیت اوراس کے اثرات بتایئے۔

8۔ ہندوستان میں آزادی کے بعد خواتین کی پوزیشن میں کچھ سدھار آرہا ہے لیکن ابھی بھی وہ مردوں سے کافی پیچھے؟اس قول کی روشنی میں سمجھایئے۔

9۔ درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبائل کی خصوصیات بیان کیجیے۔

10۔ ہندوستان میں عورتوں کی نمائندگی بہت کم ہے۔ وجوہات بیان کریں؟

11۔ جنسی تقسیم کا سیاسی بیان اور اس موضوع پر سیاسی حرکت میں عوامی زندگی میں خواتین نے کردار کو بہتر بنانے میں بڑی مدد کی ہے۔ وضاحت کیجیے۔

12۔ ہندوستانی مقنّنہ میں عورتوں کا تناسب کیا ہے؟مقنّنہ میں عورتوں کی نمائندگی کو بڑھانے میں کیا کیا تدابیر کی جاسکتی ہیں؟

13۔ فرقہ واریت سیاست میں مختلف شکلیں لے سکتی ہے۔اس قول کی وضاحت کیجئے؟

14۔ مذہب کو سیاسی سے کبھی الگ نہیں کیا جاسکتا' مہاتما گاندھی نے ایسا کیوں کہا؟

15۔ جدید سماج میں ذات اور ذات پات کے نظام کے بدلاؤ کے پیچھے کیا وجوہات ہیں۔

16۔ سیاست ذات پات کے نظام اور ذات کی پہچان کو کیسے اثر انداز کرتی ہے۔

17۔ ذات پر خاص دھیان دینے سے سیاست میں منفی نتائج کیسے آسکتے ہیں۔

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ (i) عورتوں کے اوپر گھر کی پوری ذمہ داری

(ii) مردوں کا ان پر پورا کنٹرول

(iii) آفس کے کام اور دوسرے اداروں میں ان کی کم نمائندگی

(iv) اسقاط حمل

(v) عورتوں کی تعلیم کو کم اہمیت دینا

(vi) محنت کے کاموں میں نابرابری

2۔ (i) ووٹروں میں بیداری— کئی بار ووٹر ذات پات سے اوپر اٹھ کر ووٹ دیتے ہیں۔

(ii) ووٹروں کے ذریعے اپنے معاشی فائدوں اور سیاسی پارٹیوں کو ترجیح دینا

(iii) کسی ایک حلقہ انتخاب میں کسی ایک ذات کے لوگوں کی اکثریت کا ہونا

(iv) ووٹروں کے ذریعے مختلف مدوں پر ووٹ کرنا

3۔ (i) ہندوستانی حکومت کا اپنا کوئی مذہب نہیں ہے۔

(ii) ہندوستان میں سبھی مذاہب کو برابر کا درجہ دیا گیا ہے۔

(iii) ہر شہری کو اپنی مرضی کے مطابق کسی بھی مذہب کو اپنانے کی پوری آزادی ہے۔

(iv) مذہب کی بنیاد پر کیے جانے والے کسی بھی فرق کو غیر آئینی قرار دیا گیا ہے۔

4۔ (i) جہیز لینا اور دینا دونوں قانوناً جرم قرار دے دیے گئے ہیں۔

(ii) خاندان کی جائداد میں عورتوں کو برابر کے حصّے کا حق دے دیا گیا ہے۔

(iii) اسقاط حمل کو قانوناً جرم قرار دیا گیا ہے۔

(iv) ایک ہی کام کے لیے مرد اور عورت کو برابر تنخواہ دینا

(v) لڑکیوں کی تعلیم پر خاص توجہ دینا

(vi) بیٹی پڑھاؤ دیش بچاؤ جیسے پلان

**فرقہ پرستی:**

(i) جب ایک مذہبی فرقہ اپنے آپ کو دوسرے مذہبی فرقہ سے اعلیٰ سمجھنے لگتا ہے تو اسے فرقہ پرستی کہتے ہیں۔

(ii) یہ جمہوریت کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ پیدا کرتی ہے۔

## ذات پرستی:

(i) ذات پرستی وہ جذبہ ہے جس سے متاثر ہوکر اونچی ذات کے لوگ ادنیٰ ذات کے لوگوں کا استحصال کرتے ہیں۔

(ii) اس سے بھی جمہوری نظامِ حکومت اور سماج بُری طرح متاثر ہوتے ہیں۔

5۔ (i) آج بھی ہمارے ملک میں کچھ ذاتوں کے ساتھ اچھوت جیسا برتاؤ کیا جاتا ہے۔

(ii) کچھ ذاتیں ترقی کر رہی ہیں اور کچھ ذاتیں زیادہ پچھڑی ہوئی ہیں۔

(iii) آج بھی زیادہ تر لوگ اپنے ذات قبیلے میں شادی کرتے ہیں۔

(iv) کچھ ذاتوں کا آج بھی استحصال ہو رہا ہے۔

(v) چناؤ اور منتریوں کو بنانے میں دوسری ذاتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

6۔ (i) کٹّر سوچ والے لوگ

(ii) سیاست میں ایک مذہب کے لوگوں کے غلبہ کی کوشش

(iii) فرقہ پرستی کی طرف سیاست کو لے جانا

(iv) فرقہ وارانہ تشدّد اور خون خرابہ

(v) فرقہ پرستی کو لے کر سیاسی پارٹیوں کا الگ الگ خیموں میں بٹ جانا جیسے آئرلینڈ میں نیشنلسٹ اور............

7۔ عورتوں کو سیاسی، سماجی، تعلیمی اور روزگار کے مواقع مہیا کرانا اور ان کو خاندان کے اندر برابری کا درجہ دلانا۔اس کو خواتین تحریک کہتے ہیں۔

(i) یہ تحریک عورتوں کے لیے سیاسی حقوق اور حکومت پر ان کی پکڑ کی وکالت کرتی ہے۔

(ii) اس تحریک میں عورتوں کو گھر کی چہار دیواری میں قید رکھنے اور گھر کے سبھی کاموں کا بوجھ ڈالنے کی مخالفت کرتی ہے

(iii) یہ تحریک مرد پردھان سماج کو خواتین پردھان سماج بنانے کے لیے زور ڈالتی ہے۔

(iv) یہ تحریک عورتوں کی تعلیم اور ملک کے دوسرے شعبوں میں ان کے کاروبار خدمات کی حمایت کرتے ہیں۔

(v) یہ عورتوں کے ہر طرح کے استحصال کی مخالفت کرتی ہے۔

8۔ (i) خواندگی کی شرح: عورتوں میں خواندگی کی شرح 54% ہے جبکہ مردوں میں 76% ہے۔

(ii) اونچی تنخواہ اور اونچے پوزیشن کے عہدے میں مرد عورتوں سے بہت آگے ہیں۔

(iii) جنسی نابرابری: آج بھی 1000 مردوں پر عورتوں کی تعداد 933 ہے۔

(iv) گھریلو اور سماجی تفریق کا ظلم و شکار

(v) عوامی نمائندگی میں عورتوں کی حصہ داری بہت کم ہے۔

(vi) مردوں کے مقابلے عورتوں میں معاشی استحکام کم ہے۔

9۔ **درج فهرست ذاتیں:** جو دلت کے طور پر مانی جاتی ہیں۔ جو ہندو سماجی نظام میں اعلیٰ ذاتوں سے الگ اور اچھوت مانی جاتی تھیں

**درج فهرست قبائل:** ان ذاتوں کو اکثر قبائلی (آدی باسی) مانا جاتا ہے یہ عام طور پر پہاڑیوں اور جنگل میں زندگی بسر کرتے ہیں

درج فہرست ذاتوں کا 16.2% حصّہ تھا۔ جبکہ 8.2% حصّہ درج فہرست قبائل کا تھا۔

10۔ (i) ہندوستان میں عورتوں میں تعلیم کا فقدان ہونے سے سیاسی بیداری کم ہے۔

(ii) مرد امیدوار کبھی بھی عورتوں کو آگے نہیں آنے دیتے ہیں۔

(iii) ہندوستان میں سیاسی جماعتیں عورتوں کو ان کی آبادی کے تناسب میں انتخاب میں کھڑے ہونے کے لئے ٹکٹ نہیں دے رہی ہیں۔

11۔ (i) اب ہم خواتین کو سائنس دان، ڈاکٹر، انجینئر، قانون داں، منیجر، کالج اور یونیورسٹی میں استاد کی حیثیت سے دیکھ سکتے ہیں۔ اس سے پہلے تک خواتین کے لیے موزوں نہیں سمجھتے تھے۔

(ii) دنیا کو کچھ حصوں میں مثلاً اسکینڈ نیوین ممالک جیسے سویڈن، ناروے، فن لینڈ وغیرہ میں عوامی زندگی میں خواتین کی شرکت بہت زیادہ ہے۔

(iii) ہمارے ملک میں آزادی کے بعد سے کچھ سدھار ہونے کے باوجود اب بھی خواتین مردوں کے مقابلے میں بہت پیچھے ہیں۔

12۔ (i) لوک سبھا 2014 میں عورتوں کا تناسب 11.23 رہا ہے۔

(ii) ریاستی اسمبلی میں عورتوں کا تناسب 5% ہے۔

(iii) مقنّنہ میں عورتوں کی نمائندگی میں سدھار کے لئے عورتوں کے لئے لوک سبھا میں ریزرویشن ضروری ہے جس طرح علاقائی حکومت میں ہے۔

(iv) جس طرح پنچایت میں 1/3 فیصد سیٹیں عورتوں کے لئے محفوظ ہیں۔

(v) کچھ ریاستیں جہاں عورتوں کے لئے 50% سیٹیں پہلے سے ہی محفوظ ہیں وہ ہیں۔ بہار، اتراکھنڈ، مدھیہ پردیش اور ہماچل پردیش۔

13۔ (i) جب کسی مذہب کا ماننے والا اپنے مذہب کو دوسرے مذاہب کے مقابلہ میں برتر تصور کرتا ہے اپنے مذہب کو اونچا مانا۔

(ii) فرقہ پرستی کا عمومی اظہار روزمرہ کے خیالات ونظریات سے جھلکتا ہے اس میں مذہبی تعصّبات اور مذہبی کمیونٹی کے تنگ نظریات کارفرما ہوتے ہیں۔

(iii) فرقہ وارانہ ذہنیت رکھنے والا خود اپنے مذہبی فرقہ کے سیاسی غلبہ کی کوشش کا رجحان رکھتا ہے ایسے تمام لوگ جو اکثریتی فرقہ سے تعلق رکھتے ہیں وہ اکثریتی فرقہ کی حکومت تشکیل دینا چاہتے ہیں۔

(iv) اس تحریک کے تحت خفیہ علامتیں مذہبی قیادت جذباتی اپیل کا استعمال اورخود کا ماحول تیار کرکے ایک مذہب کے ماننے والوں کو سیاسی میدان میں متحد کیا جاتا ہے۔

(v) انتخابی سیاست میں ایسا اکثر ہوتا ہے کہ دوسروں کے مقابلہ میں کسی ایک مذہب کے رائے دہندگان کو جذبات کی رو میں بہائے اور مفادات کا سبز باغ دکھانے کیکوشش کی جاتی ہے۔

(vi) کبھی کبھی فرقہ پرستی ،فرقہ وارانہ تشدد فسادات اورقتل عام کے چہرے کے ساتھ نمودار ہوتی ہے۔

14۔ گاندھی جی کے مطابق مذہب ہنداسلام مذہب جیسے مذہب سے متعلق نہیں تھا۔ بلکہ وہ اخلاقی اقدار تھے جو تمام مذاہب میں مشترک ہیں ان کا خیال تھا کہ مذہب سے ماخوذ اخلاقیات کے ذریعہ سیاست کی رہنمائی کی جانی چاہیئے۔

15۔ جدید ہندوستان میں ذات پات اورفرقہ بندی کی وجہ سے بہت اہم تبدیلیاں رونما ہوئیں ہیں۔

(i) معاشی ترقی

(ii) بڑے پیمانے پرشہروں کا وجود میں آنا

(iii) خواندگی اورتعلیم میں ترقی

(iv) کاروبار میں ترقی

(v) گاؤں میں زمینداروں کی پوزیشن کمزور ہونا۔

16۔ (i) ہر ایک ذات کے گروپ ذیلی ذاتوں کو اپنے اندرآگے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے وہ فطری طور پر پیچھے رہ گئے ہیں

(ii) ایک ہی ذات اور وبرادری سے تعلق رکھنے والے گروپ کے اراکین سے توقع کی جاتی تھی کہ وہ ایک ایسی کمیونٹی تشکیل دیں گے جو اپنے آبائی پیشے پرعمل پیرا رہیں گے اور دوسرے گروپ کی ذات وبرادری کے اراکین کے ساتھ کھانے پینے سے پرہیز کریں گے۔

17۔ (i) یوں تو ذات برادری سیاست میں مختلف قسم کا کردارادا کرتی ہیں بعض حالات میں سیاست میں ذات پات کی تفریق کا اظہار طاقت کی حصہ داری کے حصول میں محروم یا پسماندہ برادریوں کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔

(ii) ذات پات کی سیاست دلت اور دوسری پسماندہ ذاتوں کے لئے مددگار ثابت ہوتی ہے کیونکہ اس کے ذریعہ پارلیمنٹ تک ان کی رسائی بہتر طور پر ہوسکتی ہے۔

(iii) محض ذات پات کی بنیاد پر سیاست کی شناخت جمہوریت میں بہت زیادہ مفید صحت بخش

اور مستحکم علامت نہیں ہے اس کی وجہ سے غربت، ترقی اور بدعنوانی جیسے اہم مسائل سے توجہ ہٹ سکتی ہے۔اور بہت سے معاملات میں ذات پات کی تقسیم سے کشیدگی، تنازعہ اور تشدد جیسے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

ہندوستان کی مقنّنہ میں عورتوں کا تناسب انتہائی کم رہا ہے مثلاً لوک سبھا میں منتخب خواتین ممبروں کا فیصد اس کے کل ممبروں کی تعداد کا 10 فیصد تک نہیں پہنچ سکا۔صوبائی اسمبلیوں میں ان کی حصہ داری 5 فیصد سے بھی کم ہے۔اس تناظر میں ہندوستان دنیا کے ملکوں میں سب سے نچلے گروپ میں شامل ہے۔

ہندوستان لاطینی امریکہ اور افریقہ کے متعدد ترقی پذیر ممالک سے پیچھے ہے۔حکومت میں کابینہ میں بڑی تعداد میں مرد ہوتے ہیں حتیٰ کہ اس وقت بھی جب وزیراعلیٰ یا وزیراعظم ایک عورت ہوتی ہے۔اس مسئلہ کے حل کی بھی بس ایک ہی صورت یہ ہے کہ قانونی طور پر مجبور کیا جائے کہ ہر منتخب مجلس میں منصفانہ طور پر عورتوں کا تناسب ہونا چاہیے۔ یہ چیز ہندوستان میں پنچایتی راج نظام میں کی جاچکی ہے۔ مقامی حکومت کی مجالس کی ایک تہائی نشستیں خواہ پنچایت کی ہوں یا میونسپلٹی کی۔ اب خواتین کے لیے مخصوص کردی گئی ہیں۔

(i) ہندوستان کی مقنّنہ میں عورتوں کا تناسب لوک سبھا اور صوبائی اسمبلیوں میں کتنا فیصد رہا ہے؟

(ii) ہندوستان کن ترقی پذیر ممالک سے عورتوں کے تناسب کے نظریے میں پیچھے ہے؟

(iii) ہندوستان کے پنچایتی راج نظام اور میونسپلٹی میں خواتینا کے لئے کتنا فی صد ریزرویشن دیا گیا ہے؟

(iv) پیراگراف کو مختصر کر کے اپنے الفاظ میں لکھیے۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

ہندوستانی ریاست کا کوئی سرکاری مذہب نہیں ہے۔ جیسا کہ سری لنکا میں بدھ مت کو، پاکستان میں اسلام کو اور انگلینڈ میں عیسائیت کو اہمیت دی گئی ہے۔ اس کے برعکس ہمارا دستور کسی مذہب کو خصوصی مقام نہیں دیتا۔

ہمارا دستور تمام افراد و جماعت کو یہ آزادانہ مواقع فراہم کرتا ہے کہ وہ جس مذہب کو چاہیں قبول کریں، اس پر عمل کریں اور اس کی تبلیغ کریں یا کسی مذہب کو نہ مانیں۔

دستور مذہب کی بنیاد پر اعتبار کو ناجائز قرار دیتا ہے۔ اسی طرح ساتھ ہی دستور ریاست کو مذہبی فرقوں کے اندر مساوات قائم کرنے کے لیے مذہبی امور میں مداخلت کی اجازت دیتا ہے۔ مثلاً وہ چھوت چھات پر پابندی عائد کرتا ہے۔

(i) سری لنکا، پاکستان اور انگلینڈ میں کس مذہب کو اہمیت دی گئی ہے؟

(ii) ہمارا دستور میں مذہب کے بارے میں کیا نظریہ ہے؟

(iii) کیا ہندوستانی ریاست کا کوئی سرکاری مذہب ہے؟

(iv) دیے گئے پیراگراف کو اپنے جملے میں لکھیے۔

# باب – 18

# سیاسی جماعتیں

## یادرکھنے کے لائق باتیں


1۔ سیاسی جماعت کے معنیٰ :۔سیاسی جماعت کولوگوں کے ایک ایسے منظّم گروہ کی شکل میں سمجھا جا سکتا ہے جو انتخاب میں حصہ لینے اور حکومت واقتدار حاصل کرنے کے مقصد سے کام کرتا ہے۔

2۔ ایک سیاسی جماعت کے تین اجزائے ترکیبی ہوتے ہیں۔

(i) قائدین

(ii) سرگرم اراکین

(iii) حامیان




## سیاسی جماعتوں کی ضرورت:

1۔ بنیادی طور پرسیاسی جماعتیں سیاسی عہدوں کوبھرتی ہیں اور سیاسی اختیارات کا استعمال کرتی ہیں۔

2۔ سیاسی جماعتیں مختلف پالیسیوں اور پروگرام کو رائے دہندگان کے سامنے پیش کرتی ہیں اور رائے دہندگان اپنی پسند کی پالیسیوں اور پروگراموں کومنتخب کرتے ہیں۔

3۔ سیاسی جماعتیں کسی بھی ملک کی قانون سازی میں فیصلہ کن کردار ادا کرتی ہیں قوانین پر رسمی بحث ہوتی ہے اورانھیں مقنّنہ میں پاس کرایا جاتا ہے۔

4۔ وہ جماعتیں جو انتخابات میں ہار جاتی ہیں حکمراں جماعت کے مقابلے میں مختلف نقطہ نظر یہ پیش کر کے حزب اختلاف کا کردار ادا کرتی ہیں اور حکومت کی ناکامی یا غلط پالیسیوں پر تنقید کرتی ہیں مخالف پارٹی کہلاتی ہیں۔

## قومی پارٹیاں اور علاقائی پارٹیاں:

1۔ وہ سیاسی جماعت جو صوبائی اسمبلی کی مجلس قانون ساز کے انتخاب میں مجموعی ووٹوں کا 6% ووٹ حاصل کرے اور کم از کم دو نشستیں حاصل کرے تو وہ صوبائی (علاقائی) جماعت کی حیثیت سے الیکشن کمیشن کے ذریعے منظوری حاصل کر لیتی ہے۔

2۔ وہ جماعت جو لوک سبھا انتخابات یا چار صوبوں کے اسمبلی انتخابات میں مجموعی ووٹوں کا 6 فیصد ووٹ حاصل کرے اور لوک سبھا کی کم از کم چار نشستیں حاصل کرے تو وہ قومی جماعت کی حیثیت سے منظور کر لی جاتی ہے۔




**جماعتی نظام**



- کچھ ملکوں صرف ایک ہی جماعت کو چلانے کی اجازت ہے اس وجہ سے انھیں ایک جماعتی نظام حکومت کہا جاتا ہے جیسے چین میں کمیونسٹ۔
- کچھ ملکوں میں اقتدار عام طور پر دو بڑی جماعتوں کے مابین ادل بدل ہوتا رہتا ہے اس طرح کے نظام کو دو جماعتیں نظام کہتے ہیں امریکہ اور انگلینڈ دو جماعتیں نظام کی مثالیں ہیں۔
- اگر دو یا دو سے زیادہ جماعتوں کو خواہ اپنے بل پر یا دوسری جماعتوں کے ساتھ اتحاد کے ذریعے اقتدار میں آنے کا موقع حاصل ہو تو اسے کثیر جماعتی نظام کہتے ہیں اور فرانس میں اسی قسم کا نظام ہے۔

## سیاسی جماعتیں

ہمارے ملک میں 7 سیاسی پارٹی قومی جماعت کا درجہ دیا ہے 2018 میں۔

نئی خبر کے مطابق 2019 میں ہمارے ملک میں 8 قومی سیاسی جماعتوں کو الیکشن کمیشن نے قومی پارٹی کا درجہ دیا ہے یہ درج ذیل ہیں:

| پارٹی | نشان | ان کے پروگرام اور پالیسیاں |
|---|---|---|
| 1۔ انڈین نیشنل کانگریس |  | • 1885 میں اس کی تاسیس عمل میں آئی۔ • ہندوستان کی آزادی کے بعد کئی دہائیوں تک صوبائی اور قومی سطح پر ہندوستانی سیاست میں اہم رول ادا کیا۔ • جواہر لال نہرو کی قیادت میں پارٹی نے ہندوستان میں ایک جدید سیکولر قومی جمہوریہ قائم کرنے کی کوشش کی۔ 1977 تک مرکز میں حکمراں جماعت کی حیثیت سے کام کیا۔ • اب U.P.A. اتحاد کے ساتھ اپوزیشن کا رول ادا کر رہی ہے۔ |
| 2۔ بھارتیہ جنتا پارٹی |  | • 1980 میں اس کی تاسیس عمل میں آئی۔ • یہ بھارتیہ جن سنگھ کا نیا ایڈیشن ہے۔ • ہندوستان کی قدیم ثقافت و اقرار کی بنیاد پر ایک نئے اقدار کی بنیاد پر ایک نئے مستحکم ہندوستان کی تعمیر کرنا چاہتی ہے۔ • ثقافتی قوم پرستی (ہندوتوا) اس کے ہندوستان قوم پرستی اور سیاست کے تصور میں ایک اہم عنصر ہے۔ • 2014 سے اب تک حکومت میں ہے اور N.D.A. اتحاد کے ساتھ ملک میں حکومت کر رہی ہے۔ |
| 3۔ بہوجن سماج پارٹی (بی ایس پی) |  | • 1984 میں کانشی رام کی قیادت میں اس کی تسکین عمل میں آئی دلتوں آدی واسیوں دیگر پسماندہ ذاتوں اور مذہبی اقلیتوں پر مشتمل ہے۔ • ساہو مہاراج، مہاتما پھولے، پیریار، سوامی راما سوامی نائیکر اور باب صاحب امبیڈکر کے خیالات اور تعلیمات سے استفادہ کرتی ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 4۔ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا مارکسٹ (C.P.I.M.) |  | • 1964 میں اس کی تشکیل عمل میں آئی۔<br>• مارکس اور لینن کے نظریات کی حامل ہے۔<br>• اشتراکیت سیکولرزم اور جمہوریت کی حمایت کرتی ہے۔<br>• 2004 کے الیکشن میں 6 فی صد ووٹ حاصل کیے اور لوک سبھا کی 43 نشستیں حاصل کیں۔ |
| 5۔ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (C.P.I.) |  | • 1925 میں اس کی تشکیل عمل میں آئی۔<br>• مارکس اور لینن، سیکولر اور جمہوری نظریات کی حامل ہے۔<br>• فرقہ پرست اور طبقات پرست طاقتوں کی مخالف ہے<br>• 2004 کے لوک سبھا انتخاب میں 10 نشستیں حاصل کیں ہیں۔ |
| 6۔ نیشنلسٹ کانگریس پارٹی |  | • 1994 میں کانگریس میں پھوٹ کے نتیجہ میں عمل میں آئی۔ جمہوریت، گاندھیائی، سیکولرزم اور وفاقیت کی حمایت کرتی ہے۔<br>• مہاراشٹر میں ایک بڑی پارٹی کی شکل میں موجود ہے۔ |
| 7۔ آل انڈیا ترنمول کانگریس |  | • 2016 میں قومی پارٹی کی حیثیت سے مغربی بنگال میں فعال ہے۔<br>• سیکولرزم اور وفاقی نظام کی حمایت کرتی ہے۔<br>• 2011 سے مغربی بنگال میں ریاستی حکومت کے کام انجام دے رہی ہے۔ |
| 8۔ نیشنل پیوپل پارٹی |  | • 7 جون 2019 کو نیشنل پارٹی کی حیثیت سے سامنے آئی۔<br>• پہلی قومی سیاسی جماعت شمال مشرقی حصے میں وجود میں آئی ہے۔<br>• میگھالیہ میں اس کی پوزیشن مضبوط ہے۔ |


## ہندوستان کی خاص خاص علاقائی پارٹیاں (جماعتیں)

| ریاست | علاقائی جماعتیں |
|---|---|
| جموں وکشمیر | جموں کشمیر نیشنل کانفرنس جموں وکشمیر نیشنل پنتھر پارٹی اور P.D.P وغیرہ |
| اتراکھنڈ | اتراکھنڈ کرانتی ڈل |
| پنجاب | شری نی اکالی دل |
| ہریانہ | انڈین نیشنل لوک دل۔ ہریانہ وکاس پارٹی |
| مہاراشٹر | شیوسینا |
| گوا | مہاراشٹر وادی گومتک پارٹی، یونائٹڈ گوا پارٹی |
| کرناٹک | جنتا دل سیکولر |
| کیرل | کیرل کانگریس، انڈین فیڈرل ڈیموکریٹک پارٹی |
| تامل ناڈو | ڈی ایم کے۔اے۔ڈی۔ایم کے |
| آندھرا پردیش | تیلگو دیشم، وائی ایس آر کانگریس |
| تلنگانہ | تلنگانہ راشٹر سمیتی |
| اڑیشہ | بیجو جنتا دل |
| جھارکھنڈ | جھارکھنڈ مکتی مورچہ |
| مغربی بنگال | فارورڈ بلاک، ترنمول کانگریس |
| تری پورہ | Indijinus National Party of Tripura |
| میزورم | M.N.F. میزو نیشنل فرنٹ |
| منی پور | منی پور Pupils پارٹی |
| ناگالینڈ | ناگالینڈ Pupils پارٹی |
| اروناچل پردیش | اروناچل پردیش |
| آسام | آسام گن پریشد۔ آسام یونائٹیڈ ڈیموکریٹک فرنٹ |
| سکّم | سکم ڈیموکریٹک فرنٹ |
| بہار | لوک جن شکتی پارٹی۔ جنتال دل یو اور راشٹریہ جنتا دل |

| | |
|---|---|
| اتر پردیش | سماج وادی پارٹی۔ راشٹریہ لوک دل |
| دلّی | عام آدمی پارٹی |

## کچھ دلچسپ حقیقت

- آزادی کے بعد ہندوستان میں پہلا عام چناؤ 1951-52 میں ہوا۔
- پنڈت جواہر لعل نہرو ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم بنے۔
- یومیش چندر بنرجی انڈین نیشنل کانگریس کے پہلے صدر بنے۔
- شیاما پرساد مکھرجی نے 1980 میں بھارتیہ جنتا پارٹی کی بنیاد رکھی۔
- کانشی رام نے 1984 میں بہوجن سماج پارٹی کی بنیاد رکھی۔
- 1985 میں راجیو گاندھی نے دل بدل قانون پاس کروایا۔




## سیاسی جماعتوں میں سدھار کے لئے کی گئی اصطلاحات

- دل بدل قانون کو سختی سے لاگو کیا جائے۔
- جرائم پیشہ ور لوگوں کا سیاست میں داخلہ نہ ہونے دینا۔
- سیاسی پارٹیوں کا وقت وقت پر ان کی پالیسیاں اور پروگرام ٹھیک کئے جائیں۔
- چند بڑے لیڈر کو پارٹی کے نام پر فیصلہ کرنے کے اختیار نہوں۔
- عورتوں کی حصہ داری بھی ہو۔
- الیکشن کا خرچ حکومت اٹھائے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ درج ذیل میں سے کون سی ایک قومی پارٹی نہیں ہے۔

(a) انڈین نیشنل کانگریس (b) بھارتیہ جنتا پارٹی

(c) بہوجن سماج پارٹی (d) راشٹریہ جنتا دل

2۔ درج ذیل میں سے کونسی ایک علاقائی پارٹی نہیں ہے۔

(a) بھارتیہ جنتا پارٹی (b) راشٹریہ جنتا پارٹی

(c) سماج وادی پارٹی (d) عام آدمی پارٹی

3۔ کانشی رام نے کس سیاسی پارٹی کی بنیاد 1984 میں ڈالی۔

(a) انڈین نیشنل کانگریس (b) بہوجن سماج پارٹی

(c) بھارتیہ جنتا پارٹی (d) راشٹریہ جنتا پارٹی

4۔ انڈین نیشنل کانگریس کا چناؤ نشان کیا ہے۔

(a) کمل کا پھول (b) ہاتھی

(c) ہاتھ کا پنجہ (d) لالٹین

5۔ بھارتیہ جنتا دل کا چناؤ نشان کیا ہے۔

(a) کمل کا پھول (b) سائیکل

(c) ہاتھ کا پنجہ (d) لالٹین

6۔ راشٹریہ وادی کانگریس کا چناؤ نشان کیا ہے۔

(a) ٹیبل گھڑی (b) کمل کا پھول

(c) سائیکل (d) تیر کمان

7۔ ہندوستان میں کس طرح پر الیکشن بغیر سیاسی پارٹیوں کے لڑے جاتے ہیں۔

(a) لوک سبھا کی سطح پر (b) راجیہ سبھا کی سطح پر
(c) صوبائی سطح پر (d) پنچایتی سطح پر

8۔ حکمراں جماعت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

9۔ کونسا پارٹی نظام جمہوریت کے لئے اچھا نہیں مانا جاتا ہے؟

10۔ دل بدل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

## دعویٰ (A) اور وجہ (R) پر مبنی سوالات

نیچے دیئے گئے بیانات کو پڑھیے اور صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

11۔ دعویٰ(A):1994 سے تقریباً ہر ایک صوبائی جماعت کو قومی سطح کی کسی نہ کسی اتحادی حکومت کا حصہ بننے کا موقع ملا ہے۔

وجہ(R): کیونکہ قومی جماعتوں کو مختلف ریاستوں میں اکثریت نہیں مل پا رہی ہے۔

(a) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ کی ترجمانی کرتا ہے۔
(b) دعویٰ (A) غلط ہے اور (R) وجہ کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔
(c) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ غلط ہے
(d) دعویٰ (A) غلط ہے اور (R) وجہ صحیح ہے۔

12۔ دعویٰ(A): بہت سے منتخب .M.P اور .M.L.A وزیر بننے اور نقدی انعام حاصل کرنے کے لیے بُری طرح دل بدل کے کھیل میں مصروف ہو گئے تھے۔

وجہ (R): اس نئے قانون نے دل بدلی کو کم کرنے میں بڑی مدد کی ہے۔

(a) دعویٰ (A) صحیح ہے اور (R) وجہ کی ترجمانی کرتا ہے۔
(b) دعویٰ (A) غلط ہے اور (R) وجہ کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔
(c) دعویٰ (A) غلط ہے اور (R) وجہ صحیح ہے

(d) بیان (A) غلط ہے اور (R) وجہ صحیح ہے۔

13۔ کونسی پارٹی مارکس کے خیالات کی ترجمانی کرتی ہے؟

(a) راشٹروادی کانگریس (b) کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا

(c) D.M.K. (d) بہوجن سماج پارٹی

14۔ سیاسی جماعت کے کون کون اجزائے ترکیبی ہیں؟

(a) قائدین (b) سرگرم اراکین

(c) حامیان (d) یہ سبھی

## خالی جگھوں کو پُر کیجیے :

15۔ بھاریہ جنتا پارٹی__________ کی نئی شکل ہے۔(جن سنگھ/ جنتا دل)

16۔ بہوجن سماج__________ قیادت میں تشکیل عمل میں آئی۔(1990 / 1984)

17۔ __________ اور__________ دو جماعتی نظام کی مثال ہیں۔(امریکہ/ روس/ سوئزرلینڈ/ انگلینڈ

## نیچے دیے گئے جملے کے آگے صحیح (✓) اور غلط کے آگے (×) کا نشان لگائیے:

19۔ کچھ پارٹیاں مجرمانہ لیڈر کو سپورٹ کرتی ہیں اور وہ الیکشن جیت جاتے ہیں۔ (✓)

20۔ قومی پارٹی لوک سبھا کی چار سیٹوں سے کم جیتتی ہے تو اسے قومی پارٹی کا درجہ مل جاتا ہے۔ (✓)

21۔ ترنمول کانگریس کے بانی کاشی رام تھے۔ (×)

22۔ سماج وادی پارٹی اور راشٹریہ جنتا دل کے شاخیں بہت سی ریاستوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ (✓)

## جوابات:

1۔ راشٹریہ جنتا دل

2۔ بھارتیہ جنتا پارٹی

3۔ بہوجن سماج پارٹی

4۔ ہاتھ کا پنجہ

5۔ کمل کا پھول

6۔ ٹیبل گھڑی

7۔ پنچایتی سطح پر

8۔ جس پارٹی کی حکومت ہوتی ہے اسے حکمراں پارٹی کہتے ہیں

9۔ ایک پارٹی نظام

10۔ M.L.A یا M.P کا کسی پارٹی سے جیت کر دوسری پارٹی میں چلنے جانا دل بدلنا کہتے ہیں۔

11۔ A

12۔ A

13۔ B

14۔ D

15۔ جن سنگھ

16۔ 1984

17۔ امریکہ اور انگلینڈ

## 3/5 نمبر والے سوالات:

1۔ سیاسی جماعتوں کے کام کے بارے میں بتائیے۔

2۔ کسی جماعت کو صوبائی یا قومی جماعت کا درجہ حاصل کرنے کے لئے کیا کرنا چاہئے؟

3۔ مختلف قسم کے جماعتی نظام کا ذکر کیجئے۔

4۔ حال ہی میں سیاسی جماعتوں کے سامنے آئے چیلنجز کا ذکر کیجئے؟

5۔ انڈین نیشنل کانگریس کے پروگرام اور پالیسیوں کا تذکرہ کیجئے؟

6۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے پروگرام اور پالیسیوں کا تذکرہ کیجئے؟

7۔ بہوجن سماج پارٹی کے پروگرام اور پالیسیوں کا تذکرہ کیجئے۔

8۔ سیاسی جماعتیں جمہوریت کے لئے ضروری تبصرہ کیجئے۔

9۔ جمہوری نظام حکومت میں مخالف جماعتوں کے رول پر تبصرہ کیجئے۔

10۔ ملی جلی حکومت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ہندوستانی جمہوریت میں ملی جلی (Colation) حکومت کے رول پر تبصرہ کیجئے۔

11۔ عام آدمی کس طرح سیاسی جماعتوں میں سدھار لا سکتے ہیں۔

## جوابات:

9۔ جمہوریت میں مخالف پارٹی کا کردار بہت ضروری ہے۔

(i) یہ حکمراں پارٹی کی پالیسیوں پر نظر رکھتا ہے۔

(ii) یہ حکمراں پارٹی کی غلط پالیسیوں پر سوال اٹھاتا ہے۔

(iii) اور حکومت کو صحیح ڈھنگ سے چلانے میں صحیح رول ادا کرتا ہے۔

10۔ جب الیکشن میں کسی بھی پارٹی کو واضح اکثریت نہیں مل پاتی تو دو یا دو سے زیادہ سیاسی پارٹیاں مل کر حکومت چلاتے ہیں اسے ملی جلی حکومت کہتے ہیں ہندوستان 1989 سے لیکر 2014 تک ملی جلی حکومت رہی ہے۔ ملی جلی حکومت میں علاقائی پارٹیوں کا اہم رول ہوتا ہے اس سے جمہوریت اور مضبوط ہوتی ہے۔

(ii) ملی جلی حکومت کی وجہ سے قومی پارٹیاں علاقائی پارٹیوں کو نظر انداز نہیں کر پاتی۔

(iii) مرکزی حکومت کو سبھی علاقوں کی ترقی کا دھیان دینا ہوگا۔

11۔ کچھ تجاویز:۔

(i) عام جنتا کو بڑھاوا کر

(ii) سیاسی پارٹیوں پر دباؤ بنا کر

(iii) مجرمانہ ریکارڈ والے امیدوار کر ہرا کر

(iv) ایماندار اور صاف نیت والے امیدوار کو جتا کر۔

## مشقی سوالات:

1۔ ہندوستان میں کثیر پارٹی نظام کیوں ہے؟

2۔ علاقائی پارٹیوں سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ کسی پارٹی کا عالاقائی درجہ حاصل کرنے کے لئے کیا شرائط ہیں۔

3۔ ہندوستان میں علاقائی پارٹیوں کے ابھرنے سے وفاقی نظام اور جمہوریت مضبوط ہوتی ہے؟ کیا آپ اس بات سے متفق ہیں؟ تجزیہ کیجئے۔

4۔ تامل ناڈو کوئی دو علاقائی پارٹیوں کے نام ان کے نشان کے ساتھ لکھئے۔

5۔ بہار کی کوئی دو علاقائی پارٹیوں کے نام لکھئے۔

## Source Based Questions

1۔ مندرجہ ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

یہ سیاسی جماعتوں کے لیے ایک تفویضی حکم قرار دینا چاہیے کہ وہ کم از کم ٹکٹوں کی تعداد یعنی تقریباً ایک تہائی خواتین نمائندوں کو دیں اسی طرح پارٹی کی فیصلہ لینے والی مجلسوں میں خواتین کے لیے کوٹا متعین ہونا چاہیے۔ سرکاری امداد پر مبنی انتخابات ہونا چاہیے۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ جماعتوں کو انتخابی اخراجات برداشت کرنے کے لیے مالی امداد دے یہ امداد نہیں پٹرول، کاغذ، اور ٹیلیفون وغیرہ کی صورت میں دی جاسکتی ہے یا یہ پارٹی کے گذشتہ انتخاب میں حاصل کردہ ووٹ کی بنیاد پر نقدی کی صورت میں بھی دی جاسکتی ہے۔

(i) کم از کم ٹکٹوں کی تعداد کتنی خواتین کے نمائندوں کو دیں؟

(ii) انتخاب کس کی امداد پر مبنی ہونا چاہیے۔

(iii) سرکار کو انتخابی اخراجات کن کن باتوں پر دینا چاہیے۔

(iv) سیاسی جماعتوں کے سدھار کے بارے میں اپنی رائے دیجیے۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

اگر متعدد جماعتیں حصول اقتدار کے لیے کوشاں ہوں اور دو جماعتوں سے زیادہ کو اقتدار میں آنے کے خواہ اپنے بل پر یا دوسری جماعتوں کے اتحاد کے ذریعہ مواقع حاصل ہوں تو اسے ہم کثیر جماعتی نظام کہتے ہیں۔ لہٰذا ہندوستان میں ہم کثیر جماعتی نظام رکھتے ہیں۔ اس نظام میں مخلف جماعتوں کے اتحاد کے ذریعہ حکومت تشکیل پاتی ہے۔ جب ایک کثیر جماعتی نظام میں متعدد جماعتیں انتخاب لڑنے اور اقتدار حاصل کرنے کے لیے ہاتھ ملاتی ہیں تو اسے ایک اتحاد یا محاذ کہتے ہیں۔ مثلاً ہندوستان میں 2004 کے پارلیمانی انتخابات میں اس طرح کے تین بڑے اتحاد وجود میں آئے تھے۔ قومی جمہوری اتحاد، متحدہ ترقی پسند اتحاد اور بایاں محاذ۔ کثیر جماعت نظام اکثر پیچیدگی اور سیاسی عدم استحکام کا موجب ہوتا ہے۔ بایں ہمہ یہ نظام سیاسی نمائندگی سے فیض یاب ہونے کے لیے متنوع خیالات و مفادات کی اجازت دیتا ہے اور موقع فراہم کرتا ہے۔

(i) درج ذیل میں سے کون سا اتحاد فی الحال ابھی مرکزی حکومت میں شامل ہے؟

(a) N.D.A. (قومی جمہوریہ اتحاد)

(b) U.P.A. (جمہوری اتحاد متحدہ)

(c) وام مورچہ

(d) ان میں سے کوئی نہیں


(ii) اتحادی حکومت سے آپ کیا سمجھتے ہیں

(iii) 2004 میں کون سے تین بڑے اتحاد وجود میں آئے۔

(iv) دیے گئے پیراگراف کو اپنے لفظوں میں مختصر کر کے لکھیے۔

# باب – 19

# جمہوریت کے نتائج




## یادرکھنے لائق نکات

1۔ آج دنیا کے سو سے زیادہ ممالک کسی نہ کسی طرح کے جمہوری نظام کو چلانے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ ان کا باقاعدہ ایک دستور ہے، ان کے یہاں انتخابات ہوتے ہیں اور سیاسی جماعتیں بھی ہیں۔ ساتھ ہی وہ اپنے شہریوں کے کچھ بنیادی حقوق کی ضمانت بھی دیتے ہیں۔

2۔ جمہوریت یہ یقین دلاتی ہے کہ فیصلہ لینے کا عمل اصول وضوابط کے مطابق ہوگا۔

3۔ اگر کوئی شہری یہ جاننا چاہتا ہے کہ آیا فیصلہ صحیح ضابطہ کے مطابق لیا گیا ہے تو وہ اس کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتا ہے۔ اسے اس سلسلے میں نہ صرف معلومات حاصل کرنے کا حق ہے بلکہ اس کے

پاس کے اس کے ذرائع بھی موجود ہیں۔ اسے شفافیت کہتے ہیں۔

4۔ جمہوری حکومت یقیناً اپنی متبادل حکومتوں سے بہتر ہے۔ جمہوری حکومت قوانین کی رو سے جائز حکومت ہے۔ ایک جمہوری حکومت عوام کی اپنی حکومت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پوری دنیا میں جمہوری حکومت کے خیال کی ہمہ جہت حمایت کی جاتی ہے

5۔ جمہوریتیں سیاسی مساوات پر مبنی ہیں۔ نمائندوں کے انتخاب میں تمام افراد کی حیثیت برابر ہے۔

6۔ تانا شاہی کی حمایت کرنے والے نظریہ کو مطلق العنانیت کہتے ہیں۔

7۔ جنسی نابرابری، ذات پات اور فرقہ پرستی جیسی باتیں سماج میں نابرابری کی مثالیں ہیں۔

8۔ قانون کی حکومت سے مراد ہے کہ ایک ملک کے آئین کے تئیں وفاداری کے ساتھ حکومت چلائے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ خالی جگہوں کو پر کرو

جمہوریت فرد کی____________ کو بڑھاوا دیتی ہے۔

2۔ درج ذیل کا صحیح ملا کرو:

(نشانیاں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | آزاد اور غیر جانبدار الیکشن | —— | تانا شاہی |
| (ii) | کھلی بحث پر روک | —— | جمہوریت |
| (iii) | جائز حکومت | —— | تانا شاہی |
| (iv) | شہریوں کی بدتر حالت | —— | جمہوریت |

3۔ جملوں کو سیاسی اعتبار سے صحیح کر کے لکھو۔

جمہوری حکومت ایک تانا شاہی حکومت ہوتے ہیں۔

4۔ درج ذیل میں سے کونسی قسم کی حکومت میں شہریوں کو سماجی برابری حاصل ہوتی ہے

(i) سلطنت

(ii) تاناشاہی

(iii) جمہوریت

(iv) اقلیت

5۔ دیئے گئے جملے کے آگے صحیح (✓) اور غلط (×) کا نشان لگائیے۔

(i) جمہوریت میں غلطیوں کو سدھارنے کا موقع ہوتا ہے۔ (✓)

(ii) جمہوریت سماجی ٹکراؤ کو بڑھانے میں مدد کرتی ہے۔ (×)

(iii) جمہوریت نظام حکومت خاص طور سے دوسرے نظام حکومت سے بہتر ہے۔ (✓)

(iv) معلومات حاصل کرنے کا حق (R.T.I) کے ذریعے حکومت کے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی جاسکتی ہے۔ (✓)

6۔ نیچے دیئے سوال میں دعویٰ (A) اور وجہ (R) دی گئی ہے۔ صحیح متبادل جواب بتایئے۔

دعویٰ (A): دنیا میں کم سے کم ایک چوتھائی حصّے میں جمہوری حکومت قائم نہیں ہیں۔

وجہ (R): کیونکہ دنیا کے ان حصّوں میں جمہوری حکومتوں کے لئے چیلنجز بہت مشکل ہیں۔

**متبادل**

(i) دعویٰ (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں اور (R)، (A) کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(ii) دعویٰ (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R)، (A) کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(iii) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے۔

(iv) دعویٰ (A) غلط ہے (R) صحیح ہے۔

7۔ دعویٰ (A): جمہوریت میں سدھار خاص طور سے سیاسی مشق کے ذیعے لایا جاتا ہے۔

وجہ (R): سیاسی سدھاروں کے کسی بھی سوالوں کے بارے صرف یہ سوچنا چاہیے کہ اچھا حل کیا ہے لیکن

اس بات کی پروہ نہیں ہے کہ اسے کون اور کیسے لاگو کرے گا۔

**متبادل**

(i) دعویٰ (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں اور (R)، (A) کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(ii) دعویٰ (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R)، (A) کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(iii) دعویٰ (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے۔

(iv) دعویٰ (A) غلط ہے (R) صحیح ہے۔

8۔ کس طرح کی حکومت میں لیے گئے فیصلے لوگوں کو زیادہ منظور ہوتے ہیں۔

(A) تاناشاہی

(B) مذہبی

(C) بادشاہت

(D) جمہوریت

9۔ درج ذیل میں سے صحیح بیان کو پہچانیے۔

(1) فرد کے وقار کو بڑھاتی ہے

(2) شہریوں کے مابین مساوات کو فروغ دیتی ہے

(3) جمہوریت اکثریت پر مبنی ہے۔

(A) صرف 1

(B) صرف 1 اور 2

(C) صرف 3

(D) سبھی بیان صحیح ہیں۔

10۔ جمہوریت سے متعلق درج ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے۔

(A) آزاد اور غیر جانبدار الیکشن

(B) فرد کے وقار کو بڑھاتے ہے۔

(C) اکثریت کی حکومت

(D) قانون کی نظر میں سب برابر

11۔ درج ذیل میں سے کسے جمہوری حکومتیں سب سے زیادہ بڑھاوا دیتی ہیں۔

(A) معاشی نابرابری

(B) سماجی نابرابری

(C) فرد کے وقار اور آزادی

(D) اوپر دیے گئے سبھی

12۔ جمہوریت کیا تعین کرتی ہے

(A) معاشی برابری

(B) سیاسی برابری

(C) تیزی سے معاشی سرگرمی

(D) اوپر دیے گئے سبھی

13۔ غیر جمہوری حکومتیں کیا تعین کرتی ہیں۔

(A) فرد کے وقار اور حق

(B) سیاسی آزادی

(C) پالیسیاں پر عوامی بحثیں

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جوابات:

1۔ وقار

2۔ B – I

A – II

D – III

C – IV

3۔ جمہوری حکومت ایک عوامی حکومت ہوتی ہے۔

4۔ (III) جمہوریت

5۔ A

6۔ A

7۔ B

8۔ D

9۔ B

10۔ C

11۔ C

12۔ B

13۔ D

## مختصر /طویل جواب والے سوالات (3/5نمبر)

1۔ جمہوریت کی خصوصیات بتائیے۔

2۔ جمہوری نظام کو آمریت سے بہتر کیوں مانا جاتا ہے؟

3۔ جمہوریت کے سماجی نتائج بیان کیجیے۔

4۔ جمہوریت کس طرح ایک قانونی طور پر جائز حکومت کو جنم دیتی ہے؟

5۔ جمہوریت کس طرح شہریوں کے مابین پرامن اور ہم آہنگ زندگی کی رہنمائی کرتی ہے؟

6۔ جمہوریت شہریوں کے وقار کو کس طرح بنائے رکھتی ہے؟

7۔ شکایات کس طرح جمہوریت کو کامیاب بنانے میں مدد کرتی ہیں؟

8۔ جمہوریت کے اصولوں کو زندگی کے سبھی شعبوں میں کس طرح نافذ کیا جاسکتا ہے؟

9۔ تانا شاہی حکومت کے مقابلے میں جمہوری حکومت کی خامیاں بتایئے۔

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ — شہریوں کے مابین مساوات کو فروغ دیتی ہے
— فرد کے وقار کو بڑھاتی ہے
— فیصلہ لینے کے عمل کو بہتر بناتی ہے
— غلطیوں کی اصلاح کرنے کی گنجائش پیدا کرتی ہے

2۔ — جمہوریت میں آزادانہ اور منصفانہ انتخابات ہوتے ہیں
— جمہوریت میں پالیسیوں اور فیصلوں پر کھلی بحث ہوتی ہے
— جمہوری حکومت قانونی طور پر جائز ہوتی ہے
— جمہوریت میں شہریوں کی حالت بہتر ہوتی ہے

3۔ — جمہوری نظام ہم آہنگ زندگی فراہم کرتا ہے
— اس میں سماجی اختلافات کا امکان کم رہتا ہے
— فرد کا وقار اور آزادی جمہوری نظام کی بنیاد ہے

— جمہوریت میں سماج کے کمزور طبقوں کو مساوی حیثیت فراہم کرنے کی وکالت کی جاتی ہے

4۔ — جمہوری حکومت ایک جواب دہ حکومت ہے

— شہریوں کو فیصلہ لینے کے عمل کی جانچ کرنے کے حقوق اور ذرائع دستیاب ہوتے ہیں

— جمہوریت ایک ذمہ دار نظام حکومت ہے۔ یہ شہریوں کے خیالات/نظریات اور توقعات کا دھیان رکھتی ہے

— جمہوری حکومت قانونی طور پر جائز حکومت ہے کیونکہ عوام ہر پانچ سال میں اپنی حکومت کا انتخاب خود کرتے ہیں

5۔ — ہر شہری کو ووٹ ڈالنے اور انتخابات لڑنے کا حق حاصل ہے

— یہ شہریوں کو سماجی مساوات فراہم کرتی ہے

— جمہوریت اختلافات اور تنازعات کو ختم کرنے میں مدد کرتی ہے

— جمہوریت میں اکثریت کو ہمیشہ اقلیت کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ حکومت سبھی کی خواہشات کی نمائندگی کر سکے

6۔ — جمہوریت آزادی اور تکریم وتوقیر کا احساس پیدا کرتی ہے

— جمہوریت میں سبھی شہریوں کے ساتھ ایک جیسا برتاؤ کیا جاتا ہے

— جمہوریت میں خواتین کو مردوں کے مساوی حقوق حاصل ہیں

— جمہوریت میں ذات پر مبنی عدم مساوات اور ظلم وتشدد کی کوئی اخلاقی اور قانونی بنیاد نہیں ہے

7۔ — کافی عرصہ سے خواتین کو یکساں حقوق، انصاف اور آزادی سے محروم رکھا گیا تھا مگر جمہوریت نے سبھی حقوق کو یقینی بنایا ہے

— سماج کے کمزور طبقوں کے لیے خصوصی بندوبست کرنا

— مناسب نمائندگی فراہم کرنے کی وجہ سے مختلف نسلی گروہوں کے درمیان تنازعات کو کم کرنے میں مدد ملی ہے۔ اختلافات کو دور کرنے کے لیے جمہوریت آئینی طریقہ کار فراہم کرتی ہے

8۔ — کسی جمہوری فیصلہ میں ان سبھی لوگوں کی آرا اور خیالات کو شامل کرنے کا عمل شامل ہے جو اس فیصلہ سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

— سبھی لوگوں کو فیصلہ سازی کے عمل میں حصہ لینے کا مساوی حق حاصل ہے۔

— کسی بھی دولت مند یا باوثوق شخص کو خصوصی حق حاصل نہیں ہیں۔

9۔ — تانا شاہی کے مقابلے میں جمہوریت میں فیصلہ لینے میں کچھ وقت لگتا ہے کیونکہ تانا شاہی میں فیصلہ جلدی کیا جاتا ہے

— تانا شاہی کے مقابلے میں جمہوری حکومت زیادہ خرچیلا ہے کیونکہ یہاں طے شدہ وقت کے بعد الیکشن ہوتے ہیں

— جمہوریت میں الیکشن جیتنے کے لیے روپیہ پانی کی طرح بہایا جاتا ہے جبکہ تانا شاہی حکومت میں ایسا نہیں ہوتا

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

جمہوریتیں سیاسی مساوات پر مبنی ہیں۔ نمائندوں کے انتخاب میں تمام افراد کی حیثیت برابر ہے۔ افراد کو دوش بدوش چلنے کے لیے سیاسی میدان میں لا کھڑا کرنے کے متوازی ہم معاشی افزائش کو عدم مساوات کا شکار پاتے ہیں۔ غیر معمولی مالداروں کا ایک چھوٹا سا گروہ آمدنی اور دولت کے انتہائی غیر متوازن حصہ سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ محفل اتنا ہی نہیں، بلکہ مجموعی آمدنی میں ان کا حصہ بڑھتا جا رہا ہے۔ وہ لوگ جو سماج کی نچلی سطح پر ہیں وہ بہت قلیل آمدنی پر گزارا کرتے ہیں۔ ان کی آمدنی روز بروز گھٹتی جا رہی ہے۔ کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ وہ اپنی بنیادی ضروریات بھی پوری کرنے کے قابل نہیں۔

(i) جمہوریت کس پر مبنی ہے؟

(ii) پیداوار آمدنی کے معاملے میں زیادہ امیر اور غریب لوگوں کے بیچ موازنہ کریں۔

(iii) وہ کون سی چیزیں ہیں جنھیں غریب لوگ حاصل کرنا مشکل سمجھتے ہیں۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

کچھ چیزیں ایسی ہیں جنھیں جمہوریت کو لازماً فراہم کرنا چاہیے۔ جمہریت میں ہمیں یقینی طور پر یہ یقین دہانی کرائی جاتی ہے کہ لوگوں کو اپنا حکمراں منتخب کرنے اور انھیں کنٹرول کرنے کا پورا حق ہوگا جب بھی ممکن ہو اور ضروری ہو شہریوں کو ایسے تمام فیصلہ لینے کے عمل میں حصہ لینے کا مقدار ہونا چاہیے جس سے وہ متاثر ہوتے ہیں۔ اس لیے جمہوریت کا سب سے بنیادی نتیجہ یہ ہونا چاہی کہ وہ ایسی حکومت پیش کرے جو شہریوں کو جواب دہ ہو اور ان کی ضرورتوں اور توقعات کی ذمہ دار ہو۔

(i) جمہوریت کو کیا فراہم کرنا چاہیے؟

(ii) لوگوں کو فیصلے لینے میں کیوں حصّہ لینا چاہیے؟

(iii) جمہوریت کا بنیادی نتیجہ کیا ہے؟

## جوابات:

1۔ طلباء خود کریں

2۔ طلباء خود کریں۔

# باب – 21

# ترقی

- معیار
  - انسانی ترقیاتی رپورٹ
    - تعلیم کے اعداد و شمار
    - فرد کی اوسط آمدنی
    - لوگوں کی صحت
  - انسانی ترقیاتی رپورٹ کا موازنہ
    - فی کس آمدنی
    - زندگی کے رہن سہن
    - شرح خواندگی
    - خالص حاضری تناسب

| عالمی بینک (World Bank) کے ذریعے پیش کردہ عالمی ترقیاتی رپورٹ 2012 | | |
|---|---|---|
| وہ ممالک جن کی فی کس آمد آمدنی 1,2276 امریکی ڈالر اور اس سے بھی زیادہ تھی انھیں امیر ممالک کہا جاتا ہے۔ | وہ ممالک جن کی فی کس آمدنی 1005 امریکی ڈالر یا اس سے کم تھی انھیں کم آمدنی والے ممالک کہا جاتا ہے۔ | جن ممالک کی آمدنی 1045 ڈالر سے کم ہے۔ |

1. **بچوں کی شرح اموات:** بچوں کی اس تعداد کا پتہ چلتا ہے جن کی موت اس مخصوص سال میں پیدا ہوئے زندہ بچوں کی 1000 کی تعداد کے تناسب میں۔

2. **شرح خواندگی:** 7 اور اس سے زیادہ کی عمر والوں میں پڑھے لکھے آبادی کے تناسب کی پیمائش ہوتی ہے۔

3. **خالص حاضری تناسب:** 6 سے 10 سال کی عمر کے بچوں کی کل تعداد جو اس عمر کے بچوں کی کل تعداد کے فیصد کے طور پر اسکول جانے والوں کی تعداد ہے۔

## یاد رکھنے لائق نکات:

1۔ معاشی نظام ایک ایسا نظام ہے جو لوگوں کو بہتر زندگی گزارنے کے طریقے مہیا کرتا ہے۔

2۔ معاشی ترقی ایک ایسی سرگرمی ہے جس کے ذریعے فی کس آمدنی طویل مدت میں بڑھتی ہے۔

3۔ لوگوں یا گروہوں کا پرائمری مقصد:۔ زیادہ آمدنی پانا اس کے علاوہ برابری، آزادی، حفاظت، سلامتی اور دوسروں سے عزت حاصل کرنا۔

4۔ معاشی نظام ملک کے وسائل کا صحیح طریقے سے استعمال کر کے ملک کی ترقی کے لئے منصوبے تیار کرتا ہے۔

5۔ فرد کی کل آمدنی یا اوسط آمدنی = $\dfrac{\text{ملک کی کل آمدنی}}{\text{ملک کی کل آبادی}}$

6۔ ممالک کا موازنہ کرنے کے لئے ان کی آمدنی سب اہم خصوصیت کو واضح کرتی ہے۔

7۔ ملک کی ترقی کو ناپنے کے لیے اوسط عمر کے ساتھ پبلک سہولیات مہیا کرنا جیسے صحت عامہ۔ شرح پیدائش اور شرح اموات اور آلودگی سے پاک ماحول مہیا کرانا اور ان کو ناپنے کا آلہ بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

8۔ ہر ملک کے لیے اوسط آمدنی کی گنتی بین الاقوامی کرنسی ڈالر میں کی جاتی ہے۔

9۔ **انسانی ترقی کا اشاریہ:** اقوام متحدہ کے ذریعے رکھا گیا ایک ایسا اشاریہ جس کے ذریعے دنیا کے مختلف ممالک میں سماجی اور معاشی کارناموں کی بنیاد پر درجات مقرر کیے جاتے ہیں۔

## خالی جگھوں کو پُر کیجیے :

1۔ اوسط آمدنی کو __________ کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔

2۔ B.M.I. کا مطلب ہے __________ جسم کا اشاریہ کمیت/جسم کا تغذیہ نظام

3۔ عالمی بینک کے ذریعے پیش کی گئی دنیا کی ترقی کی رپورٹ سے ممالک کا بٹوارا کرنے کے لیے __________ کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ( سالانہ فی کس آمدنی/ فی کس فرد آمدنی )

4۔ وہ زیادہ تر عمر جب تک ایک آدمی زندہ رہنے کی امید کرسکتا ہے وہ __________ کہلاتا ہے۔

5۔ ایسی ترقی جو حال کی نسلیں کی ضرورتوں کا خیال رکھتے ہوئے مستقبل کی نسلوں کو بھی اپنی ضرورتوں کو پورا کرنے میں کامیاب بناتا ہے __________ کہلاتا ہے۔

## صحیح متبادل چنیے :

6۔ 6 سے 10 سال کی عمر کے بچوں کی کل تعداد جو اس عمر کے بچوں کی کل تعداد کے فی صد کے طور پر کہلاتا ہے:

(a) خالص حاضری تناسب (b) شرح خواندگی

(c) تعلیم کی سطح (e) کل حاضری تناسب

7۔ فی کس آمدنی درج ذیل میں سے کیا دکھاتی ہے؟

(a) معاشی نابرابری (b) اوسط آمدنی

(c) کل آبادی (d) ان میں سے کوئی نہیں

8۔ فی کس آمدنی کی گنتی کرنے کے لیے درج ذیل میں سے کس ملک کی کرنسی کا استعمال کیا جاتا ہے؟

(a) روپیہ (b) پاونڈ

(c) امریکی ڈالر (d) کنڈین ڈالر

9۔ ترقی کے سلسلے میں ملکوں کے موازنے کے لیے ان کی کس بات کو ایک نہایت اہم وصف سمجھا جاتا ہے؟

(a) فی کس آمدنی (b) B.M.I.

(c) ملک کی سالانہ آمدنی (d) چہار طرفہ ترقی

10۔ اگر بالغان کم تغذیہ کے شکار ہیں تو اسے معلوم کرنے کا ایک طریقہ ہے جسے کہا جاتا ہے

(a) فی کس آمدنی (b) B.M.I. جسم کا اشاریہ کمیت

(c) ملک کی فی کس آمدنی

11۔ اگر کسی آدمی کا B.M.I.، 18:5 سے کم ہے تو اسے کم تغذیہ مانا جاتا ہے۔

12۔ دعویٰ(A): وجہ (R):

12۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): مختلف لوگوں کی ترقی کا مقصد بھی الگ ہوتا ہے۔

وجہ (R): مختلف لوگوں کی ترقی کا مقصد ہمیشہ مخالف ہوتا ہے۔

جواب: (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (B)

13۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): زیادہ اوسط آمدنی کسی ملک کے انسانی ترقی یا ہمہ جہتی ترقی کا اشاریہ نہیں ہوتا ہے۔

وجہ (R): فی کس آمدنی کی اشاریہ جسے تعلیم کا معیار، حفظانِ صحت کی سہولیات اور عوامی سہولیات کی ترجمانی نہیں کرتا۔

جواب: (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (B)

14۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجیے۔

دعویٰ (A): ہمہ جہتی ترقی کسی بھی ملک کی معاشی ترقی کے لئے ضروری ہے۔

وجہ (R): ہمہ جہتی ترقی یہ طے کرتا ہے کہ پیداوار سرگرمیوں کے لیے ماحول کے تئیں صحیح طریقہ اپنایا جاتا ہے۔

جواب: (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (A)

15۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجیے۔

دعویٰ (A): کسی ملک کی اوسط آمدنی 12,056 یو ایس ڈالر ہے لیکن وہ ملک ترقی یافتہ نہیں ہے۔

وجہ (R): اس ملک کی آمدنی کی سطح زیادہ نا برابر ہے۔

جواب: (A) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (A)

## مختصر/طویل جواب والے سوالات (3/5نمبر)

1۔ ترقی کا مقصد الگ الگ ہوتا ہے اور کبھی کبھی یہ برخلاف بھی ہوسکتا ہے۔ اس بات کو لے کر وضاحت کیجیے۔

2۔ ایک ترقی پذیر ملک کا موزنہ ایک ترقی یافتہ ملک سے کیجیے۔

3۔ آمدنی کے علاوہ اورکون سے کام ہیں جو ہماری زندگی میں اہم رول ادا کرتے ہیں؟

4۔ معاشی ترقی کے لئے تعلیم یافتہ ہونا کیوں ضروری ہے؟

5۔ مندرجہ ذیل کی وضاحت کیجیے۔

(a) بچوں کی شرح اموات

(b) شرح خواندگی

(c) خالص حاضری تناسب

(d) B.M.I.

B.M.I. جسم کا اشاریہ کمیت اس کو Body Mass Index کا نام دیا ہے اسے شمار کرنا آسان ہے خود کا وزن کلوگرام میں بچے وزن کو قد کے مربع کے ذریعے تقسیم کیجئے اگر یہ عدد 18.5 سے کم ہے۔ تب فرد کو کم تغذیہ یا ناقص تغذیے کا شکار سمجھا جائے گا تاہم اگر B.M.I. 25 سے زیادہ ہے تو فرد کو ورزنی Over Weright سمجھا جائے گا۔ انسانی ترقیاتی رپورٹ کے مطابق ہندوستان کا نمبر 136واں ہے۔

6۔ ترقی کی قائم پذیری یا تحفظ پسندانہ ترقی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کی چار خوبیوں کا ذکر کیجیے۔

## زیادہ مناسب متبادل چنئے

1۔ بے زمینی دیہی مزدور کے لئے درج ذیل میں سے کون سا ترقی کا مقصد ہوسکتا ہے۔

(a) کام کے زیادہ دن

(b) خواندگی کی شرح زیادہ ہونا

(c) بہتر مزدوری

(d) بچوں کو دوسرے ملک میں بڑھانا

جواب:۔ (c)

2۔ زندگی کی پیش قدمی کا کیا مطلب ہے۔

(a) پیدائش کے وقت فرد کی اوسط آمدنی کے لئے عمر

(b) موت کے وقت اوسط آمدنی کے لئے عمر

(c) پیدائش کے وقت بچوں کی اوسط عمر

(d) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (a)

3۔ درج ذیل میں سے کس ملک میں شرح خواندگی 15 سال کی عمر کے گروپ کی ناخواندہ ہے۔

(a) ہندوستان (b) سری لنکا

(c) میانمار (d) بنگلہ دیش

جواب: (a) بنگلہ دیش

4۔ کس ریاست کی شرح خواندگی سب سے کم ہے۔

(a) پنجاب (b) بہار

(c) کیرل (d) تامل ناڈو

جواب: (b) بہار

5۔ کیرل میں بچوں کی شرح اموات بہت کم ہے۔ درج ذیل میں سے کونسی وجہ ہے۔

(a) وہاں بنیادی طبّی سہولیات اور تعلیمی سہولیات موجود ہیں۔

(b) اس کی فی کس آمدنی زیادہ ہے۔

(c) یہ ریاست قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔

(d) کیرل حکومت بہت قابل ہے۔

جواب: (a)

## 3/5 نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔ ہر آدمی یا گروہ کی ترقی کا مقصد الگ الگ ہوسکتا ہے۔ کئی بار ان کو قدرت کے برخلاف بھی جانا پڑتا ہے۔ یہ ایک کے لیے ترقی کا مقصد ہوسکتا ہے مگر دوسرے کے لیے بربادی کا۔ مثال کے طور پر ندی پر ڈیم بنانا وہاں کے کسانوں کے لیے بربادی کی وجہ بن سکتا ہے۔

2۔

| | ترقی یافتہ ممالک | ترقی پذیر ممالک |
|---|---|---|
| (i) | نئی تکنیک اور ٹیکنالوجی اور صنعتوں کا ہونا | نئی تکنیک اور صنعتوں میں پچھڑا ہوا ہونا |
| (ii) | انسانی ترقی کا اشاریہ اچھا رہن سہن | رہن سہن کا اچھا نہ ہونا |
| (iii) | فی کس آمدنی اچھا ہونا | فی کس آمدنی کا اچھا نہ ہونا |
| (iv) | شرح خواندگی کا اونچا ہونا | شرح خواندگی کا کم ہونا |
| (v) | لوگوں کی صحت میں بہتری شرح پیدائش اور شرح اموات میں کمی۔ | |

3۔ آمدنی کے علاوہ بہتر زندگی گزارنے کے لیے خاندان، روزگار، دوستی، حفاظت اور برابری کا جذبہ ضروری ہے۔

4۔ (i) اس سے تعلیم کو عام کیا جائے اور بہتر کیا جائے۔

(ii) طبی سہولیات کو بہتر بنایا جائے۔

(iii) آمدنی کی یکساں تقسیم ہو۔

(iv) آبادی کو کنٹرول کرنے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں۔

(v) نئی صنعتیں بڑھیں اور عوامی سہولیات بہتر ہوں۔

نئی صنعتوں کو قائم کرنے کی صلاحیت کو وسعت دیتا ہے۔

(v) لوگوں میں صفائی، صحت اور بیماریوں کے تئیں بیداری پیدا کرتا ہے۔

5۔ (a) بچوں کی شرح اموات: کسی سال میں پیدا ہوئے 1000 زندہ بچوں میں سے ایک سال کی عمر سے پہلے مر جانے والے بچوں کا تناسب ظاہر کرتا ہے۔

(b) شرح خواندگی: سات سال اور اس سے زیادہ عمر کے لوگوں میں خواندہ آبادی کا تناسب

(c) خالص حاضری تناسب: 6-10 سال کی عمر کے اسکول جانے والے کل بچوں کا اس عمر کے کل بچوں کے ساتھ فیصد

(d) شرح خواندگی سات سال اور اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کا آبادی میں تناسب۔

(e) B.M.I. اگر بالغان کم تغذیہ کا شکار ہے تو اسے معلوم کرنے کا ایک طریقہ ہے جسے تغذیاتی سائنس دانوں نے جس کا اشاریہ کمیت B.M.I. (Body Mass Index) کا نام دیا ہے۔

6۔ (i) ہم ترقی کی تعریف کسی بھی انداز میں کر سکتے ہیں بالغرض یہ پیش کرنے کے لیے کہ فلاں ملک کافی ترقی یافتہ ہے ہمیں یقیناً ترقی کی یہ سطح پسند ہوگی وہ مزید آگے بڑھے یا آنے والی نسلوں کے لیے کم از کم اسے برقرار رکھے۔

(ii) نا قابل تجدید وسائل وہ ہیں جو برسوں استعمال کے بعد ختم ہو جائیں گے زمین پر ہمارے پاس ایک مقررہ ذخیرہ ہے جن کی پھر سے بھرپائی نہیں کی جا سکتی۔ اس لیے کہیں ہم قابل تجدید وسائل کا زیادہ استعمال کریں تا کہ آنے والی نسلیں اس کا فائدہ اٹھا سکیں۔

## دیئے گئے سوالوں کے جواب مرکزی نقاط کی مدد سے حل کریں

1۔ ترقی کی قائم پذیری کیا ہے اس کے تحت کن باتوں کو لایا گیا ہے۔

**مرکزی نقاط:**

(i) ترقی کو تحفظ پسندانہ بنانا وقتاً فوقتاً علم کا ایک نیا میدان ہے۔

(ii) جس پر سائنسداں ماہرین معاشیات۔ فلسفی اور دیگر سماجی سائنسداں مل جل کر کام کر رہے ہیں۔

(iii) سماج کے ایک ممبر کے طور پر اور ایک فرد کی حیثیت سے ہمیں یہ معلوم کرنے کی ضرورت ہے کہ ہم کہاں جانا چاہتے ہیں ہم کیا بننا چاہتے ہیں اور ہمارے مقاصد کیا ہیں۔

2۔ کرہ ارض میں سبھی کی ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے کافی وسائل موجود ہیں لیکن ایک فرد کی حرص کی تسکین کے لئے کافی نہیں ہیں؟ بحث کیجئے۔

**مرکزی نقاط:**

(i) زمین دوز پانی قابل تجدید وسائل ہے تاہم ان وسائل کا زیادہ استعمال ہی کیا جاتا ہے۔

(ii) ناقابل تجدید وسائل وہ ہیں جو برسوں استعمال کے بعد ختم ہوجائیں گے۔

(iii) زمین پر ہمارے پاس ایک مقررہ ذخیرہ ہے جن کی پھر سے بھرپائی نہیں کی جاسکتی۔

(iv) ہم نئے وسائل کی دریافت کرتے ہیں اور ہم ماحول کو نقصان پہنچانے کے بعد وسائل کا استعمال کرنا چاہیئے۔

3۔ لوگوں کے لئے ترقی کا مقصد الگ الگ ہوسکتے ہیں۔ جو ایک کے لئے ترقی ہے دوسرے کے لئے تنزلی بھی ہوسکتی ہے۔

**مرکزی نقاط:**

(i) مختلف لوگوں کے مختلف مقصد

(ii) باندھ بنانا۔بجلی پیدا کرنا،لیکن وسائل کا خاتمہ

(iii) تعمیراتی کام کروانا، رہنے کے لئے جگہ مہیا کرانا حل ہے لیکن قدرتی نباتات اور جنگلی جانوروں کا اجڑنا

4۔ درج ذیل اعداد وشمار کو پڑھ کر جواب دیں:۔

| ریاست | بچوں کی شرح اموات | شرح خواندگی% | خالص حاضری تناسب | فی کس آمدنی |
|---|---|---|---|---|
| بہار | 48 | 62 | 35 | 31,199 |
| کیرل | 13 | 94 | 78 | 103,820 |
| مہاراشٹر | 24 | 82 | 64 | 1,17091 |

(i) کس ریاست کی فی کس آمدنی زیادہ اور کس کی کم ہے۔

(ii) خواندگی کی شرح کس ریاست کی سب سے زیادہ ہے اس کی وجہ بتائیں۔

(iii) کس ریاست کی بچوں کی شرح اموات زیادہ ہیں اس کی کیا وجہ ہے۔

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

### انسانی ترقیاتی رپورٹ

گوکہ آمدنی کی سطح اہم ہے تاہم ترقی کی سطح کی یہ پیمائش کافی نہیں ہے۔ اس بنا پر ہمیں دیگر کسوٹیوں کے بارے میں بھی سوچنا شروع ہوگا۔ ان کسوٹیوں کی ایک لمبی فہرست ہوسکتی ہے تب اس صورت میں یہ زیادہ مفید نہیں ہوگی۔ ہمیں زیادہ اہم چیزوں کی ایک چھوٹی فہرست کی ضرورت ہے۔ صحت و تعلیم کی علامات جیسا کہ ہم نے کیرل اور پنجاب کے موازنے میں استعمال کیا ہے، ان میں شامل ہے۔ صحت یا تعلیم سے متعلق علامت کا استعمال ترقی کی ایک پیمائش کے طور پر آمدنی کے ساتھ بڑے پیمانے پر کیا جانے لگا ہے۔ مثال کے لیے UNDP کے ذریعے شائع کی گئی انسانی ترقیاتی رپورٹ لوگوں کی تعلیمی سطح، ان کی صحت سے متعلق صورتحال اور فی کس آمدنی کی بنیاد پر مختلف ملکوں کا موازنہ کرتی ہے۔ انسانی ترقیاتی رپورٹ، 2006 سے ہندوستان اور اس کے پڑوسیوں کے بارے میں بعض متعلقہ مواد پر نظر ڈالنا دلچسپ ہوگا۔

(i) U.N.D.P. سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

(ii) U.N.D.P. کس بات کا موازنہ کرتی ہے؟

(iii) ہمیں زیادہ اہم چیزوں کی کون کون سی ضرورت پڑتی ہے؟

(iv) دیے گئے پیراگراف کو مختصر کرکے اپنے لفظوں میں لکھیے۔

2۔ دیے گئے پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

### ہندوستان میں زمین دوز پانی

''اس وقت ایسا لگتا ہے کہ ملک کے بہت سے حصوں میں زمین دوز پانی کے معمول سے زیادہ استعمال کا زبردست اندیشہ ہے۔ تقریباً 300 اضلاع کے بارے میں پتہ چلا ہے کہ پچھلے 20 برسوں کے

دوران پانی کی سطح 4 میٹر سے زیادہ گھٹی ہے۔ تقریباً ایک تہائی ملک اپنے زمین دوز پانی کے مخزن کا ضرورت سے زیادہ استعمال کر رہا ہے۔ اگلے 25 سالوں میں ملک کا یہی 60 فی صد حصہ عمل انجام ہوگا۔ اگر ان وسائل کے استعمال کرنے کا موجودہ طریقہ جاری رہتا ہے تو زمین دوز یا تہہ نشین پانی کا معمول سے زیادہ استعمال بالخصوص پنجاب اور مغربی اتر پردیش کے زرعی طور پر خوشحال علاقوں، مرکزی اور جنوبی ہندوستان کے سخت چٹانی پٹھاری علاقوں، کچھ ساحلی علاقوں میں پایا جاتا ہے اور شہری بستیوں میں تیزی سے بڑھ رہا ہے۔

(i) کتنے اضلاع میں پچھلے 20 برسوں کے دوران پانی کی سطح 4 میٹر سے زیادہ گھٹی ہے؟


(ii) تقریباً کتنا ملک اپنے زمین دوز پانی کے مخزن کا ضرورت سے زیادہ استعمال کرتے ہیں؟

(iii) زمین دوز پانی کا معمول سے زیادہ استعمال کیوں کیا جاتا ہے؟

(iv) زائد استعمال کے بغیر کیا ترقی ممکن ہے؟

# باب – 22

# ہندوستانی معیشت کے شعبے




- **کل گھریلو پیداوار:** کسی مخصوص سال میں تینوں شعبوں کے ذریعے پیدا کی گئی اشیا اور خدمات کی مالی قیمت۔

- **دوسرے شمار کا مسئلہ:** یہ مسئلہ تب پیدا ہوتا ہے جب تمام پیداوار پر آئے خرچ کو جوڑا جاتا ہے کیونکہ اس میں خام پیداوار بھی شامل ہے۔

**کل گھریلو پیداوار میں مختلف شعبوں کا حصہ**

| | 1971 - 72 | 2011-12 |
|---|---|---|
| ابتدائی شعبے میں | تقریباً40% | تقریباً15% |
| ثانوی شعبے میں | تقریباً25% | تقریباً25% |
| ثالثی شعبے میں | تقریباً35% | تقریباً60% |

**روزگار میں مختلف شعبوں کی حصہ داری**

| | 1971 - 72 | 2011-12 |
|---|---|---|
| ابتدائی شعبے میں | تقریباً74% | تقریباً49% |
| ثانوی (سیکنڈری) شعبے میں | تقریباً11% | تقریباً24% |
| ثالثی (سروس) شعبے میں | تقریباً15% | تقریباً27% |

1۔ اوپر دی گئی باتوں میں تینوں شعبوں کی فی صد حصے کو دکھایا گیا ہے ایک قابل ذکر بات یہ ہے کہ جہاں G.D.P. میں تینوں شعبوں کے حصے میں تبدیلی پیدا ہوتی ہے وہیں روزگار میں اس طرح کی بتدیلی واضح ہوتی ہے۔

2۔ ثانوی اور ثالثی شعبوں میں کافی مقدار میں کام کے مواقع دستیاب نہیں تھے اس کے باوجود خدمتی شعبے میں روزگار تین گناہ سے بھی کم بڑھا۔

3۔ ملک میں کام کرنے والوں کی آدھی سے زیادہ تعداد ابتدائی سے خاص طور پر زراعت میں ہی کام کر رہی ہے۔

4۔ ادھورے روزگار کی حالت ہے جہاں لوگ بظاہر کام کر رہے ہیں لیکن اتنا کام نہیں کرتے جتنا کہ وہ کر سکتے ہیں اس طرح ادھورا روزگار ان کے مقابلے جن کے پاس بالکل کام نہیں ہے اور جن کی بے روزگاری صاف طور پر دکھائی دیتی ہے۔ چھپا رہتا ہے لہٰذا اس کو چھپی بے روزگاری بھی کہا جاتا ہے۔

## روزگار کے زیادہ مواقع کیسے پیدا کریں

1۔ کسانوں کو آبپاشی کی سہولت مہیا کرانا، نہریں کھودیں، نیا باندھ تعمیر کریں۔

2۔ زمین پر کاشتکاری کے لیے ایسے بیجوں فرٹیلائزر، زرعی ساز وسامان اور پانی نکالنے کے لیے پمپ سیٹ کی بھی ضرورت ہوتی ہے وہ مہیا کرائیں گے، کسانوں کو بینکوں سے قرض کی ادائیگی معقول شرح پر۔

3۔ مرکزی حکومت نے حال ہی میں ایک قانون بنایا ہے جس کے تحت کام کے حق کو ہندوستان کے 200 اضلاع میں نافذ کیا جا رہا ہے۔

4۔ اسے قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ 2005، [MNREGA 2005] کہا جاتا ہے۔

↓

اس میں ایک سال میں روزگار کے 100 دنوں کی ضمانت دی گئی ہے۔

↓

اگر حکومت روزگار فراہم کرنے کا اپنا فرض پورا کرنے میں ناکام رہتی ہے تب وہ لوگوں کو بے روزگاری بھتّہ دے گی۔

↓

کام کی وہ اقسام جو مستقبل میں سے پیداوار کو بڑھانے میں مدد کرے گی اسے اس ایکٹ کے تحت ترجیح دی جائے گی۔

## منظّم اور غیر منظّم شعبے میں روزگار

| منظم شعبے | غیر منظم شعبے |
|---|---|
| 1. منظّم شعبے میں کام کرنے والوں کو روزگار کی ضمانت بھی حاصل ہوتی ہے۔<br>2. صرف کچھ مقررہ گھنٹوں میں کام کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔<br>3. انھیں وقت پر چھٹی ملتی ہے اور Fund اور گریجویٹ بھی ملتی ہے۔<br>4. انھیں طبی سہولیات اور دیگر بھتّے بھی ملتے ہیں۔<br>5. اور روزگار کی گارنٹی ہوتی ہے اور ان کو آسانی سے ہٹایا نہیں جاسکتا۔<br>6. جب اسے ملازمت ملتی ہے تو اسے تقرری خط (Appointment Letter) بھی دیا جاتا ہے۔ | اس غیر منظّم شعبے میں کم تنخواہ کا ملنا نوکری کی گارنٹی نہ ہونا اور ملازمت سے نکال دینا، بیماری اور چھٹی کرنے سے تنخواہ کا کاٹا جانا غیر منظّم شعبے میں تعمیرات تجارت اور ٹرانسپورٹ وغیرہ میں کام کرنے والے وہ لوگ جو گلی میں بیچنے کا کام کرتے ہیں۔ |

## ملکیت کی بنیاد پر شعبے

**عوامی شعبے :**

1۔ عوامی شعبے میں حکومت زیادہ تر اثاثوں کی مالک ہوتی ہے۔

2۔ یہ سبھی خدمات مہیا کرتی ہے اور عوامی شعبے کا مقصد محض منافع کمانا نہیں ہوتا۔

3۔ روزگار کو محفوظ کرتی ہے۔

4۔ سبھی خدمات حکومت مہیا کراتی ہے۔

5۔ حکومت ٹیکسوں اور دیگر طریقوں کے ذریعے رقم جٹاتی ہے۔

6۔ اپنے آدمیوں کو چھٹی اور دوسری سہولیات بھی دیتی ہے۔

7۔ مثال کے طور پر ریلوے یا پوسٹ آفس عوامی شعبے کی ایک مثال ہے۔

**نجی شعبے :**

1۔ نجی شعبے میں اثاثوں کی ملکیت اور سبھی خدمات کو فراہم کرنے کی ذمہ داری نجی افراد یا کمپنیوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔

2۔ نجی شعبے میں سرگرمیاں منافع کمانے کے محرک کے ذریعے متعین ہوتی ہیں۔

3۔ مثال کے طور پر ٹاٹا آئرن اسٹیل کمپنی لمیٹڈ (TISCO) یا ریلائنس انڈسٹریز لمیٹڈ (RIL) نجی ملکیت کی ہیں۔

## یادرکھنے لائق نکات:

1۔ معاشی سرگرمیاں:۔ وہ سرگرمیاں یا کام جن کے کرنے سے آمدنی حاصل ہوتی ہے۔معاشی سرگرمی کہلاتی ہے۔

2۔ ابتدائی شعبے: ایسی سرگرمیاں جن میں قدرتی وسائل کا استعمال کرکے اشیا کی پیداوار کی جاتی ہے۔ اسے زرعیسر گرمی بھی کہا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر زراعت ۔ جوڈیری مچھلی پالن جنگل بانی۔

3۔ ثانوی شعبے:۔ وہسر گرمیاں جن میں صنعت کار یا تیار کرنے والے اتبدائی شعبہ سے اشیا حاصل کرکے ان سے مال تیار کرتے ہیں۔ اسے صنعتی شعبہ بھی کہا جاتا ہے۔سوت کاتتے ہیں۔ کپڑا بنتے ہیں گنے سے شکر یا گڑ بناتے ہیں۔

4۔ ثالثی شعبے:۔ خدماتی حلقہ ابتدائی اور ثانوی شعبوں کی خدمات کے لئے پیدا وار کرتا ہے۔ اسے خدماتی شعبہ بھی کہا جاتا ہے۔مثال کے طور پر تجارت۔ آمد ورفت ۔ بینکنک اور ٹرانسپورٹ وغیرہ۔

5۔ خدماتی شعبے جوسیدھے طور پر اشیا کی پیداوار میں مددگار نہ ہوں۔ مثال کے لیے ہمیں ٹیچروں، ڈاکٹروں اور ایسے لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے جوہمیں ذاتی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

6۔ عوامی شعبہ جس میں زیادہ تر ملکیت پر سرکار کا کنٹرول ہوتا ہےاور سرکار ہی سبھی خدمات مہیا کراتی ہے۔

7۔ نجی شعبے وہ حلقہ ہوتے ہیں جس میں ملکیت پر کنٹرول اور خدمات کی تقسیم کی ذمہ داری ایک فرد یا کمپنی کے ہاتھوں میں ہوتی ہے

8۔ کل گھریلو پیداوار: کسی مخصوص سال میں تینوں شعبوں کے ذریعے پیدا کی گئی اشیا اور خدمات کی مالی قیمت

9۔ ہندوستان میں پچھلے 40 سالوں میں سب سے زیادہ ترقی ثالثی شعبے میں ہوئی ہے۔

10۔ اس کی وجہ سے خدماتی شعبہ میں تیزی سے ترقی کی ہے۔نقل وحمل، تجارت اسٹورتج وغیرہ

11۔ کھیتی میں چھپی بے روزگاری:۔ کھیتی میں چھپی بے روزگاری کا مسئلہ بہت ہوتا ہے کہ کھیت پر دولوگوں کا کام ہے مگر وہاں پانچ لوگ کام کرتے ہیں۔ اگر تین لوگ کام چھوڑ دیں تو کھیتی پر فرق نہیں پڑے گا۔

12۔ تعلیم یافتہ بے روزگار: جب تعلیم یافتہ، تربیت یافتہ، ماہر لوگوں کو ان کی قابلیت کے مطابق کام نہیں ملتا۔

13۔ ماہر مزدور وہ ہے جس نے مناسب تربیت حاصل کی ہے ناقابل مزدور وہ ہے جس نے کوئی تربیت حاصل نہیں کی ہے۔

14۔ منظّم شعبے وہ کاروباری ادارے ہوتے ہیں جہاں کام کرنے کا وقت مقرر ہوتا ہے۔ یہ شعبے سرکار کے ذریعے رجسٹرڈ ہوتے ہیں اس میں کام کرنے والوں کو روزگار کی ضمانت ہوتی ہے۔

15۔ غیر منظّم شعبے:۔وہ چھوٹی اور بکھری ہوئی اکائیاں جو زیادہ تر حکومت کے کنٹرول سے باہر رہتی ہیں۔اس میں کام کرنے والوں کو روزگار کی کوئی ضمانت نہیں ہوتی۔

16۔ **دوھرے شمار کا مسئلہ:** یہ مسئلہ تب پیدا ہوتا ہے جب تمام پیداوار پر آئے خرچ کو جوڑا جاتا ہے کیونکہ اس میں خام پیداوار بھی شامل ہے۔

17۔ غیر منظّم سیکٹر جنھیں تحفظ کی ضرورت ہے دیہی علاقوں میں غیر منظّم زیادہ تر بے زمین زرعی مزدور چھوٹے اور حاشیائی کسانوں، بٹائی والے کسانوں اور دستکاروں جیسے بنکر، لوہارم بڑھی اور سنار پر مشتمل ہے۔

18۔ قومی دیہی روزگار گارنٹی قانون 2005:۔اس کے تحت جو بھی لوگ کام کے لائق ہیں اور انھیں اس کی ضرورت ہے حکومت نے انھیں ایک سال میں روزگار کے سو دنوں کی ضمانت دی گئی ہے۔

19۔ کام حق:۔ کام کے لائق اور بے روزگار ضرروت مندوں کو ایک سال میں 100 دنوں کی روزگار کی گارنٹی دی ہے۔اگر حکومت روزگار دینے میں ناکام رہتی ہے تو وہ لوگوں کو بے روزگاری بھتہ دے گی۔

20۔ .G.D.P ملک کی مجموعی پیداوار عطا کرتی ہے یہ کسی ملک کے اندر ایک مخصوص سال میں پیش کی جانے والی تمام اشیا اور خدمات کی قدر ہے۔

## ایک نمبر والے سوالات

1۔ سمیر ایک وکیل ہے۔ بتایئے وہ معیشت کے کس شعبے میں کام کرتا ہے۔

(A) پرائمری شعبے میں

(B) ثانوی شعبے میں

(C) ثالثی شعبے میں

(D) صنعتی شعبے میں

2۔ درج ذیل میں سے کون سی پرائمری شعبے کی سرگرمی ہے۔

(A) طبعی سہولیات

(B) زراعت

(C) صنعت

(D) بیما

3۔ درج ذیل میں سے کس منصوبے کے تحت گاؤں کے علاقوں میں کم سے کم 100 دنوں کے روزگار کی گارنٹی دی گئی ہے۔

(A) مڈ ڈے میل منصوبہ

(B) کام کے بدلے اناج

(C) پنج سالہ منصوبہ

(D) مہاتما گاندھی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ منصوبہ

4۔ درج ذیل میں سے کون سا شعبہ چیزوں کی پیداوار نہیں کرتا بلکہ پیداواری سرگرمیوں میں مدد کرتا ہے۔

(A) ثانوی شعبہ

(B) ثالثی شعبہ

(C) پرائمری شعبہ

(D) صنعتی شعبہ

5۔ چھپی بے روزگاری تب ہوتی ہے جب لوگ۔

(A) کام کرنا نہیں چاہتے

(B) سست ڈھنگ سے کام کر رہے ہیں

(C) جتنا کام کر سکتے ہیں اس کی نسبت کم کام کرتے ہیں۔

(D) ان کے کام کے لیے ان کو معاوضہ نہیں ملتا

6۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ(R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): مچھلی پالن کی سرگرمی پرائمری شعبے کے تحت آتی ہے۔

وجہ (A): مچھلی پالن سیدھے قدرتی وسائل پر منحصر کرتا ہے۔

جواب: (A) دعویٰ(A) اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب:

7۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ(R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): موسمی بے روزگار صرف زراعت کے شعبے میں دیکھنے کو ملتی ہے۔

وجہ (A): زراعت موسم کے اوپر منحصر سرگرمی ہے۔

جواب: (A) دعویٰ(A) اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب:

8۔ درج ذیل میں سے کون سی حالت غیر منظّم سیکٹر کے مزدور کی نہیں ہے۔

(I) نوکری کا پکّا نہ ہونا

(II) لگاتار کام کروانا

(III) زیادہ تنخواہ

(IV) کام کرنے کے گھنٹے متعین نہیں

(A) صرف II

(B) صرف II، III اور IV

(C) صرف I، II

(D) صرف III

9۔ درج ذیل میں سے کون سے حالات منظّم سیکٹر میں کام کرنے سے متعلق ہیں۔

(I) روزگار کی گارنٹی

(II) حالات پر ایک آدمی کا کنٹرول

(III) اداشدہ چھٹی

(IV) مقصد صرف منافع کمانا

(A) صرف I، II اور III

(B) صرف II، III اور IV

(C) صرف III

(D) صرف 1 اور III

10۔ زیادہ تر قدرتی عمل کے ذریعے شے کی پیداوار ______ شعبے کی ایک سرگرمی ہے۔

(I) ابتدائی

(II) ثانوی

(III) ثالثی

(IV) انفارمیشن ٹیکنالوجی

11۔ خدماتی شعبے میں روزگار پیداوار کے بڑھنے کے ساتھ اسی تناسب میں ________ ہے۔(بڑھا/نہیں بڑھا)

12۔ عوامی سیکٹر کی ایک مثال ہے۔

(A) ریلوے

(B) ٹاٹا آئرن

(C) ریلائنس

(D) بجاج

13۔ عوامی اور نجی شعبوں میں شعبوں کو درجہ بند کیا جاتا ہے۔

(A) روزگار کی شرائط کی بنیاد پر

(B) معاشی سرگرمی کی فطرت کی بنیاد پر

(C) کاروباری کی ملکیت کی بنیاد پر

(D) کاروباری ادارے میں روزگار یافتہ کارکنان کی تعداد کی بنیاد پر

14۔ درج ذیل میں سے کس کا تعلق عوامی شعبے کی سرگرمی سے ہے۔

(A) روزگار کی گارنٹی

(B) ملکیت پر ایک افراد کا قبضہ

(C) وقت پر چھٹی نہ دینا

(D) مقصد صرف منافع کمانا

## جوابات:

1۔ (C) ثالثی

2۔ (B) زراعت

3۔ (D)

4۔ (B)

5۔ (C)

6۔ (A)

7۔ (A)

8۔ (I)

9۔ (I)

10۔ (I)

11۔ بڑھا

12۔ (A)

13۔ (D)

14۔ (A)

## مختصر / طویل جواب والے سوالات (3/5 نمبر والے)

1۔ پبلک سیکٹر اور پرائیویٹ سیکٹر میں فرق واضح کیجیے۔

2۔ غیر منظّم شعبوں میں مزدوروں کے سامنے آنے والے مسائل کا تذکرہ کیجیے۔

3۔ منظّم اور غیر منظّم شعبوں میں روزگار کے حالات میں فرق واضح کیجیے۔

4۔ قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ 2005 کے کوئی تین طریقے بتائیے۔

5۔ اگر چہ معاشی سرگرمیوں کو پرائمری، سیکنڈری اور ثانوی تین الگ الگ شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے لیکن وہ

پھر بھی ایک دوسرے پر منحصر ہیں۔'' واضح کیجیے۔

6۔ شہری علاقوں میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے کوئی تین طریقے بتائیے۔

7۔ تیزی سے بڑھتی آبادی کس طرح بے روزگاری کو متاثر کرتی ہے؟

8۔ آپ ایک منظّم شعبے کے ملازم ہیں۔ غیر منظّم شعبے کے مقابلے آپ کو کون سے فائدے حاصل ہوں گے؟

9۔ وضاحت کیجیے کہ کس طرح پبلک سکٹر ملک کو بنانے میں اہم کردار نبھاتا ہے؟

10۔ پوشیدہ (چھپی ہوئی) بے روزگاری سے کیا مراد ہے؟ دیہی اور شہری علاقوں میں اس کی ایک ایک مثال دیجیے۔

## 3/5 نمبر والے سوالات کے جوابات

1۔

| عوامی شعبے | نجی شعبے |
|---|---|
| (i) زیادہ تر اثاثوں کی ملکیت پر سرکار کا کنٹرول | اثاثوں کی ملکیت نجی افراد یا کمپنی کے ہاتھ میں ہوتی ہے |
| (ii) سبھی خدمات سرکار مہیا کراتی ہے | ایک فرد یا کمپنی کے ہاتھوں میں ہوتا ہے |
| (iii) عوامی شعبے کی سرگرمیاں | یہ صرف منافع کمانے کے لئے سرگرم ہوتے ہیں |
| (iv) روزگار محفوظ ہوتے ہیں | روزگار غیر محفوظ ہوتے ہیں۔ |
| (v) پینشن، چھٹیاں اور دوسری خدمات دی جاتی ہیں | روزگار کی گارنٹی نہیں ہوتی اور پنشن اور چھٹیاں نہیں دی جاتیں |

2۔ (i) یہ شعبہ سرکاری قوانین وضوابط کو نہیں مانتا

(ii) اس میں بہت سے لوگ سڑکوں پر چھوٹی چھوٹی دکانیں لگا کر اپنا کام چلاتے ہیں۔

(iii) بہت کم مزدوری کا ملنا

(iv) مزدوری طے نہیں ہوتی اور روزگار بھی مستقل نہیں ہوتا۔

(v) یہاں زائد وقت میں کام کرنے، چھٹی اور بیماری کی وجہ سے چھٹی وغیرہ کے لئے مزدوری نہیں ملتی

(vi) ملازمت غیر محفوظ ہے

3۔

| | منظم شعبہ | غیر منظم شعبہ |
|---|---|---|
| (i) | زیادہ تنخواہ ملنا | کم تنخواہ کا ملنا |
| (ii) | ملازمت محفوظ | ملازمت محفوظ نہیں |
| (iii) | کام کرنے کے بہتر حالات | کام کرنے کے حالات بہتر نہیں |
| (iv) | کام کرنے کا وقت مقرر | کام کرنے کا وقت مقرر نہیں |
| (v) | ملازموں کو اسکیموں کا فائدہ ملتا ہے | انھیں اسکیموں کا فائدہ نہیں ملتا |

4۔ (i) سرکار کے ذریعے سال میں 100 دن کے روزگار کی گارنٹی

(ii) کام مہیا نہ ہونے کی حالت میں بے روزگاری بھتہ دینا

(iii) دیہی علاقوں کو ترجیح دینا۔

(iv) مستقبل میں زمینی پیداوار میں اضافہ کرنے والوں کو امداد

5۔ یہ بات صحیح ہے کہ کیونکہ

(i) پرائمری سیکٹر میں ہم قدرتی وسائل کو برباد کرتے ہیں۔ یہ ایک ابتدائی شعبہ کی سرگرمی ہے۔ مثال کے طور پر زراعت، کان کنی وغیرہ۔

(ii) تعمیراتی طریقہ کے ذریعے قدرتی پیداواروں کو دیگر شکلوں میں تبدیل کر کے نئی اشیاء تیار کی جاتی ہیں، مثال کے طور پر کپاس سے کپڑا تیار کرنا اور گنے سے چینی۔

(iii) ثلاثی شعبہ کی سرگرمیاں ابتدائی اور ثانوی شعبوں کی سرگرمیوں میں تعاون۔ یہ شعبہ ان سرگرمیوں کو آگے بڑھانے کے قابل بناتا ہے۔ مثال کے طور پر ٹرانسپورٹ، تعلیم وغیرہ۔ تینوں شعبے ایک دوسرے پر منحصر ہیں۔ ابتدائی اور ثانوی سرگرمیاں کسی شے کا استعمال نہیں کرسکتیں۔ جب تک کہ انھیں ثلاثی شعبہ کا تعاون نہ ملے۔

6۔ (i) گھریلو صنعتوں اور خدمات کو بڑھاوا دینا

(ii) سیاحت کو بڑھاوا

(iii) سرکار کی پالیسیاں بدل کر

(iv) بنیادی سہولیات، ترقی، قرض اور تکنیکی مدد دے کر

(v) آسان شرطوں پر لون یا معاشی مدد کرنا

7۔ (i) روزگار کے مواقع آبادی میں اضافہ کے تناسب میں نہیں بڑھتے۔

(ii) زراعتی شعبہ میں چھپی ہوئی بے روزگاری بڑھ جاتی ہے۔

(iii) وسائل پر بوجھ بڑھ جاتا ہے۔

(iv) روزگار کے لیے زیادہ آدمی ہونے سے آمدنی کی سطح کم ہوجاتی ہے۔

(v) چیزوں اور خدمات کی قیمتیں بڑھ جاتی ہیں اوران کا ملنا کم ہوجاتا ہے۔

8۔ (i) کام کے لیے مقررہ گھنٹے طے ہوں گے۔

(ii) متعین وقت سے زیادہ کام کرنے پر ان کو الگ سے آمدنی حاصل ہوگی۔

(iii) طبی امداد اور پینشن جیسی سہولیات ملیں گی۔

(iv) رائٹر رمنٹ کے وقت پینشن اور دوسرے فائدے ملیں گے۔

(v) ملازمین کا استحصال نہیں ہوگا۔

9۔ (i) پبلک سیکٹر حکومت کسانوں سے مناسب قیمت پر گیہوں اور چاول خریدتی ہے اور صنعتوں کو بڑھاوا بھی دیتی ہے

(ii) حکومت لوگوں پر صحت اور تعلیم کی سہولیات فراہم کرنا، معیاری تعلیم فراہم کرنا بطور خاص حکومت کا فریضہ ہے۔

(iii) مزدوروں کو اچھی تنخواہ دلوانا اور دوسری سہولیات دلوانا بھی حکومت کا فریضہ ہے۔

(iv) لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے اچھے کام کرنا

10۔ (i) لوگ بلواسطہ طور پر کام کرتے ہیں مگر حقیقت میں بے روزگار ہوتے ہیں۔ ایک ہی کام میں

ضرورت سے زیادہ لوگ لگے رہتے ہیں۔

(ii) یہ عام طور پر دیہی شعبہ زرعی شعبہ میں پایا جاتا ہے۔ جہاں کھیتوں میں چار افراد کی ضرورت ہے وہاں آٹھ افراد کام کر رہے ہوتے ہیں۔

(iii) شہری علاقوں میں ایک دوکان کو خاندان کے چار لوگ چلاتے ہیں جبکہ وہاں دو افراد کی ضرورت ہے۔

11۔ ہندوستان میں ثانوی شعبہ سب سے اہم کیوں ہے۔

12۔ غیر منظّم شعبے کے مزدوروں کو درج ذیل باتوں پر حفاظت کی ضرورت ہے حفاظت اور صحت ان کے بارے میں تفصیل سے بتایئے۔

13۔ زراعت کے شعبے میں آنے والی پریشانیوں کا ذکر کرو؟

14۔ ہم زراعت کے شعبے میں زیادہ روزگار کیسے مہیا کرا سکتے ہیں؟

15۔ تینوں معاشی شعبوں میں آئے تاریخی بدلاؤ پر بحث کریں۔

## جوابات

11۔ (i) جو ابتدائی، ثانوی شعبوں میں تیار کی جاتی ہیں انھیں لڑکیوں یا لڑکیوں کے ذریعے لانے جانے کی ضرورت ہوتی ہے وہ یہ کثیر خدمات انجام دیتا ہے۔

(ii) بینک کاری رسل ورسائل تجارت ٹرانسپورٹ، مواصلات جیسی سرگرمیاں یہ شعبہ انجام دیتا ہے۔

(iii) یہ ہمیں خدماتی مددگار بھی ہیں ٹیچر ڈاکٹروں اور ایسے لوگوں کی ضرورت ہوتی ہے جو ہمیں ذاتی خدمات فراہم کرتے ہیں۔

(iv) آج کل انفارمیشن ٹکنالوجی پر مبنی بعض نئی خدمات جیسے انٹرنیٹ کیفے A.T.M بوتھ، کال سینٹر سافٹ ویئر کمپنیاں زیادہ روزگار فراہم کر رہی ہیں۔

12۔ (i) بہت ہی کم تنخواہ دی جاتی ہے ان کا اکثر استحصال کیا جاتا ہے۔ اچھی اجرت نہیں ادا کی جاتی ان کی کمائی کم ہے اور باقاعدہ نہیں۔

(ii) غیر منظّم ہیں مزدوروں کو پنشن، بیمہ پالیسی، کام کے وقت کا تعین نہ ہونا وغیرہ نہیں دیا جاتا۔

(iii) ان کو ملازمت سے کبھی بھی نکال دیا جاتا ہے۔

(iv) بے ضابطہ اور کم اجرت والے کام حاصل کرنے کے علاوہ یہ مزدور سماجی تفریق کا بھی سامنا کرتے ہیں۔

13۔ (i) آبپاشی محدود ہے زمین کاشتکاری کے لئے ہے اسے بیجوں فرٹیلائزر زرعی ساز وسامان کی ضرورت پڑتی ہے وہ اسے آسانی سے دستیاب نہیں ہوتا۔

(ii) مہاجنوں سے قرض لیتے ہیں تو اس کی اونچی شرح سود پر ادائیگی کرنی پڑتی ہے۔

(iii) کسان کو آمدنی میں اتار چڑھاؤ

(iv) بارش پر منحصر اور کوئی نوکری نہ ملنا وغیرہ

14۔ (i) کسانوں کو کھیتی کے اوزار خریدنے کے لئے قرض دیا جاسکتا ہے۔

(ii) سوکھے علاقے کے لئے باندھ بنائے جاسکتے ہیں۔

(iii) بیج اور کھاد پر سبسڈی دی جاسکتی ہے۔

(iv) زراعت کے لئے اسٹوریج کا انتظام کیا جائے۔

(v) آمدورفت کے جال کو بڑھایا جاسکتا ہے۔

15۔ (i) 1972 میں آزادی کے بعد ہندوستانی جی،ڈی،پی G.D.P میں پرائمری شعبہ سب سے خاص تھا۔

(ii) جیسے جیسے آمدنی کی سطح بڑھتی ہے لوگوں کے بعض طبقات کی مانگ جیسے باہر کھانے پینے، سیاحت، شاپنگ، نجی اسپتال، نجی اسکول کا مانگ بڑھی

(iii) ہندوستان میں خدماتی شعبے متعدد کئی طرح کے لوگوں کو ملازمت پر رکھتے ہیں ان میں انتہائی ماہر، ہنرمند اور تعلیم یافتہ ملازموں کو ملازمت دی جاتی ہے۔

(iv) لہٰذا سروس سیکٹر لوگوں کو روزگار مہیا کرا رہا ہے اور اسمیں G.D.P کی حصہ داری تقریباً 60% ہے۔

(v) آمدورفت کے جال کو بڑھایا جاسکتا ہے۔

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

**مختلف سیکٹروں میں کام کرنے والے کارکن (ملین میں)**

| سیکٹر | منظّم | غیر منظّم | کل |
|---|---|---|---|
| ابتدائی | 1 | ؟ | 232 |
| ثانوی | 41 | 74 | 115 |
| ثالثی | ؟ | 88 | 172 |
| کل | 82 | ؟ | ؟ |
| کل فی صد | ؟ | ؟ | 100% |

اگر ہم پورے ملک پر ایک اجمالی نظر ڈالیں تو پاتے ہیں کہ ہندوستان میں فی صد مزدور غیر منظّم شعبے میں ہیں، ہندوستان میں تقریباً فی صد مزدوروں کو ہی منظّم شعبے میں روزگار دستیاب ہے۔

(i) زراعت میں غیر منظّم شعبے میں لوگوں کا فی صد کیا ہے؟

(ii) کیا آپ اس بات سے متفق ہیں کہ زراعت ایک غیر منظّم شعبے کی سرگرمی ہے؟ کیوں؟

(iii) پیراگراف کو اپنے لفظوں میں لکھیے۔

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

شعبوں میں معاشی سرگرمیوں کی درجہ بندی کا دوسرا طریقہ اس بنیاد پر ہوسکتا ہے کہ کس کے پاس اثاثہ جات کی ملکیت ہے اور خدمات مہیا کرنے کا ذمے دار کون ہے۔ عوامی شعبے میں حکومت زیادہ تر اثاثوں کی مالک ہوتی ہے اور سبھی خدمات مہیا کرتی ہے نجی شعبے میں اثاثوں کی ملکیت اور سبھی خدمات کو فراہم کرنے کی ذمے داری نجی افراد یا کمپنیوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ ریلوے یا پوسٹ آفس عوامی شعبے کی ایک مثال ہے جبکہ ٹاٹا آئرن اور اسٹیل کمپنی لمیٹڈ (TISCO) یا ریلائنس انڈسٹریز لمیٹڈ (RIL) نجی ملکیت کی ہیں۔

نجی شعبے میں سرگرمیاں منافع کمانے کے محرک کے ذریعے متعین ہوتی ہیں ایسی خدمات کو حاصل کرنے کے لیے ہمیں ان افراد اور کمپنیوں کو رقم ادا کرنی ہوتی ہے۔عوامی شعبے کا مقصد محض منافع کمانا نہیں ہے۔حکومت ٹیکسوں اور دیگر طریقوں کے ذریعے رقم جٹاتی ہے تاکہ اس کے ذریعے فراہم کی گئی خدمات پر ہونے والے اخراجات کو پورا کیا جاسکے۔

(i) عوامی شعبوں کی مالک کون ہوتی ہے؟

(ii) نجی اور عوامی شعبوں کی ایک ایک مثال دو؟

(iii) نجی شعبے کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

(iv) پیراگراف کو سمجھ کر اپنے لفظوں میں لکھیے۔

# باب – 23


# زر اور قرض

## یاد رکھنے لائق نکات

1۔ اشیاء کے بدلے اشیا کا لین دین ذریعہ مبادلہ کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

2۔ ایک شخص جو فروخت کرنا چاہتا ہے بالک وہی چیز دوسرا خریدنے کی خواہش رکھتا ہے ایک تبادلہ اشیاء (بارٹر نظام) کہلاتا ہے۔

3۔ کرنسی کی ایجاد سے چیزوں کا لین دین میں ذریعہ مبادلہ کے طور پر عمل کرتا ہے۔






قرض سے مراد ایک ایسا معاہدہ ہے جس میں قرض دینے والا (قرض دہندہ) قرض لینے والے کو زر اشیاء یا خدمات اس شرط پر فراہم کرتا ہے کہ وہ مستقبل میں ادائیگی کا وعدہ کرے۔

## قرض جائیداد کی شکل میں:

تہوار کے دوران جوتا بنانے کو سلیم کو ایک مہینے اندر جوتے بنانے کا آرڈر ملتا ہے وقت پر جوتے تیار ہوجائیں اس کے لئے سلیم کو سلائی اور چکانے کے کام میں کچھ مزید کام کرنے والوں کو بڑھانے کی ضرورت ہے اسے کچا مال بھی خریدتا ہے ان اخراجات کو پورا کرنے کے لئے سلیم کو دو ذرائع سے قرض حاصل کرنا ہے پہلا اسے چمڑے کے سپلائر سے اور دوسرے اسے بڑے تاجر سے نقد قرض حاصل کرتا ہے اور وہ مہینے کے آخر میں آڈر تیار کرے اسے دے دیتا ہے اور اچھا منافع حاصل ہوتا ہے اور اس نے جو قرض لیا تھا اسے چکا بھی دیتا ہے۔

## قرض سود کے جال کی شکل میں:

سونپنا ایک چھوٹا کسان ہے وہ موم پھلی کی کھیتی کرنے کے لئے مہاجن سے قرض لیتی ہے اسے امید ہے کہ فصل تیار ہونے پر اسے قرض چکانے میں مدد ملی گی مگر فصل برباد ہونے کی وجہ سے وہ قرض چکانے میں ناکام رہتی ہے اور اس کا قرض اور بڑھ جاتا ہے۔


## شرائط قرض

ہر قرض کے معاہدے میں شرح سود کی صراحت کی جاتی ہے جسے قرض دہندہ کو قرض لینے والے کے ذریعے اصل رقم کی ادائیگی کے ساتھ ادا کرنا پڑتا ہے اسکے علاوہ قرض دینے والا قرض کے مقابلے ضمانت (سیکورٹی) طلب کرسکتا ہے ضمانت ایک اثاثہ ہے جو قرض لینے والی کی ملکیت میں ہوتا ہے جیسے زمین، مکان، گاڑی، مویشی، بینکوں میں جمع۔

## قرض کی شرائط

سود کی شرح　　قرض لینے والا　　ضروری کاغذات　　قرض کے دینے کا طریقہ

**خودامداد گروپ:** حالیہ سالوں میں لوگوں نے غریبوں کو قرض فراہم کرنے کے کچھ نئے نئے طریقوں کو آزمانے کی کوششیں کی ہے خیال یہ ہے کہ دیہی غریبوں خاص طور پر عورتوں کے چھوٹے چھوٹے خودامدادی گروپوں (SHGS) میں منظّم کیا جائے۔




## کثیر اختیاراتی سوالات

1۔ خوداعدادی گروپ میں بچت اور قرض سے متعلق سرگرمیوں کے فیصلے لیے جاتے ہیں۔

(A) بینک کے ذریعے

(B) ممبران کے ذریعے

(C) غیر سرکاری تنظیم کے ذریعے

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

جواب: (B) ممبران کے ذریعے۔

2۔ قرض کے رسمی وسائل میں شامل نہیں ہیں۔

(A) بینک

(B) کوآپریٹوسوسائٹی

(C) آجر

(D) ان میں سے کوئی نہیں

جواب: (B) آجر

3۔ قرض کے غیر رسمی وسائل میں شامل نہیں ہیں۔

(A) کوآپریٹوسوسائٹی

(B) مہاجن

(C) ساہوکار

(D) بڑے دکاندار

جواب: (A) کوآپریٹوسوسائٹی

4۔ کرنسی کون جاری کرتا ہے۔

(A) اسٹیٹ بینک آف انڈیا

(B) یونین بینک

(C) ریزرو بینک آف انڈیا

(D) پنجاب نیشنل بینک

جواب: (C) ریزرو بینک آف انڈیا

5۔ درج ذیل میں سے کون سی کرنسی کی جدید شکل ہے۔

(A) نوٹ

(B) چاندی کے سکّے

(C) سونے کے سکّے

(D) چمڑے کے سکّے

جواب: (A) نوٹ

6۔ ہندوستان میں بینک ان دنوں نقد کے طور پر اپنی جمع کا تقریباً کتنا فیصد حصّہ رکھتا ہے۔

(A) 15 فیصد

(B) 12 فیصد

(C) 18 فیصد

(D) 26 فیصد

جواب: 15 فیصد

7۔ قرض کے رسمی وسائل کے کام کاج کی نگرانی کون کرتا ہے۔

(A) ریزرو بینک آف انڈیا

(B) حکومتِ ہند

(C) وزیراعظم

(D) اسٹیٹ بینک آف انڈیا

جواب: (A) ریزرو بینک آف انڈیا

8۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ(R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): ہندوستان میں کوئی فرد بھی روپیوں میں کی گئی ادائیگی کو قانونی طور پر مسترد نہیں کر سکتا۔

وجہ (A): لہٰذا ذریعہ مبادلہ کے طور پر روپیے کو بڑے پیمانے پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

جواب: (A) دعویٰ(A) اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور(R) دونوں صحیح ہیں لیکن(R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (A)

8۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ(A) اور وجہ(R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ(A): جدید کرنسی ان میں سے اب کسی چیز کا استعمال نہیں کرتی پھر کیوں اسے ذریعے مبادلہ کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔

وجہ(A): اسے ذریعے مبادلہ کے طور پر اس لیے استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ کرنسی ملک کی حکومت کے ذریعے مجاز بنائی گئی ہے۔

جواب: (A) دعویٰ(A) اور وجہ(R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) صحیح وضاحت ہے (A) کی۔

(B) (A) اور(R) دونوں صحیح ہیں لیکن(R) صحیح وضاحت نہیں ہے (A) کی۔

(C) (A) صحیح ہے لیکن (A) غلط ہے۔

(D) (A) غلط ہے لیکن (A) صحیح ہے۔

جواب: (A)

10۔ شرح سود زمانت اور مطلوبہ دستاویز اور قرض ادا کرنے کے طریقے کو مجموعی طور پر کیا کہتے ہیں۔

(A) قرض کی شرائط (Terms of credit)

(B) سود کی ادائیگی

(C) قرض کی مدت

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

جواب:(A) قرض کی شرائط

11۔ جمع کرنے کی شرطوں میں کیا شامل ہے۔

(A) شرح سود

(B) مطلوبہ دستاویز

(C) قرض ادا کرنے کا طریقہ

(D) اوپر دیے گئے سبھی

جواب: (D) اوپر دیے گئے سبھی

12۔ درج ذیل میں سے کون سی ملکیت کی مثال ہے۔

(A) مویشی

(B) زمین

(C) بینکوں میں جمع

(D) اوپر دیے گئے سبھی

جواب: (D) اوپر دیے گئے سبھی۔

13۔ درج ذیل میں سے کس پالیسی میں زر کے استعمال کے بغیر لین دین کیا جاتا ہے۔

(A) بینکنگ سسٹم

(B) ملکیت پالیسی

(C) بارٹر سسٹم (تبادلہ اشیاء)

(D) رسمی حلقہ۔

جواب (C) (بارٹر سسٹم (تبادلہ اشیاء)

14۔ بین الاقوامی سطح پر لین دین کے لیے کون سی کرنسی استعمال کی جاتی ہے۔

(A) امریکی ڈالر

(B) سنگاپوری ڈالر

(C) روپیہ

(D) ٹکا

جواب: (A) امریکی ڈالر

15۔ بنگلہ دیش میں گرامین بینک کا قیام کس نے کیا۔

(A) وسیم اکرم

(B) شعیب محمد

(C) محمد یونس

(D) شاہد آفریدی

جواب: (C) محمد یونس

## مختصر /طویل جواب والے سوالات (3/5 نمبر)

1۔ ریزرو بینک آف انڈیا کیا کام انجام دیتا ہے؟

2۔ قرض دہندہ کیا ہے؟ مثالیں سے واضح کیجیے۔

3۔ قرض کے رسمی اور غیر رسمی سیکٹر کی خصوصیات بتائیے۔

4۔ کیا وجہ ہے کہ بینک بعض قرض خواہوں کو قرض دینے کے لیے تیار نہیں ہوتے؟

5۔ چیزوں کے لین دین کے ذرائع کی تین حدود بتائیے۔

6۔ کیا سلیم اور سوپنا کے لیے لون ایک ایک سے حالات پیدا کرتا ہے؟ بتائیے۔

7۔ قرض جال کب ابھرتا ہے؟ مثال دے کر سمجھائیے۔

8۔ لون کی شرط کسے کہا جاتا ہے؟ یہ کس طرح الگ ہوتی ہیں؟

9۔ غریبوں کے لیے خود امدادی گروپ کی تنظیم کے پس پشت بنیادی نظریہ کیا ہے؟

10۔ ہمیں ہندوستان میں قرض کے رسمی وسائل کو بڑھانے کی ضرورت کیوں ہے؟

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ — حکومت کی طرف سے کرنسی جاری کرتا ہے
— بینک اپنی جمع کا کتنا حصہ نقد رکھے گا
— سود کی شرح اور لون کی شرائط پر بھی نگرانی کرتا ہے
— بینک صرف منافع کمانے والے اداروں اور تاجروں کو ہی قرض نہ دے رہے ہوں بلکہ چھوٹے کاشتکاروں، چھوٹے پیمانے کی صنعتوں اور چھوٹے قرض داروں کو بھی قرض دے رہے ہوں، یہ بھی نگرانی کرتا ہے۔

2۔ — قرض دہندہ کو قرض دینے والے کے ذریعے اصل رقم کی ادائیگی کے ساتھ ادا کرنا پڑتا ہے
— قرض دینے والا قرض کے مقابلے ضمانت (سیکوریٹی) طلب کرسکتا ہے
— ضمانت ایک اثاثہ ہے جو قرض لینے والے کی ملکیت میں ہوتا (جیسے زمین، عمارت، گاڑی، مویشی، بینکوں میں جمع)
— ان اثاثوں کو قرض دہندہ جب تک قرض کی بے باقی نہ ہوجائے ضمانت کے طور پر استعمال کرتا ہے

3۔

| قرض کا رسمی سیکٹر | قرض کا غیر رسمی سیکٹر |
| --- | --- |
| — بینک، کوآپریٹیو سوسائٹی | — مہاجن، تاجر، آجر، دوست، رشتہ دار |
| — سود کی شرح کم | — سود کی شرح زیادہ |
| — اس میں قرض خواہ کا استحصال نہیں ہوتا | — اس میں قرض خواہ کا استحصال ہوتا ہے |
| — قرض کے جال میں نہیں پھنستا ہے | — قرض کے جال میں پھنس سکتا ہے |

4۔ — ہندوستان کے سبھی دیہی علاقوں میں بینک کا نہ ہونا
— بینک سے قرض لینا ساہوکار (مہاجن) سے قرض لینے کے مقابلے زیادہ مشکل ہے
— بینک سے قرض لیتے وقت جائیداد اور دیگر کئی دستاویزوں کی ضرورت پڑتی ہے
— غریب کنبوں کو بینک قرض نہیں دیتے

— گاؤں والے لون کی شرائط کو پوری نہیں کر پاتے

5۔ — اشیا کا مبادلہ اسی وقت ممکن ہے جب ضروریات کی دوہری مطابقت پائی جائے۔

— اشیا کے مبادلہ کے نظام کے تحت دولت یا قیمت کی ذخیرہ اندوزی مشکل ہے۔

— کچھ اشیا نا قابل تقسیم ہوتی ہیں لہٰذا کچھ ضروریات کی تکمیل نہیں ہو پاتی۔

— اشیا کی ذخیرہ اندوزی لمبے عرصے کے لیے نہیں کی جا سکتی۔

6۔ — اسلم کے لیے قرض مثبت رول ادا کرتا ہے۔

— اس قرض سے اس نے منافع کمایا اور اپنا لون بھی چکایا

— سوپنا کے لیے قرض منفی رول ادا کرتا ہے

— کیونکہ لون ادا نہیں کر پائی اور اس کو گھاٹا ہوا

— اور وہ قرض میں ڈوب گئی لہٰذا بینک کا قرض ادا کرنے کے لیے اسے اپنی زمین کا ایک ٹکڑا بیچنا پڑا

7۔ — غیر رسمی ذرائع سے قرض لینے پر زیادہ سود ادا کرنا پڑتا ہے

— رسمی ذرائع سے قرض لینے والے کو غیر رسمی ذرائع سے قرض لینے ولے کے مقابلے زیادہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

— غیر رسمی ذرائع قرض خواہ سے بہت زیادہ سود لیتے ہیں نتیجتاً قرض بہت مہنگا ثابت ہوتا ہے اور اس کی معاشی حالت بدتر سے بدتر ہوتی چلی جاتی ہے۔

8۔ لون لینے کے لیے شرح سود کی شرط ضروری کاغذات اور گارنٹر کون بنے گا اور لون دا کرنے کے طریقے کیا ہوں گے، آپ کے پاس سیکوریٹی کیا ہوگی بینک میں رکھنے کے لیے۔ بینک کی لون کی شرطیں مختلف گروپ کے لیے الگ الگ ہو سکتی ہیں۔

9۔ — دیہی علاقوں کے غریبوں کو منظّم کرتے ہیں۔

— ممبران کے درمیان اپنے روزگار قائم کرنے کے مواقع فراہم کراتے ہیں۔

— عورتوں کو معاشی طور پر مضبوط بناتے ہیں۔

— قرض داروں کو قرض کے بوجھ سے نجات دلانے کے لیے قائم کیے جاتے ہیں۔

10۔ — غیر رسمی ذرائع سے قرض لینے پر زیادہ سود ادا کرنا پڑتا ہے

— رسمی ذرائع سے قرض لینے والے کو غیر رسمی ذرائع سے قرض لینے ولے کے مقابلے زیادہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

— غیر رسمی ذرائع قرض خواہ سے بہت زیادہ سود لیتے ہیں نتیجتاً قرض بہت مہنگا ثابت ہوتا ہے

— غریب اوران پڑھ لوگ آسانی سے قرض کے جال میں پھنس جاتے ہیں۔

## مشقی سولات:

1۔ ایسی کیا وجہ ہے کہ گاؤں کے علاقوں میں بینکوں کی تعداد زیادہ ہونی چاہئے۔ وضاحت کیجئے؟

2۔ بینک اور کوآپریٹو سوسائٹیوں کو اپنے قرض دینے کی سرگرمیوں کو گاؤں کے علاقوں میں بڑھانے کی زیادہ ضرورت؟ کہیں تین نکات کو بتایئے۔

3۔ زیادہ ترقی کرنے کے لئے قرض کے رسمی حلقے کی اہمیت بیان کیجئے؟

4۔ قرض کے غیر رسمی حلقے سے قرض دار پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں بتایئے۔

5۔ ہندوستان کی زیادہ تر آبادی آج بھی قرض کے غیر رسمی حلقے پر کیوں منحصر ہے۔

## Source Based Questions

1۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

منافع کمانے والے اداروں اور تاجروں کو ہی قرض نہ دے رہے ہوں بلکہ چھوٹے کاشتکاروں، چھوٹے پیمانے کی صنعتوں، چھوٹے قرض داروں وغیرہ کو بی قرض دے رہے ہوں۔ وقتاً فوقتاً بینکوں کو ریزرو بینک آف انڈیا کو معلومات بھی پیش کرنی ہوتی ہے کہ کتنا قرض وہ کس کو دے رہے ہیں اور کس شرح سود پر وغیرہ وغیرہ۔

ایسی کوئی تنظیم نہیں ہے جو غیر رسمی سیکٹر میں قرض دینے والوں کی قرض سے متعلق سرگرمیوں کی نگرانی کرے۔ ریزروبینک آف انڈیا قرض کے رسمی وسائل کے کام کاج کی نگرانی کرتا ہے۔ مثال کے لیے ہم نے دیکھا کہ بینک اپنی جمع کا ایک کم سے کم نقد حصہ برقرار رکھتے ہیں۔

(i) R.B.I.__________ کوقرض دیتی ہے۔

(ii) کون سی تنظیم ہندوستان میں قرض کے رسمی حلقے کی نگرانی کرتی ہے؟

(iii) بینک اپنی جمع کا کتنا حصہ اپنے پاس رکھتے ہیں؟

2۔ درج ذیل پیراگراف کا بغور مطالعہ کیجیے اور دیے گئے سوالوں کے جواب دیجیے:

بچت اور قرض کی سرگرمیوں سے متعلق نہایت اہم فیصلے گروپ ممبران کے ذریعے لیے جاتے ہیں۔ گروپ منظور کیے جانے والے قرضوں، اس کے مقصد، لگائے جانے والے سود، قرض کو چکانے کے شیڈول کے بارے میں فیصلہ لیتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ گروپ ہی ہے جو قرض چکانے کے لیے ذمے دار ہے۔ کسی بھی ممبر کے ذریعے قرض کے نہ ادا ہونے کے معاملے میں گروپ کے دیگر ممبران کے ذریعے سنجیدگی کے ساتھ تفتیش اور کارروائی کی جاتی ہے۔ اس خصوصیت کے سبب بینک خود امدادی گروپوں میں منظّم ہونے، غریب عورتوں کو قرض دینے کے خواہ مند ہوتے ہیں حتیٰ کہ وہ اس حیثیت سے ضمانت بھی نہیں چاہتے۔

اس طرح خودامدادی گروپ قرض لینے والوں کے پاس ضمانیت نہ ہونے کے سبب پیدا مسائل پر قابو پانے میں مددگار ہوتے ہیں۔ وہ مختلف مقاصد کے لیے وقت پر قرض معقول شرح سود پر حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید برآں خود امدادی گروپ دیہی غریبوں کی تنظیم کو تقویت دیتا ہے۔ نہ صرف یہ عورتوں کو مالی طور پر خودکفیل بنانے میں مدد کرتا ہے بلکہ گروپ کی باقاعدہ میٹنگ کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے جہاں وہ صحت، تغذیہ، گھریلو تشدد وغیرہ جیسے مختلف سماجی امور پر مباحثہ کیا جاسکتا ہے۔

(i) خودامدادی گروپ کے بارے میں بتائیے۔

(ii) خودامدادی گروپ بینک سے قرض لینے کے قابل کب ہوتے ہیں؟

(iii) خودامدادی گروپ قرض لے کر کیا کرتے ہیں اور قرض لینے کا کیا مقصد ہوتا ہے؟

(iii) قرض ادا کرنے کے لیے کون ذمہ دار ہوتا ہے؟

## جوابات:

1۔ (i) چھوٹے کسانوں چھوٹے پیمانے کی صنعتوں اور چھوٹے قرض داروں کو بھی قرض دیتی ہے۔

(ii) ایسی کوئی تنظیم نہیں ہے۔

(iii) 15%

2۔ طلباء خود کریں۔

# باب – 24

# عالم کاری اور ہندوستانی معیشت

## یادرکھنے لائق نکات

چیزوں کا اور سروس کی شروعات ایک ملک سے دوسرے ملک میں

غیرملکی تجارت پر سرمایہ کاری

عالم کاری کیا ہے
ایک ملک کی معیشت کا دنیا کے دیگر ممالک کی معیشتوں کے ساتھ ارتباط

اندرونی پیداوار

کثیرقومی کمپنیوں کا قبضہ

**پہلے**

(i) بیسویں صدی کے وسط تک پیداوار کافی حد تک ملکوں کے اندر ہی منظم تھی

(ii) ان ملکوں کی سرحدوں کے پار خام مال غذا کی اشیاء اور تیار اشیاء کی درآمد و برآمد ہوا کرتی تھی

(iii) ہندوستان جیسی نوآبادیاتی کچے مال اور غذائی اشیاء برآمد کرتی تھیں اور تیار اشیاء درآمد کرتی تھی۔

(iv) دوردراز ملکوں کو جوڑنے والا خاص ذریعہ تجارت تھی۔


**اب**

(i) ملٹی نیشنل کمپنیوں کا آنا

(ii) جو ایک سے زیادہ ملک میں پیداوار کی ملکیت یا کنٹرول رکھتی ہیں

(iii) ملٹی نیشنل کارپوریشن ان خطوں میں پیداوار کے لئے دفاتر اور کارخانے قائم کرتی ہیں جہاں سے مزدور اور دیگر وسائل حاصل ہوتے ہیں۔

(iv) وہ ایسا اس لئے کرتی ہیں تا کہ پیداوار کی لاگت کم ہو اور کمپنی کو زیادہ سے زیادہ منافع حاصل ہو۔




## عالمی تجارتی تنظیم W.T.O

### عالمی تجارتی تنظیم کے مقاصد:

1۔ بین الاقوامی تجارت کو نرم بنانا

2۔ بین الاقوامی تجارت سے متعلق ضوابط بناتا ہے اور یہ دیکھتا ہے کہ ان اصولوں کی تعمیل ہوتی ہے کہ نہیں۔

3۔ ترقی یافتہ ممالک نے ناجائز طور پر تجارتی بندشیں لگا رکھی ہیں تو ان کو روکنا ہے۔

4۔ ترقی پذیر ملکوں پر تجارتی بندشوں کو ختم کرنے پر روک لگاتا ہے۔

### گلوبلائزیشن کے اثرات:

1۔ پیداکار کے درمیان عظیم مسابقت سے صارفین کو فائدہ ہوا ہے ان کے سامنے اشیاء کے لئے بہتر کوالٹی اور کم تر قیمتوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں ان کے سامنے اب پسند ناپسند کا کافی اختیار ہے۔

2۔ نئے نئے روزگار کے مواقع ملے ہیں۔

3۔ کثیر کمپنیوں کو کچا مال فراہم کرنے والی علاقائی کمپنیوں کے حالات سدھر گئے ہیں۔

4۔ مزید برآں گلوبلائزیشن سے کچھ بڑی ہندوستانی کمپنیاں خود ملٹی نیشنل کے طور پر ابھرنے میں کامیاب ہوتی ہیں۔ ٹاٹا موٹرس (آٹو موبائل) (I.T.)

## ممالک کے درمیان باہم مربوط پیداوار

1۔ ملٹی نیشنل کمپنیاں پیداوارعمل کا انتظام وہاں کرتی ہیں جو بازاروں سے قریب ہوتے ہیں جہاں ہنرمند اور غیر ہندمند اور مزدور کم لاگت پر ملتے ہیں۔

2۔ ان کے ذریعے جو رقم خرچ کی گئی ہے اس کو غیر ملکی سرمایہ کاری کہا جاتا ہے۔

3۔ ملٹی نیشنل کمپنیوں کے لئے سرمایہ کاری کا سب سے زیادہ عام طریقہ یہ ہے کہ وہ مقامی کمپنیوں کو خرید لیں یا ان کے ساتھ ملک کر کام کرتی ہیں جیسے پارکوفوڈ میں۔

4۔ درحقیقت بہت سی بڑی کثیر قومی کمپنیوں کے پاس اتنی زیادہ دولت ہے جو ترقی پذیر ملکوں کی حکومتوں کے پورے بجٹ سے کہیں زیادہ ہے۔

5۔ کثیر قومی کمپنیاں چھوٹے چھوٹے پیداکاروں کو پیداوار کے لئے آرڈر پیش کرتی ہیں گارمنٹس (ملبوسات) جوتا وغیرہ کھیل کود کے سامان ان صنعتوں کی مثالیں ہیں۔

## غیر ملکی تجارت کیسے بازاروں کو ایک کرتی ہے:۔

1۔ کثیر قومی کمپنیاں اپنے پیداوار کو وسعت دے رہی ہیں اور پوری دنیا کے مختلف ملکوں میں مقامی پیداکاروں کے ساتھ باہمی تعلقات قائم کر رہی ہیں۔

2۔ مقامی کمپنیوں کی شراکت قائم کرنے سپلائی کے لئے مقامی کمپنیوں کے ساتھ زبردست مقابلہ یا انھیں خریدلینے کے ذریعے کثیر قومی کمپنیاں ان دور دراز کے مقامات پر پیداوار پر زبردست اثر انداز ہوتی ہے۔

رین بیکسی (ادویات) ایشین پنٹس (پینٹ) سڈرم فاسٹرس (لولٹ) (نٹ اور بولٹ) کچھ ایسی کمپنیاں ہیں جو اپنے عمل عالمی پیمانے پر انجام دے رہی ہیں۔

## ایک منصفانہ گلوبلائزیشن کے لئے جدوجہد:

1۔ حکومت اس بات کو یقینی بناسکتی ہے کہ خواتین کی صحت کی ٹھیک طرح سے تعمیل ہو۔ اور ورکرس اپنے حقوق حاصل کرسکیں۔

2۔ وہ چھوٹے پیدا کاروں کی مدد کرسکتی ہے تاکہ وہ اپنی کارکردگی کو زیادہ بہتر بنا سکیں۔

3۔ اگر ضروری ہو تو حکومت کو تجارتی اور سرمایہ کاری سے متعلق بندشوں کا استعمال کرنا چاہئے۔

4۔ منصفانہ اصول وقواعد کے لئے بھی بات کرنی چاہئے۔

5۔ عالمی تجارتی تنظیم ترقی یافتہ ملکوں کے غلبے کے خلاف جدوجہد کے لئے یکساں مفادات والے دیگر ترقی پذیر ممالک کے ساتھ بھی اتحاد کرنا چاہئے۔

## غیر ملکی تجارت کی نرم کاری اور غیر ملکی سرمایہ کاری کی پالیسی:۔

1۔ 1991 کے شروع میں غیر ملکی تجارت اور غیر ملکی سرمایہ کاری پر بندشیں کافی حد تک ہٹا لی گئیں۔

2۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ اشیاء کی درآمد اور برآمد آسانی کے ساتھ کی جاسکتی تھی۔

3۔ غیر ملکی کمپنیاں یہاں فیکٹریاں اور دفاتر بھی قائم کرسکیں گی۔

## یاد رکھنے کے لائق باتیں:

1۔ **کثیر قومی (ملٹی نیشنل کمپنیاں:** وہ کمپنیاں جو ایک سے زیادہ ملکوں میں پیداوار پر کنٹرول رکھتی ہیں۔

2۔ **عالم کاری(گلوبلائزیشن):** ممالک کے درمیان تیز ارتباط یا باہمی جڑاؤ کا عمل۔

3۔ **نرم کاری:** حکومت کے ذریعے تمام بندشوں اور پابندیوں کو ہٹانے کی سرگرمی نرم کاری کہلاتی ہے۔

4۔ **سرمایہ کاری:** وہ رقم جو اثاثوں جیسے زمین، عمارت، مشینوں اور دیگر ساز وسامان کو خریدنے کے لئے خرچ کی جاتی ہے اسے سرمایہ کاری کہا جاتا ہے۔

5۔ **غیر ملکی سرمایہ کاری:** غیر ملکی سرمایہ کاری کثیر قول کمپنیوں کے ذریعے کئے گئے خرچ کو غیر ملکی سرما یہ کاری کہتے ہیں۔

6۔ **آزاد تجارت:** جب دو ملکوں کے بیچ تجارت بغیر کسی شرط اور پابندی کے ہوتی ہے تو اسے آزاد تجارت کہتے ہیں۔

6۔ **نجی کاری:** پبلک سیکٹر کی کمپنیوں کو اپنے پیداواری عمل کے لئے نجی شعبے میں بیچا۔

7۔ **عالمی تجارتی تنظیم :** W.T.O جس کا مقصد بین الاقوامی تجارت کو نرم بنانا ہے۔

8۔ **عالمی بینک :** اپنے ممبران ممالک کو مالی فنڈ مہیّا کراتا ہے۔

9۔ **خصوصی معاشی زون:** Special Economic Zones (SEZ-S) ہندوستان میں سرمایہ کاری کے لئے غیر ملکی کمپنیوں کو راغب کرنے کے لئے خصوصی اقدامات کر رہی ہیں جنھیں (SEZ-S) کیا جاتا ہے۔

## کثیر اختیاراتی سوالات

1۔ دنیا کے ممالک میں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ذریعے سرمایہ کاری کے لیے نہایت عام طریقہ ہے۔

(A) نئی فیکٹریاں قائم کرنا

(B) موجود مقامی کمپنیوں کو خریدنا

(C) مقامی کمپنیوں کے ساتھ شراکت کی تشکیل۔

2۔ گلوبلائزیشن کے سبب زندگی گزارنے کے حالات میں بہتری پیدا ہوتی ہے۔

(A) سبھی لوگوں کی

(B) ترقی یافتہ ممالک کے لوگوں کی

(C) ترقی پذیر ممالک کے ورکرس کی

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

3۔ عالمی تجارتی تنظیم کا قیام عمل میں کب آیا۔

(A) 1995

(B) 1996

(C) 1997

(D) 1998

4۔ ملکوں کو جوڑنے کے ذریعے گلوبلائزیشن کا نتیجہ ہوگا۔

(A) پیدا کاروں کے درمیان کمتر مسابقت۔

(B) پیدا کاروں کے درمیان زیادہ سے زیادہ مسابقت۔

(C) پیدا کروں کے درمیان مسابقت میں کوئی تبدیلی نہیں۔

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

5۔ ہندوستانی حکومت نے 1991 میں تجارت کے اصولوں میں نرمی پیدا کیوں کی یا لبرلائز کیوں کیا۔

(A) حکومت غیر ملکی زرمبادلہ کو ہندوستان زر کے برابر لانا چاہتی تھی

(B) حکومت مغربی ملکوں کے ساتھ اچھے تعلقات بنائے رکھنا چاہتی تھی۔

(C) حکومت چاہتی تھی کہ ہندوستانی پیدا کار پوری دنیا کے پیدا کاروں کے ساتھ مسابقت کریں۔

(D) حکومت چاہتی تھی کہ سبھی کو سماجی و معاشی انصاف ملے۔

6۔ درج ذیل میں سے کون سا عالمی تجارتی تنظیم کا مقصد نہیں ہے۔

(A) بین الاقوامی تجارت کو نرم بنانا۔

(B) بین الاقوامی تجارت سے متعلق ضوابط بنانا۔

(C) ترقی یافتہ ممالک نے ناجائز طور پر تجارتی بندشیں لگا رکھی ہیں تو ان کو روکنا۔

(D) ترقی پذیر ملکوں پر تجارتی بندشوں کو ختم کرنے روک نہ لگانا

7۔ اس ہندوستانی کمپنی کا نام بتائیں جس نے فورڈ موٹرس کے ساتھ ہندوستانی موٹر گاڑی کی صنعت میں ساجھے داری کی ہے۔

(A) مہندرا اینڈ مہندرا

(B) کارگل فوڈس

(C) I.T. انفوس

(D) ان میں سے کوئی نہیں

8۔ کس ہندوستانی کمپنی کو ایک کثیر قومی کمپنی کارگل فوڈس نے خرید لیا ہے۔

(A) ٹاٹا موٹرس

(B) پرکھ فوڈس

(C) آمول دودھ

(D) ان میں سے کوئی نہیں۔

9۔ درج ذیل میں سے کون سی بڑی ہندوستانی کمپنی گلوبلائزیشن کی وجہ ابھرنے میں کامیابی ہوتی ہے۔

(A) ریلائنس انڈسٹری

(B) ٹاٹا موٹرس

(C) مدرڈیر فارمنگ

(D) ان میں سے کوئی نہیں

10۔ درج ذیل بیانات میں سے کون سا بیان ملٹی نیشنل کمپنیوں کے لیے درست نہیں ہے۔

(A) پیداواری کا عمل کا انتظام وہاں کرتی ہیں جو بازاروں سے قریب ہوتے ہیں.

(B) جہاں ہنرمند اور غیر ہنرمند مزدور کم لاگتوں پر دستیاب ہوتے ہیں۔

(C) سرمایہ کاری کرنے سے منافع کی امید کی جاتی ہے۔

(D) یہ کمپنیاں وہاں لگاتی ہیں جہاں کچا مال دستیاب نہیں ہوتا۔

11۔ حکومت کے ذریعے رکاوٹوں کو ہٹانے کی سرگرمی کو کہتے ہیں۔

(A) لبرلائزیشن (نرم کاری)

(B) گلوبلائزیشن

(C) سپروائزیشن

(D) ان میں سے کوئی نہیں

12۔ عالم کاری نے درج ذیل کے لئے چیلنجز کھڑا کر دیا ہے۔

(a) بڑے پیداوار (b) چھوٹے پیداوار

(c) گاؤں کے غریب لوگ (d) ان میں سے کوئی نہیں

13۔ درج ذیل میں سے کون سا تجارت میں رکاوٹ کی مثال ہے۔

(a) غیرملکی سرمایہ کاری (b) سامان میں دہری یا نقصان

(c) برآمد پر ٹیکس (d) ان میں سے کوئی نہیں

14۔ کثیر قومی کمپنیوں کے خاص ____________ بیان کیجئے۔ (منافع حاصل کرنا)

15۔ صحیح غلط بتائیے:

عالمی تجارتی تنظیم (.W.T.O) ایک ایسی تنظیم ہے جس کا مقصد بین الاقوامی تجارت کو نرم بنانا ہے۔ ( )

16۔ حکومت کے ذریعے بندشوں یا پابندیوں کو ہٹانے کو نرم کاری نہیں کہا جاتا ہے۔ ( )

17۔ صحیح جوڑوں کا ملان کیجیے:

(i) ملٹی نیشنل کمپنیاں چھوٹے پیداکاروں سے زیادہ سستی شرح پر خریداری کرتی ہے — تجارتی بندش

(ii) برآمدات پر کوٹا اور ٹیکسوں کا استعمال باقاعدہ تجارت کے لئے کیا جا سکتا ہے — کپڑا جوتے اور کھیل کود کے سامان

18۔ نیچے دیے گئے سوال میں دو بیانات دعویٰ (A) اور وجہ (R) دیے گئے ہیں انھیں پڑھیے اور صحیح جواب منتخب کیجئے۔

دعویٰ (A): عالمی تجارت تنظیم (.W.T.O) کے ذریعے عملاً اب سبھی کے لیے آزاد تجارت کی گنجائش ہوتی ہے۔

وجہ (R): اس تنظیم کا مقصد بین الاقوامی تجارت کو نرم بنانا ہے۔

(i) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں اور (R) وجہ کی صحیح ترجمانی کرتا ہے۔

(ii) دعویٰ (A) اور وجہ (R) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) وجہ کی صحیح ترجمانی نہیں کرتا۔

(iii) دعویٰ (A) صحیح ہے اور وجہ (R) غلط ہے۔

(iv) دعویٰ (A) غلط ہے اور (R) وجہ صحیح ہے۔

## جوابات

1۔ (C)

2۔ (A)

3۔ (A)

4۔ (B)

5۔ (C)

6۔ (D)

7۔ (A)

8۔ (B)

9۔ (B)

10۔ (D)

11۔ (A)

12۔ (B)

13۔ (C)

14۔ منافع حاصل کرنا

## مختصر/طویل جواب والے سوالات(3/5نمبر)

1۔ کثیر قومی کمپنیاں کس طرح پیداوار پر کنٹرول قائم کرتی ہیں؟ کوئی تین نکات پیش کیجیے۔

2۔ کن وجوہات کی بنا پر ہندوستان میں معاشی اصلاحات کی ضرورت کو محسوس کیا گیا؟

3۔ عالم کاری کو تحریک دینے میں ٹیکنالوجی کا رول بیان کیجیے۔

4۔ عالم کاری کی وجہ سے مقابلہ آرائی کے برے اثرات کا تذکرہ کیجیے۔

5۔ عالم کاری کو مجاز بنانے میں حکومت کا کردار بیان کیجیے۔

6۔ عالم کاری کا لوگوں کی زندگی پر کیا اثر پڑا؟

7۔ حکومت ہند نے آزادی کے بعد غیر ملکی تجارت اور غیر ملکی زر مبادلہ پر بندشیں کیوں عائد کیں؟

8۔ نرم کاری اور عالم کاری کی پالیسی کو اپنانے کے نتیجے میں ہندوستان میں کون کون سی اہم تبدیلیاں رونما ہوئیں؟

9۔ عالمی تجارتی تنظیم (WTO) کا مطلب بتائیے۔اس کے دو نقصانات بیان کیجیے۔

10۔ غیر ملکی تجارت اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے درمیان فرق کیجیے۔

11۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لیے کیا کیا اقدام کیے گئے ہیں؟

## 3/5 نمبر والے سوالوں کے جوابات

1۔ **پیداوار پر کنٹرول قائم کرنے کے طریقے:**

— جوائنٹ انڈر ٹیکنگ کا طریقہ

— مقامی کمپنیوں کو خرید لینا

— چھوٹے پیدا کاروں سے مال خریدنا

2۔ — مالیاتی خسارہ میں اضافہ

— توازن ادائیگی میں اضافہ
— خلیجی بحران
— غیرملکی زرمبادلہ کے ذخیرہ میں کمی
— قیمتوں میں اضافہ
— پبلک سیکٹر میں تسلی بخش کام کا نہ ہونا

3۔ — نقل وحمل کے ذرائع میں ہونے والی اصلاحات کی بدولت اشیا کو کم لاگت پر دور دراز کے مقامات تک بھیجنا آسان ہوگیا
— انفارمیشن ٹیکنالوجی میں سدھار کی وجہ سے دنیا کے تمام ممالک آپس میں جڑ کر فوراً اطلاعات کا لین دین کر لیتے ہیں
